
# فرہنگِ
# دیوانِ نصیری




حسن جسانی

کریمہ جسانی

# فرہنگِ
# دیوانِ نصیری

# Glossary

*for*

# DIWAN-I NASIRI

# آغازِ کتاب

دیوانِ نصیری (اردو) کے تمام حصّوں کی فرہنگ بنانے کی تجویز سال ۲۰۱۰ کے آغاز میں پیش کی گئی تھی۔ اس کے حصّۂ اوّل کی فرہنگ پہلے سے چھپ گئی تھی، اُسی کی بنیاد پر باقی حصّوں کا کام شروع ہوگیا۔ ۲۰۱۰ کے آخر تک استادِ بزرگوار کی ۲۰۰۹ تک تحریر کردہ نظموں کا کام مکمل ہوا۔اس کے بعد یہ کام بعض وجوہات سے رُک گیا۔

علاّمہ بزرگوار کے جشنِ صدسالہ (Centennial-year-celebration) کے موقع پر ڈاکٹر بحرُ العلوم فقیر محمّد ہونزائی صاحب اور تاجدارِ جنّت رشیدہ صاحبہ کے مشورے پر پھر سے اس کام کا آغاز ہوا۔ اب ڈاکٹر بحرُ العلوم فقیر محمّد ہونزائی صاحب کے مشورے پر علامات واشارات کے اضافے کے ساتھ دیوان کے بارہ حصّوں کی یہ فرہنگ مکمل ہوچکی ہے۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی مَنِّهِ وَ اِحْسَانِهِ**

نوٹ: تین ہزار کے قریب الفاظ پر مبنی اس فرہنگ میں صرف لغوی معنی درج ہیں۔اصطلاحی اور تاویلی معنوں کے لئے استادِ عالیقدر کی کتابوں کی طرف رجوع کیا جائے۔

فرہنگِ دیوانِ نصیری (اردو) کی تالیف میں مندرجہ ذیل لغات سے مدد لی گئی ہے:

*** علمی اُردو لُغت (**مُتوّسط**) وارِث سَرہندی (علمی کتاب خانہ، کبیر سٹریٹ، اردو بازار، لاہور)

*** فیروزُ اللُّغات اُردو (**جامع**) مولوی فیروز الدّین (فیروز سنز لمیٹیڈ، لاہور، راولپنڈی، کراچی)

*** فیروزُ اللُّغات فارسی۔اُردو مقبول بیگ بدخشانی (فیروز سنز لمیٹیڈ، لاہور، راولپنڈی، کراچی)

*** فرہنگِ آصفیہ مولوی سیّد احمد دہلوی (اردو سائنس بورڈ، ۲۹۹-اپر مال، لاہور)

## خصوصی شکرگزاری


*** ڈاکٹر بحرُ العلوم فقیر محمّد ہونزائی صاحب اور تاجدارِ جنّت رشیدہ صاحبہ کا کہ جنہوں نے ہر مرحلے میں ہمیں قیمتی مشوروں سے نوازا۔

*** حسینہ امین صاحبہ، سلمہ جمعہ صاحبہ، عبدالعزیز چنڈوانی صاحب اور فاطمہ ورتیجی صاحبہ کا کہ جنہوں نے اس فرہنگ کے حصۂ اوّل جو کہ ۲۰۱۰ میں مکمل ہوا تھا اس میں ہماری بھرپور مدد فرمائی۔

*** اسکالر عظیم علی لاکھانی کا کہ جنہوں نے اس فرہنگ کی دوبارہ سے چیکینگ کر کہ اس کام کو مزید بہتر اور درست بنانے میں ہماری بھرپور مدد فرمائی۔

*** گوہرِ نورانی کریمہ جمعہ صاحبہ اور گوہر افشاں شہناز سلیم ہنزائی صاحبہ کا کہ جنہوں نے اس کارِ خیر میں ہر وقت ہماری حوصلہ افزائی فرمائی۔


ان تمام کی مدد سے یہ فرہنگِ دیوانِ نصیری مکمل ہوچکی ہے۔ حضرتِ ربّ العزت سب کو اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آخر میں دوستانِ محترم اوران حضرات سے جو اس فرہنگ کو استعمال کریں گے، گزارش کی جاتی ہے کہ اگر ان کی نظر سے کوئی غلطی یا خامی نظر آئے تو براہِ کرم اسکی اطلاع دی جائے تاکہ آیندہ ایڈیشن میں اس کی تصیح کی جائے۔

حسن جسانی اور کریمہ جسانی

# علامات و اِشارات

اِس فرہنگ میں الفاظ کے مآخذ اور صرفی حیثیّت کی توضیح و وضاحت کے لئے حسبِ ذیل اشارات وعلامات استعمال کی گئی ہیں

| | |
|---|---|
| اردو | اُر |
| عربی | ع |
| فارسی | ف |
| ہندی | ہ |
| برشسکی | برش |
| سنسکرت | س |
| تُرکی | ت |
| انگریزی | انگ |
| قدیم | ق |
| اِسم | ا |
| صفت | صف |
| ضمیر | ض |
| مصدر | مص |
| مذکر | مذ |
| موّنث | مث |
| دیگر اشارات، مصدر (مذکر و موّنث) مآخذ وغیرہ کے لیے | ( ) |
| وقفۂ خفیف | ، |
| وقفۂ کامل | ۔ |

Select an alphabet to reach the destination page.
Select same alphabet on destination page to return to this page.

آ ا ب پ ت

ث ج چ ح خ

د ڈ ذ ر ز

س ش ص ض ط

ظ ع غ ف ق

ک گ ل م ن

و ہ ھ ی ے

## آ

| | |
|---|---|
| آب | (ف۔ا۔مذ) پانی |
| آباد باش | آباد رہو |
| آبا و اَجداد | آبا = اَب کی جمع، اَجداد = جَدّ کی جمع<br>اَب = باپ، جَدّ = دادا |
| آباء | (ع۔ا۔مذ) اَب کی جمع، اَب = باپ |
| آبِ بَقَا | (ف۔ا۔مذ) آبِ حیات |
| آبِ حَیَات | (فع۔مذ) حیات بخش پانی |
| آبِ زُلال | (فع۔ا۔مذ) صاف پانی |
| آبشار / آبُ شار | (ف۔ا۔مذ) جھرنا، اُونچی جگہ سے گرنے والا قدرتی پانی |
| آبِ شِفا | شِفا بخشنے والا پانی |
| آبِ طَہُور | پاک وصاف پانی |
| آبِ کوثر | (فع۔مذ) حوضِ کوثر کا پانی |
| آب و گِل | (ف۔مذ) پانی اور مٹی، گیلی مٹی |
| آبی | (ف۔صف) پانی میں رہنے والا، پانی کا |
| آبیاری | (ف۔مث) پانی دینا، سیرابی |
| آتِش | (ف۔ا۔مث) آگ، نار |
| آثار | (ع۔ا۔مذ) اثر کی جمع، نشانات |
| آخِرُ الاَمر | (ع۔متعلق فعل) آخرکار، انجام کار |
| آداب | (ع۔مذ) ادب کی جمع، تہذیب، سلیقہ، طور طریقے، قوائد، اصول |
| آراستہ | (ف۔صف مفعولی) سجا ہوا، سنگار کیا ہوا |
| آری | (ف) کلمۂ جواب، جی ہاں |

| | |
|---|---|
| آزاد باش | آزاد رہو |
| آزمائش | (ف۔ا۔مث) امتحان، تجربہ، جانچ |
| آزمُودہ | (ف۔صف مفعولی) آزمایا ہوا، تجربہ شدہ |
| آستان | (ف۔ا۔مث) چوکھٹ، دروازہ، درگاہ |
| آشیان | (ف۔ا۔مذ) گھونسلہ، نشیمن، مکان |
| آفاق | (ع۔ا۔مذ) اُفق کی جمع، آسمان کے کنارے، دنیا جہان |
| آفتاب | (ف۔ا۔مذ) سورج |
| آفرین | (ف۔ا۔مث) کلمۂ تحسین، شاباش، واہ واہ، مرحبا، کیا کہنا، سبحان اللہ |
| آقا | (ف۔ا۔مذ) مالک، خداوند، حاکم |
| آگاہ | (ف۔صف) خبردار، واقف |
| آلُ | (ع۔ا۔مث) اولاد، نسل، بیٹا بیٹی |
| آلِ عبا | وہ حضرات جن پر رسولؐ نے اپنا عبا ڈال کر فرمایا کہ یہ میرے اہلِ بیت ہیں، مراد پنجتنِ پاکؑ |
| آمادہ | (ف۔صف) رضامند، تیار، راضی |
| آموز | (ف۔صف) سکھانے والا، سیکھنے والا |
| آمیز | (ف۔صف) ملنے والا، ملانے والا |
| آن | (ف) اسمِ اشارہ، وہ |
| آنجا | (ف) اس جگہ |
| آنگَن | (ھ۔ا۔مذ) گھر کے اندر کا صحن |
| آوازِ ساز | موسیقی کی آواز |
| آئینۂ ایزدنما | خدا کو دکھانے والا آئینہ |

| | |
|---|---|
| آئینۂ قائمؑ | حضرتِ قائمؑ کا آئینہ |
| آئینۂ ممکن نما | ممکن چیزوں کو دکھانیوالا آئینہ |
| آہن گر | (ف۔ا۔فاعل) لوہار، لوہے کا کام کرنیوالا |
| آھُو | (ف۔ا۔مذ) ہرن |
| آھُو چشم | (ف۔ا۔صف) ہرن جیسی آنکھ والا، خوبصورت آنکھوں والا، معشوق |
| آہ و نالہ | (ف) آہ= کلمۂ افسوس، نالہ=فریاد |
| آیات | (ع۔ا۔مث) آیت کی جمع، نشانیاں |
| آید | (ف) آنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ مثال: می آید = وہ آتا ہے |

## ا

| | |
|---|---|
| اَبَد | (ع۔ا۔مث) وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو، ہمیشہ، ہمیشگی، غیر متناہی مدت |
| اِبداع | (ع۔ا۔مذ) تخلیق، ایجاد |
| اَبَدی | (ع۔صف) دائمی، غیر فانی، سرمدی |
| اَبر | (ف۔ا۔مذ) بادل، گھٹا، بدلی |
| اَبرِ دُرّبار | موتی برسانے والا بادل |
| اَبرِ گوھر ریز | موتی برسانے والا بادل |
| اَبرِ گوھر نِثار | موتی نچھاور کرنے والا بادل |
| ابرِ گُہر بار | (ف۔مذ) موتی برسانے والا بادل |
| اَبرُو | (ف۔ا۔مث) آنکھوں کے اوپر والے ہلالی شکل کے بال، بھَوں |
| اَبکار | (ع۔ا۔مث) باکرہ کی جمع، کنواری لڑکیاں |
| ابنِ علیؑ | علیؑ کا بیٹا |
| اِبنِ مَریَم | (ع۔مذ) مریمؑ کا بیٹا، حضرت عیسیٰؑ |
| اَبوَاب | (ع۔ا۔مذ) باب کی جمع، دروازے، کتاب کے حصّے |
| اتش | اَتش = آتش (آگ) |
| اِتّفاق | (ع۔ا۔مذ) ۱) یک دلی، ہم خیالی ۲) اچانک، دفعتاً، یکا یک |
| اَتقیا | (ع۔ا۔مذ) تقی کی جمع، پرہیزگار لوگ |
| اَثمار | (ع۔ا۔مذ) ثمر کی جمع، پھل، میوے |
| اِجتِماَع | (ع۔ا۔مذ) مجلس، مجمع، ہجوم، بھیڑ |
| اِجتِماَئی | (ع۔صف) مجموعی طور پر |
| اجداد | (ع۔ا۔مذ) جَدّ کی جمع، جَدّ = دادا |
| اِجراء | (ع۔ا۔مذ) نشر و اشاعت، نفاذ، آغاز، افتتاح، جاری ہونا |
| اَجسام | (ع۔ا۔مذ) جسم کی جمع، تن، مادی یا عُنصری اَبدان |
| اَجمَل | (ع۔صف) خوبصورت ترین، بہت حسین و جمیل |
| اِحاطَہ | (ع۔ا۔مذ) گھیرا، چاردیواری، حلقہ |
| اَحبَاب | (ع۔ا۔مذ) حبیب کی جمع، دوست، عزیز، پیارے |
| اِحتراز | (ع۔ا۔مذ) پرہیز، کنارہ کشی، علیحدگی |
| اِحتِرام | (ع۔ا۔مذ) عزت، حرمت، ادب |
| اَحَد | (ع۔صف) ۱) ایک، اکیلا، یگانہ، یکتا، لاشریک، بے مثال، عددِ واحد، |

| | |
|---|---|
| | ۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام |
| اَحرار | (ع۔ا۔مذ) حُر کی جمع، آزاد لوگ |
| اِحْسَان | (ع۔ا۔مذ) نیکی، مہربانی، اچھا سلوک |
| اَحْسَن | (ع۔صف) بہترین، بہت حسین، سب سے اچھا، نہایت عمدہ |
| اَحْسَنَت | (عف۔ا۔مث) شاباش، مرحبا، آفرین، واہ واہ، بہت خوب |
| اَحْفَاد | (ع۔ا۔مذ) حافِد کی جمع، پوتے، نواسے |
| اَحْقَر | (ع۔صف) نہایت حقیر، چھوٹا |
| اَحْکَم | (ع۔صف) سب سے بڑا حکمران |
| اَحْمَد | (ع۔صف) بہت زیادہ حمد وثنا کرنے والا، آنحضرتؐ کا اسمِ مبارک |
| اَحْمَر | (ع۔صف) سُرخ، لال رنگ کا |
| اَحْوال | (ع۔ا۔مذ) حال کی جمع، کیفیات، حالات |
| اَحْیَا | (ع۔ا۔مذ) حیّ کی جمع، زندہ لوگ |
| اَخْتَر | (ف۔ا۔مذ) ستارہ، تارا |
| اِخْتِلاف | (ع۔ا۔مذ) خلاف ہونا، فرق، تضاد |
| اِخْتِیار | (ع۔ا۔مذ) چھانٹنا، قبول، قابو، حق |
| اَخْلاقِ حسنه | عمدہ عادتیں |
| اَدَب | (ع۔ا۔مذ) تہذیب، تمیز، احترام، زبان کا سرمایہ (لٹریچر) |
| اِدْرَاک | (ع۔ا۔مذ) عقل، فہم، سمجھ، شعور |
| اَدْنیٰ | (ع۔صف) اعلیٰ کی ضِد، کم رُتبہ، چھوٹے درجہ کا، تھوڑا، مفلس |

| | |
|---|---|
| اَذکار | (ع۔ا۔مذ) ذکر کی جمع، وِرد، وظیفے |
| اِرادہ | (ع۔مذ) عزم، منصوبہ، خواہش |
| اَرَب | (ہ۔صف) سو کروڑ |
| اَرْجمند | (ف۔صف) عالی رتبہ، ذی شان |
| ارحَمُ الرّاحمین | (ع۔صف) مہربانوں میں سے سب سے بڑا مہربان، مراد اللہ تعالیٰ |
| اَرْذَل | (ع۔صف) بہت ذلیل، نہایت کمینہ |
| اَرْسَلان | (ت۔ا۔مذ) شیر |
| اَرْض | (ع۔ا۔مث) زمین |
| اَرفَع | (ع۔صف) نہایت بلند، عالی مرتبہ |
| اَرکان | (ع۔ا۔مذ) رُکن کی جمع، ستون |
| اِرَم | (ع۔ا۔مذ) جنت، بہشت |
| اَرمان | (ف۔ا۔مذ) خواہش، آرزو، حسرت |
| ارمُغان | (ف۔ا۔مذ) ہدیہ، تحفہ، سوغات |
| اَرْوَاح | (ع۔ا۔مث) روح کی جمع، جانیں |
| اَز / اذ | (ف۔حرفِ جار) سے، ساتھ، کا |
| اَزان بعد | (فع۔متعلق فعل) اُس کے بعد |
| ازان رُو | اس وجہ سے |
| ازانم | (میں) اُس سے ہوں |
| اَزبَس | (ف۔صف) بہت زیادہ، نہایت |
| اَزحَد | (فع۔متعلق فعل) نہایت، بہت زیادہ |
| اَزسرِنَو | (ف۔متعلق فعل) نئے سرے سے، دوبارہ، پھر سے |
| اَزَل | (ع۔ا۔مث) وہ زمانہ جس کی کوئی |

| | |
|---|---|
| | ابتدا نہ ہو، شروع، آغاز، مبدا |
| اَساس | (ع۔ا۔مث) بنیاد، جڑ |
| اَسبَاب | (ع۔ا۔مذ) سبب کی جمع، وجوہ، وسیلے |
| اَسپ | (ف۔ا۔مذ) گھوڑا |
| اَسپِ تازی | عربی گھوڑا |
| اَست | (ف) ہے |
| اِستمداد | (ع۔ا۔مث) مدد طلب کرنا |
| اُستُوَار | (ف۔صف) مضبوط، پائدار، مستحکم |
| اَسرَار | (ع۔ا۔مذ) سِرّ کی جمع، بھید، راز |
| اَسرارِ نہانی | پوشیدہ راز |
| اِسرَافیل | (ع۔ا۔مذ) قیامت کے روز صور پھونکنے والا فرشتہ |
| اِسم | (ع۔ا۔مذ) نام، وہ کلمہ جس سے کسی شخص، جانور، جگہ یا چیز کو پہچانا جائے |
| اِسمِ اَعظَم | (ع۔مذ) خداوند تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک بزرگ تر نام |
| اِسمِ خدا | خدا کا نام |
| اَسمَا | (ع۔ا۔مذ) اسم کی جمع، بہت سے نام |
| اَسمائے حُسنیٰ | (ع۔صف) اچھے نام، اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام |
| اَسمَائے عِظَام | خداوند تعالیٰ کے بزرگ نام، عظام = عظیم کی جمع یعنی بزرگ |
| اِسمِ بامُسمّیٰ | (ع۔مذ) جیسا نام ویسے گُن |
| اَسِیر | (ع۔ا۔مذ) قیدی، پابند |
| اَسیری | (ع۔مث) گرفتاری، قیدوبند |
| اِشارَت | (ع۔ا۔مث) رمز، اشارہ |
| اِشتِعَال | (ع۔ا۔مذ) اُبھارنا، بھڑکانا، جوش |
| اِشتِیَاق | (ع۔ا۔مذ) شوق، آرزو، تمنّا |
| اَشجَار | (ع۔ا۔مذ) شجر کی جمع، شجر=درخت |
| اَشرَف | (ع۔صف) نہایت شریف، بزرگ تر |
| اشرف واعلائے خلائق | تمام مخلوقات میں افضل و برتر |
| اشرف واکمل | سب سے زیادہ شریف اور سب سے مکمل |
| اشرفِ خلق | مخلوقات میں سب سے بہترین |
| اَشرفی | (ف۔ا۔مث) سونے کا ایک سکّہ، دینار، مہر |
| اَشک | (ف۔ا۔مذ) آنسو، قطرہ |
| اَشکِ الفت | محبت کے آنسو |
| اَشکبار | (ف۔مذ۔فاعل) آنسو بہانے والا |
| اَشک ریزی | (ف۔مث) آنسو بہانا، رونا |
| اَشک فِشانی | (ف۔مث) آنسو بہانا، رونا |
| اَصحابِ کہف | (ع۔مذ) صاحبانِ غار، غاروالے |
| اَصدَاف | (ع۔مذ) صدف کی جمع |
| اِصطِلاح | (ع۔ا۔مث) وہ لفظ جس کے عام معنی کی بجائے کوئی اور خاص معنی لئے جائیں |
| اَصفِیَاء | (ع۔ا۔مذ) صفی کی جمع، برگزیدہ لوگ، پاک لوگ، چُنے ہوئے لوگ |
| اَصلاً | (ع۔متعلق فعل) بنیادی طور پر |
| اصلِ اوّل | سرچشمۂ اوّل، منبعِ اوّل، قلمِ الٰہی |

| | |
|---|---|
| اَصِیل | (ع۔صف) شریف، اچھی نسل کا |
| اِطاعَت | (ع۔ا۔مث) فرمانبرداری، بندگی |
| اَطْفَال | (ع۔ا۔مذ)طِفل کی جمع، لڑکے، بچّے |
| اَطْوَار | (ع۔ا۔مذ)طور کی جمع،ڈھنگ،طریقے |
| اَطہار | (ع۔ا۔مذ) طاہر کی جمع، پاک لوگ |
| اَطْہَر | (ع۔صف) انتہائی پاک |
| اَظْہَر | (ع۔صف) بہت ظاہر، نمایاں تر، نہایت واضح، خوب روشن |
| اِعْتِراف | (ع۔ا۔مذ)مان لینا، تسلیم کرنا، اِقرار |
| اِعْتِکاف | (ع۔ا۔مذ) عبادت کی غرض سے معینہ مدت کے لئے گوشہ نشین ہونا |
| اِعْجَاز | (ع۔ا۔مذ)معجزہ، کرشمہ، کرامت |
| اعْجُوبَہ | (ع۔ا۔مذ) عجیب شے، انوکھی چیز |
| اعْجُوبَۂ قدرت | قدرت کی نہایت عجیب چیز |
| اَعْرَاف | (ع۔ا۔مذ)بہشت اور دوزخ کے درمیان کا مقام، قرآنِ مجید کی ایک سورۃ کا نام |
| اِعْزَازی | (ع۔صف) تعریفی، تحفتاً |
| اَعِزَّہ | (ع۔ا۔مذ) عزیز کی جمع، بھائی بند، رشتہ دار، اَقربا |
| اَعْظَم | (ع۔صف) نہایت بڑا، بزرگ تر |
| اَعْظَمُ الاذْکَار | بہت سے اذکار(ذکر کی جمع) میں سب سے بزرگ ترین ذکر |
| اَعْلاَم | (ع۔ا۔مذ) عَلَم کی جمع، جھنڈے |
| اَعْلَم | (ع۔صف) بہت جاننے والا، بڑا عالم |

| | |
|---|---|
| اَعْلیٰ | (ع۔صف) بلندمرتبہ، بہت بلند |
| اَعْمَال | (ع۔ا۔مذ) عمل کی جمع، کام، افعال |
| اَعْنی | (ع) یعنی، میری یہ مراد ہے |
| اَغْیَار | (ع۔ا۔مذ) غیر کی جمع، اجنبی، رقیب |
| اُفْتَادَہ | (ف۔صف) گِرا ہوا، عاجز، بے کس |
| اُفْتان | (ف) گرتے ہوئے |
| اِفْتِخَار | (ع۔ا۔مذ) فخر، عزت، بزرگی |
| افراشتہ | (ف)ترقی حاصل کیا ہوا، بلندی پر پہنچا ہوا |
| اِفْرَاط | (ع۔ا۔مث) زیادتی، کثرت،فراوانی |
| اَفْزُون | (ف۔صف) زیادہ، بیش، بہت |
| اَفْسَانَہ | (ف۔ا۔مذ) داستان،کہانی،سرگزشت |
| اَفْشانی | (ف۔مث) بکھیرنا، چھڑکنا |
| اَفْعال | (ع۔ا۔مذ) فعل کی جمع، اعمال، کام |
| اَفْلاک | (ع۔ا۔مذ) فلک کی جمع، آسمان |
| اِقْبَال | (ع۔ا۔مذ) خوش قسمتی، نیک بختی |
| اَقْدَس | (ع۔صف) انتہائی پاک، بہت مقدس |
| اقدَم | (ع) بہت زیادہ قدیم |
| اِقْرَار | (ع۔ا۔مذ) وعدہ کرنا، عہدوپیمان |
| اَقْرِبا | (ع۔ا۔مذ) قریب کی جمع، رشتے دار |
| اِقْلِیم | (ع۔ا۔مث) ولایت،ملک،سلطنت |
| اَقْوال | (ع۔ا۔مذ)قول کی جمع،باتیں،مقولے |
| اَقْوام | (ع۔ا۔مث) قوم کی جمع، قومیں، گروہ، مختلف ملک کے باشندے |
| اِک | (ار۔عدد) ایک کا مخفف، یک، سب |

| | |
|---|---|
| اَکبَر | (ع۔صف) بہت بڑا |
| اِکرَام | (ع۔ا۔مذ) کرم، عزّت، تعظیم، بزرگی |
| اَکرَم | (ع۔صف) بہت مہربان، بہت کریم |
| اَکرَمَ الاکرَمِین | کرم کرنے والوں میں سب سے بڑا کریم |
| اِکسیر | (ع۔ا۔مث) نہایت مؤثر دوا، کیمیا، |
| | وہ شے جو تانبے کو سونا اور رانگے کو |
| | چاندی بنادے |
| اَکمَل | (ع۔صف) کامل ترین، سب سے مکمل |
| اَلاَکرَم | بہت کریم، بہت سخی، بہت بخشنے والا |
| اِلتِفَات | (ع۔ا۔مث) متوجہ ہونا، توجہ |
| اِلتیام | (ع۔ا۔مذ) زخم بھرنا، تندرست ہونا |
| اَلحَق | (ع۔متعلق فعل) برحق، بے شک |
| | (خدا کے ناموں میں سے ایک نام) |
| اَلحَمدُلِلّٰہ | (ع۔فقرہ) تمام تعریفیں اللہ کے لئے |
| | ہیں، خدا کا شکر ہے |
| اَلحَیّ | حیّ= زندہ |
| | (خدا کے ناموں میں سے ایک نام) |
| اَلحَیُّ القیُّوم | ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والا |
| | (دو بزرگ اسمائے الٰہی کا سنگم) |
| اَلخَلقُ عِیالُ اللّٰہ | تمام لوگ خدا کا کنبہ ہیں (حدیث) |
| اَلَست | (ع۔تلمیح) کیا میں نہیں ہوں |
| | (اَلَستُ بِرَبِّکُم کی طرف اشارہ) |
| اَلسَّلام | سرچشمۂ سلامتی، سلامتی ہو، سلام ہو |
| | (خدا کے ناموں میں سے ایک نام) |

| | |
|---|---|
| السّماء | آسمان |
| اَلعَلیُّ العَظیم | علی= بہت بلند مرتبہ، عظیم= بہت بزرگ |
| | (دو بزرگ اسمائے الٰہی کا سنگم) |
| اَلعَلیُّ الکَبیر | علی= بہت بلند مرتبہ، کبیر= بڑا بزرگ |
| | (دو بزرگ اسمائے الٰہی کا سنگم) |
| اَلف | (ع۔صف) ہزار |
| اُلفَت | (ع۔ا۔مث) پیار، محبت، دوستی |
| اَلف تجلّی | ہزار جلوے |
| اَلقیُّوم | قائم رہنے والا، ہمیشہ رہنے والا |
| | (خدا کے ناموں میں سے ایک نام) |
| اَللّٰہُ اَکبَر | (ع۔مرکب توصیفی) اللہ بہت بڑا ہے |
| اَلمَاس | (ف۔ا۔مذ) ہیرا، بیش قیمت پتھر |
| اَلمُصَوِّر | تصویر کشی کرنے والا |
| | (خدا کے ناموں میں سے ایک نام) |
| اَلنُّور | روشنی، اُجالا، روشن |
| | (خدا کے ناموں میں سے ایک نام) |
| اَلواحِدُ القَھّار | واحِد = ایک، یگانہ، یکتا |
| | قہّار = زبردست، غلبہ حاصل کرنیوالا |
| | (دو غالب اسمائے الٰہی کا سنگم اسم) |
| اَلوَدُود / وَدُود | (ع۔صف) بہت چاہنے والا، دوست |
| | (خدا کے ناموں میں سے ایک نام) |
| اِلٰہ / اِلاہ | (ع۔ا۔مذ) معبود، اللہ، خدا |
| اِلہَام | (ع۔ا۔مذ) وہ بات جو خدا کی طرف |
| | سے دل میں ڈالی جائے، اِلقا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلٰہی | (ع۔ا۔مذ) میرے خدا، اے میرے اللہ | اَمْوَال | (ع۔ا۔مذ) مال کی جمع، مال و دولت |
| اُمّ | (ع۔ا۔مث) ماں، والدہ، اصل، جڑ | اُمُور | (ع۔ا۔مذ) امر کی جمع، کام، معاملات |
| اَمّا | (ع۔حرف استدراک) لیکن، پھر بھی | اُمَّہات | (ع۔ا۔مث) اُمّ کی جمع، مائیں |
| اُمُّ الْکِتَاب | (ع۔مث) کتابوں کی ماں، قرآنِ | اَمیر المُومنین | (ع۔مذ) اُمّتِ مسلمہ کا حاکمِ اعلیٰ |
| | شریف، سورہ فاتحہ یعنی الحمد | اَمین | (ع۔صف) امانت دار، قابلِ اعتماد |
| اِمامُ المُتّقین | پرہیزگاروں کا امام | اَنا | (ع۔ض) میں، ضمیر متکلم واحد |
| اِمامُ المسلمین | مسلمانوں کا پیشوا | اُن با | (بروشسکی) تم ہو |
| اِمامُ النّاس | لوگوں کا امام | اَنْبَار | (ف۔ا۔مذ) ڈھیر، ذخیرہ |
| اِمامِ زَمان | زمانے کا امام | اَنْبیاء | (ع۔ا۔مذ) نبی کی جمع، رسول، پیغمبر |
| اِمامِ مُبین | ظاہر امام | اِنْتِخاب | (ع۔ا۔مذ) چُناؤ، پسند کرنا، چھانٹنا |
| | (مُبین = ظاہر، آشکار، بیان کرنے والا) | انتشارِ قوم | قوم کا تتر بتر ہونا، منتشر ہونا |
| اَمان | (ع۔ا۔مذ) پناہ، حفاظت، آفیت | اَنْجُم | (ع۔ا۔مذ) نجم کی جمع، ستارے |
| اُمّت | (ع۔ا۔مث) قوم، جماعت، | اَنْجُمَن | (ف۔ا۔مث) محفل، بزم، مجلس |
| | گروہ، جو کسی پیغمبر کے پیرو ہوں | اَنْجُمَنِ حُور | حُور کی محفل |
| اِمْتِیاز | (ع۔ا۔مذ) فرق، تمیز، ترجیح | اَنْجُمَنِ نور | نور کی محفل |
| اَمْثَال | (ع۔ا۔مث) مثل کی جمع، کہاوتیں، | اَندیشه | (ف۔ا۔مذ) فکر، ڈر، خوف، وہم |
| | مثل = ملتا ہوا، یکساں، ویسا ہی | اِنْس و جان | (ع۔مذ بترکیب فارسی) انسان اور جن |
| اِمْداد | (ع۔ا۔مث) مدد، سہارا، حمایت | اِنشاء اَللّٰه | (ع۔ فقرہ) اگر خدا نے چاہا |
| اَمْر | (ع۔ا۔مذ) حکم، فرمان، فعل، کام | اَنصار | (ع۔ا۔مذ) ناصر کی جمع، مددگار، |
| اَمْرِ کُلّی | امرِ خداوندی، ارادۂ الٰہی | | دوست، رفیق، مدینے کے لوگ |
| اِمْکان | (ع۔ا۔مذ) ہوسکنا، ممکن ہونا | | جنہوں نے آنحضرت سے رفاقت کی |
| اَمْن | (ع۔ا۔مذ) راحت، اطمینان، سکون | اِنقلاب | (ع۔ا۔مذ) بدل جانا، تغیر و تبدّل، |
| اٰمَنّا و صَدّقنا | ہم ایمان لائے اور ہم نے تصدیق کی | | گردش، بنیادی تبدیل، زمانے کا چکر کھانا |
| اَمْوَاج | (ع۔ا۔مث) موج کی جمع، لہریں | اَنگبین | (ار۔مذ) شہد |

| | |
|---|---|
| انگشت بدندان | (ف۔ار۔محاورہ) حیرت کے مارے دانتوں میں انگلی دبانا |
| اِنَّمَا | آیۂ انّما (۵:۵۵) |
| اَنمِٹ | نہ مٹنے والی |
| اَنوَار | (ع۔ا۔مذ) نور کی جمع، روشنی، ضیا، تجلّی، اُجالا، چمک |
| اَنوارِ ہُدا | ہدایت کے انوار |
| اَنوَر | (ع۔صف) بہت روشن، نہایت نورانی |
| اَنہار | (ع۔ا۔مث) نہر کی جمع، نہریں (نہر=دریا کی شاخ، پانی کی بڑی نالی جو آب پاشی کے لئے کھودی جائے) |
| اُو | (ف۔اسمِ اشارہ) وہ |
| اَوج | (ع۔ا۔مث) اونچائی، بلندی، عروج |
| اورِیول | سنہری کوّا، ایک خوش آواز پرندہ |
| اُوست | وہ ہے |
| اوشو | (تو) وہ ہوجا |
| اَوصاف | (ع۔ا۔مذ) وصف کی جمع، جوہر، ہنر، صفات، خوبیاں، عادات، کمالات |
| اَوّل | (ع۔صف) پہلا، یکم، مقدّم، آغاز، ابتدا، اعلیٰ، افضل |
| اُولوالاَلباب | (ع۔مذ) صاحبانِ عقل، باشعور |
| اَولیٰ | (ع۔صف) بہتر، اعلیٰ |
| اَولِیا | (ع۔مذ) ولی کی جمع، خدارسیدہ لوگ، اہل اللہ |
| اَوّلِیّت | (ع۔ا۔مث) تقدّم، فوقیت، اوّل ہونا |
| اَوّلِین | (ف۔صف) پہلا، اگلے لوگ |
| او مَناسَن اَپی | (بہشت میں) کوئی چیز ناممکن نہیں |
| اِہتمام | (ع۔ا۔مذ) انتظام، بندوبست |
| اَہل | (ع۔ا۔مذ) مالک، کنبہ، قابل، لائق |
| اَہلِ بہشت | بہشتی، جنّت والے |
| اَہلِ بیت | (ع۔مذ) گھر کے لوگ، حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے گھر والے |
| اَہلِ سعادت | خوش نصیب لوگ |
| اَہلِ صفا | (ع۔مذ) صاف باطن لوگ، نیک لوگ |
| اَہلِ قُبُور | قبر والے، (قُبُور = قبر کی جمع) |
| اَہل کار / اہلکار | (ع۔مذ) کارکُن، کارندہ، عملہ |
| اَہلِ کاران | کام کرنے والے |
| اَہلِ نظر | حقیقت کی نظر رکھنے والے |
| اہلاً وسہلاً مرحبا | (ع۔کلمۂ خیر مقدم) تیرا آنا مبارک ہے، خوش آمدید |
| ای | (ف۔حرفِ ندا) پکارنے بلانے اور توجہ دلانے کے موقع پر استعمال ہے |
| اَیا | (ف) ۱) اے ۲) آہ، افسوس |
| اَیاغ | (ت۔ا۔مذ) پیالہ، جام، ساغر |
| اِیثَار | (ع۔ا۔مذ) دوسرے کے نفع کو اپنے نفع پر ترجیح دینا، بہت سخاوت کرنا، تحفہ دینا |
| ایزد | (ف۔ا۔مذ) خدا، اللہ تعالیٰ |
| ایشان | (ف) یہ لوگ، ضمیر برائے سوم شخص جمع |

| | |
|---|---|
| اِیقان | (ع۔ا۔مذ) یقین کرنا/ہونا |
| اِیماء | (ع۔ا۔مذ) اشارہ، منشا، رمز |
| اِین / اِیں | (ف۔اسمِ اشارہ) یہ، اشارۂ قریب |
| اینجا | (ف) یہاں، اس جگہ |
| اینک | (ف) ۱) یہ دیکھو، خبردار ۲) اب |
| **ب** | |
| بَا | (ف۔حرفِ ربط) ساتھ، ہمراہ |
| با اجلال | عظمت و بزرگی والا |
| بَابُ | (ع۔ا۔مذ) دروازہ، کتاب کا حصہ |
| بابِ جنّت | جنّت کا دروازہ |
| بابِ حکمت | حکمت کا دروازہ |
| با تکلّم | کلام کرتا ہوا، گویا |
| بَاتَمِیز | (فع۔صف) تمیزدار، شائستہ، مہذب |
| باجمال | خوبصورت، حسین |
| باخبر | خبر رکھنے والا، آگاہ، واقف، ہوشیار |
| باخدا | خدا کے ساتھ |
| باد | (ف۔ا۔مث) ہوا |
| بادِ نسیم | صبح کی ٹھنڈی ہوا |
| بادہ | (ف۔ا۔مذ) شراب |
| بادۂ جان | جان (روح) کی شراب |
| بادہ خوار | شراب پینے والے |
| بادۂ عشق | عشق کی شراب |
| باران | (ف۔ا۔مذ) بارش، موسمِ برسات |
| بارگاہ | (ف) بادشاہ کا دربار، شاہی محل |

| | |
|---|---|
| بارِگران | بھاری بوجھ |
| بارہا | (ف۔متعلق فعل) اکثر، کئی بار |
| باز | (ف۔ا۔مذ) ایک شکاری پرندہ |
| بازِغہ | روشن، تابان، تابناک، درخشان |
| بازُو | (ف۔ا۔مذ) کہنی سے شانے تک کا حصہ |
| باسُرور | سُرور کے ساتھ (سُرور = خوشی، مسرت) |
| بَاسِط | (ع۔ا فاعل۔صف) پھیلانے والا |
| | الباسِط = خدا کا ایک صفاتی نام |
| باسَعَادَت | نیک بخت، خوش قسمت |
| باسِیرَت | اچھی عادت والا، نیک خصلت، بااخلاق |
| باش | رہو |
| باشُعُور | عقل مند |
| باشندہ | (ف۔ا۔مذ) رہنے والا، بسنے والا |
| باصدعنایات وسخا | سو (۱۰۰) طرح کی مہربانیوں اور سخاوتوں کے ساتھ |
| باصرہ | (ع۔مث) بینائی، دیکھنے کی قوت |
| باصَفا | (ف) صاف، خوش گوار |
| باطل | (ع۔صف) جھوٹ، غلط، بے اصل |
| باطن | (ع۔ا۔مذ) ظاہر کی ضد، پوشیدہ چیز |
| بَاعِث | (ع۔ا۔مذ) وجہ، سبب |
| باغبان | (ف۔ا فاعل) مالی، باغ کا محافظ |
| باغِ عَدَن | بہشت کا باغ |
| باغِ فِردَوس | بہشت کا باغ (فردوس = بلند ترین جنت) |
| بَاک | (ف۔ا۔مذ) خوف، ڈر، اندیشہ، دہشت |

| | |
|---|---|
| باکَرَامَت | معجزہ کرنے والا، نوازنے والا، فیاض |
| باکِرَہ | (ع۔ا۔مث) کنواری لڑکی، دوشیزہ |
| باکَلامِ صَوَاب | کلام کی درستگی کے ساتھ |
| بالا | (ف۔صف) اونچا، بلند، اوپر |
| بالا نشین | (ف۔مذ) سب سے اوپر کی منزل میں مقیم |
| بالائے دَرَجات | بلند ترین درجہ |
| بالصّواب | عقل، ہوش، درستگی |
| بالِغَہ | (ع۔ا۔مث) پہنچی ہوئی، جوان عورت، جوانی کو پہنچی ہوئی عورت |
| بام | (ف۔ا۔مذ) چھت، کوٹھا، بالائی منزل |
| بامُعجِزَہ | معجزہ کرنے والا، باکرامت |
| بامِ فَلَک | آسمان کی بلندی |
| بانگ | (ف۔مث) مرغ کی آواز، صدا، اذان |
| بانگِ درا | قافلے کی رُخصتی کے وقت گھنٹی کی آواز |
| با وَفا | وفادار |
| باوَقار | پُروقار، معزز |
| باہمہ | سب کے ساتھ |
| بباطن | باطن سے، باطن میں |
| بپا | (ف۔صف) برپا، کھڑا، قائم |
| بُت | (ف۔ا۔مذ) مُورتی، مجسمہ پُتلا، صنم |
| بُت تراش | (ف۔صف فاعلی) بُت بنانے والا |
| بُت شِکَن | (ف۔صف فاعلی) بُت توڑنے والا |
| بُت کَدَہ / بُت خانہ | (ف۔ا۔مذ) صنم کدہ، مورتی پوجا کی جگہ |
| بتُول | (ع۔ا۔مث) کنواری، پاک دامن، |

| | |
|---|---|
| | باعصمت، حضرتِ فاطمہؑ کا لقب |
| بُٹ | (بروشسکی) بہت، زیادہ |
| بجا | (ف۔صف) ٹھیک، درست، صحیح |
| بجِسم | جسم سے |
| بچَشم | آنکھ سے |
| بحدِّ کَمال | کمال کی حد تک |
| بَحر | (ع۔ا۔مذ) دریا، سمندر، ساگر |
| بَحرُ العُلُوم | (ف) علوم کا سمندر (ڈاکٹر فقیر محمّد ہونزائی صاحب کا لقب) |
| بَحرِ رحمت | رحمت کا سمندر |
| بَحرِ عَمِیق | گہرا سمندر |
| بَحرِ گوھر زا | موتی پیدا کرنے والا سمندر |
| بحُرمَت | حرمت سے، حرمت کے ساتھ (حرمت = عظمت، عزت، بڑائی) |
| بَحرِ مَسجُور | پانی سے بھرا ہوا سمندر |
| بحقِّ مومِنان | مومنان کے واسطے سے |
| بحُکم | (ف) حکم کی رُو سے |
| بُحیرہ | (ع۔ا۔مذ) چھوٹا سمندر |
| بَخت | (ف۔ا۔مذ) قسمت، نصیب، حصّہ |
| بخُدا | (ف) خدا کی قسم |
| بَخش | (ف۔صف) معاف کرنیوالا، دینے والا |
| بدامن | دامن سے (دامن = لباس کا نچلا حصہ) |
| بَد بَخت | (ف۔صف) بدنصیب، بدقسمت |
| بَدر | (ع۔مذ) پورا چاند، چودھویں کا چاند |

| | |
|---|---|
| بَدْرُالدُّجٰی | (ع۔صف) اندھیری رات کا چاند، اجالا کرنے والا، آنحضرتؐ کا لقب |
| بدرِمُنِیر | روشن چاند |
| بدستِ قُدرَت | قدرت کے ہاتھ سے |
| بدلیاں | بادل کے ٹکڑے، چھوٹے بادل |
| بدِیدَم | میں نے دیکھا |
| بَدِیعُ الجَمال | ایسا حُسن جس میں ہر لحظہ نیا پن ہو، عجیب وغریب حُسن والا |
| بَر | (ف۔حرفِ ربط) پر، اوپر |
| بَر آب | پانی پر، پانی کے اوپر |
| بُرّاق | (ع۔ا۔مذ) جنت کا وہ گھوڑا جس پر رسولؐ سوار ہوکر معراج پر تشریف لے گئے تھے |
| بُرّان / بُرّاں | (ف۔صف) بہت تیز |
| بَرائے | (ف۔حرفِ ربط) واسطے، لئے، صدقہ سے |
| بَرائے دِید | نظر کی غرض سے، دیکھنے کے لئے |
| بَرپَا | (ف۔صف) قائم، برقرار، ایستادہ |
| بَرتَر | (ف۔صف) زیادہ، بہتر، افضل |
| بُرج | (ع۔ا۔مذ) راس یعنی ستارے کا مقام، دائرۂ آسمان کا نظری طور پر بارھواں حصہ |
| بَرجَا | (ف۔صف) بجا، ثابت، درست |
| بَرحَق | (ف) سچا، صاحبِ حق، حقیقی |
| بَردَہ | (ف۔ا۔مذ) غلام، بندہ |
| بَرزَخ | (ع۔مذ) پردہ، وہ عالم جس میں مرنے کے بعد قیامت تک روحیں رہیں گی |

| | |
|---|---|
| بَرسَر | سر پر |
| بُرغُو | (بروشسکی) کھوکھلا سینگھ |
| برفراز | بلندی پر، اونچائی پر |
| بَر فَلَک | آسمان پر، آسمان کے اوپر |
| بَرق | (ع۔ا۔مث) بجلی |
| بَرق سوار | جسمِ لطیف پر سواری کرنیوالا |
| بَرق وار | بجلی کی طرح |
| بَرقی | (ع۔صف) برق سے منسوب، بجلی کا |
| بَرقی بدن | بجلی کا بدن، مراد جسمِ لطیف |
| بَرگ | (ف۔ا۔مذ) پتّا، ورق، سازوسامان |
| بَرگُزِیدہ | (ف۔صف) منتخب، چنا ہوا، پسندیدہ |
| بَرمَلا | (ف۔متعلق فعل) کھلم کھلا، روبرو، اعلانیہ |
| برنائی | (ف۔ا۔مث) جوانی |
| بُرُوج | (ع۔ا۔مذ) بُرج کی جمع، گنبد |
| بُرھان | (ع۔ا۔مث) دلیل، حجت، ثبوت |
| بَرِین / بَریں | (ف۔صف) اعلیٰ، بلند، برتر، عالی |
| بُزُرگ | (ف۔صف) خدارسیدہ، عمررسیدہ، معزز |
| بُزُرگان | بزرگ کی جمع، معزز، خدارسیدہ لوگ |
| بَزم | (ف۔ا۔مث) محفل، مجلس، جلسہ |
| بزمِ شاھی | شاہی محفل |
| بزمِ طرب | (ف۔مث) مجلسِ نشاط، خوشی کی محفل |
| بزمِ لقا | دیدار کی محفل |
| بَسا اَوقات | (ف۔متعلق فعل) بہت دفعہ، اکثر مرتبہ |
| بُساتین | (ع) بُستان کی جمع، باغ، گلزار |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بُستان / بُوستان | (ع۔مذ) پھولوں کا باغ، گلزار | بِکُشا | کھول دے |
| بَستہ | (ف۔صف) بندھا ہوا، رُکا ہوا، جما ہوا | بگذرند | ذریعے سے گزرنا |
| بستی | (ار۔ا۔مث) گاؤں، قصبہ، آباد جگہ | بِگل | (انگ۔ا۔مذ) نرسنگا، صور |
| بَسی | (ف) زیادہ، بہت | بِگو | بولو! |
| بِسیَار | (ف۔صف) بہت زیادہ، بے انتہا | بِلا فصل | (ف۔صف) بغیر فاصلہ کے، بغیر جدائی کے |
| بَسِیط | (ع۔صف) وسیع، کشادہ، پھیلا ہُوا | بُلبُل | (ف۔ا۔مث) ایک خوش آواز پرندہ |
| بَشارت | (ع۔ا۔مث) مژدہ، خوشخبری، الہامِ غیبی | بلقیس | (ع۔ا۔مث) ملکۂ سبا کا نام |
| بَشَر | (ع۔ا۔مذ) آدمی، انسان | بِنا | (ع۔ا۔مث) بنیاد، جڑ، اصل، سبب |
| بَشَری | (ع۔صف) بشر سے منسوب، انسانی | بَنَات | (ع۔ا۔مث) بِنت کی جمع، بیٹیاں |
| بشیوہ | کسی طریقے سے، ہنر سے | بنامِ عُظمیٰ | سب سے عظیم نام کی حرمت سے |
| بَصَد | اظہارِ کثرت کے لئے استعمال ہوتا ہے | | (اسمِ اعظم کی حرمت سے) |
| بَصَر | (ع۔ا۔مث) نظر، بینائی، آنکھ | بِنتِ عمران | عمران کی بیٹی، حضرت مریمؑ |
| بَصَری | (ع) دیکھنے سے متعلق، بصارت سے متعلق | بَندگان | (ف۔ا۔مذ) بندہ کی جمع، غلام، خادم |
| بَصِیرَت | (ع۔ا۔مث) بینائی، دل کی بینائی، | بَندہ | (ف۔ا۔مذ) غلام، تابع، بشر |
| | دانائی، عقل مندی، ذہانت، ادراک | بَندۂ حَقِیر | ناچیز خادم، عاجز غلام |
| بطرزِ رَقص | رقص کے انداز میں | بَندہ نواز | (ف۔صف) خادموں پر مہربانی کرنیوالا، |
| بَعد ازان | (ع۔متعلق فعل) اس کے بعد | | مالک، ہمدرد، مہربان، شفیق |
| بَعد از مُردَن | مرنے کے بعد | بَنی آدم | (ع۔مذ) آدمؑ کی اولاد، انسان |
| بعَون | مدد سے | بُنیاد | (ف۔ا۔مث) جڑ، اصل، آغاز |
| بغل گیر | (ف۔صف) ہم آغوش، گلے ملنے والا | بُوتُراب | (ع۔مذ) مٹی کا باپ، مولا علیؑ کی کنیت |
| بفَضَل | فضل سے (فضل=رحم، مہربانی، بخشش) | بُود | (ف۔ا۔مث) ہستی، وجود، قیام |
| بَقا | (ع۔ا۔مث) دوام، ہمیشگی، باقی رہنا | بُودی | (تو) تھا |
| بَقَا بِاللّٰہ | اللہ میں باقی رہنا | بُو رحیم | مولانا شاہ کریمؑ کی کنیت، یعنی شہزادہ |
| بُقعَہ | (ع۔ا۔مذ) مکان، گھر، جگہ، خانقاہ | | رحیم کے والدِ محترم |

| | |
|---|---|
| بوَسِیلہ | ذریعے سے، وسیلے سے |
| بول | (ہ۔ا۔مذ) سخن، بات، قول، کلام |
| بُوئے یار | دوست کی خوشبو |
| بُویا | (ف) خوشبودار، جس سے خوشبو آئے |
| بہار | (ف۔ا۔مث) موسمِ بہار، پھولوں کے کھلنے کا موسم، شادابی، سرسبزی، خوشی |
| بہائے دین ودنیا | دین اور دنیا کی قیمت، دین ودنیا کے دام |
| بہبود | (ف۔ا۔مث) بھلائی، بہتری، فائدہ |
| بہتات | (ھ۔ا۔مث) زیادتی، کثرت، فراوانی |
| بہر | کے لئے، کے واسطے |
| بہرامتحان | امتحان کے واسطے |
| بہرخدا | اللہ کے واسطے |
| بہرمریدان | مریدوں کے لئے |
| بہرنیاز | عاجزی وانکساری کی خاطر |
| بہرہ | (ف۔ا۔مذ) فائدہ، حصّہ |
| بہرہ ور | (ف۔صف) خوش قسمت، فائدہ لینے والا |
| بہشت | (ف۔ا۔مذ) جنت، فردوس، باغِ رضوان |
| بہم | (ف۔متعلق فعل) اکٹھے، آپس میں |
| بھیس | (ہ۔ا۔مذ) لباس، رنگ وروپ |
| بے | (ف۔حرفِ نفی) بغیر، سوا، بن |
| بے آب | (ف۔صف) پانی کے بغیر، پیاسا |
| بے باک | (ف۔صف) بے خوف، نڈر، دلیر |
| بے پایان | (ف۔صف) بے حد، بے انتہا |
| بے پَر | (ف۔صف) بغیر پر، کٹے پر |

| | |
|---|---|
| بے حِجاب | (ف۔صف) بے پردہ، بے لباس |
| بے خار | (فع۔صف) بغیر کانٹوں کے، بے خوف |
| بے خطر | (فع۔صف) نڈر، بے خوف، دلیر |
| بے خلل | ۱) بغیر رکاوٹ کے ۲) بِنا خرابی کے |
| بے خود / بیخود | (ف۔صف) مدہوش، بے خبر |
| بے دریغ | (ف۔صف) بلاسوچے سمجھے، بلاتامل |
| بے رَنج | جس کو کوئی غم نہ ہو |
| بے قرار | (فع۔صف) بے صبر، بے چین، پریشان |
| بے نظیر | (فع۔صف) لاثانی، بے مثال، لاجواب |
| بے نوا | (ف۔صف) بے کس، بے سامان، فقیر |
| بے نیاز | (ف۔صف) بے پروا، بے طمع، بے غرض |
| بیابان | (ف۔ا۔مذ) ریگستان، جنگل، ویرانہ |
| بیابی | (تو) پاتا ہے، (تو) پائے گا |
| بیان | (ع۔ا۔مذ) تشریح، وضاحت، تفسیر، تقریر، قول، گفتگو، اظہار، شہادت |
| بَیتُ الحَرام | (ع۔مذ) خانۂ کعبہ، بیتُ اللہ |
| بَیتِ مَعمُور | (ع۔مذ) آباد مکان، بسا ہوا گھر |
| بیدِل / بے دِل | (ف۔صف) رنجیدہ، اداس، افسردہ |
| بیرَق | (ف۔ا۔مذ) علَم، جھنڈا، نشان |
| بیرُون | (ف۔متعلق فعل) باہر، اندر کی ضِد |
| بیزارم | میں بیزار ہوں |
| بیش بہا | (ف۔صف) قیمتی |
| بیقرار / بے قرار | (ف۔صف) بے چین، بے صبر، بے تاب |
| بیکار / بے کار | (ف۔صف) بیروزگار، ناکارہ، ناقص |

| | |
|---|---|
| بیک وقت | ایک ساتھ، ایک ہی وقت میں |
| بیگانہ | (ف۔صف) غیر، اجنبی، پرایا |
| بِیمارَم | میں بیمار ہوں |
| بِینا | (ف۔صف) دیکھنے والا، مبصّر، دانا، عقلمند، ہوشیار، دُور اندیش |
| بیہوش / بے ہوش | (ف۔صف) بے خبر، غافل، بدحواس |

## پ

| | |
|---|---|
| پابزنجیر | (ف۔صف) بیڑیاں پہنے ہوئے، مقید |
| پابند | (ف۔صف) مقیّد، گرفتار، ماتحت، کسی بات پر قائم رہنے والا |
| پابوس | (ف۔مذ) پاؤں چومنے والا |
| پابوسی | (ف۔ا۔مث) پاؤں چُومنا، قدم بوسی کرنا |
| پادشاہ | (ف۔ا۔مذ) بادشاہ، سلطان |
| پارسا | (ف۔صف) پرہیزگار، نیک، صالح |
| پارہ | (ف۔ا۔مذ) ٹکڑا، جزو، حصہ، ریزہ |
| پارۂ لَعل | لعل پتھر کا ٹکڑا |
| پاسبان | (ف۔فاعل) رکھوالا، نگہبان، چوکیدار |
| پاش پاش | (ف۔صف) ٹکڑے ٹکڑے، ریزہ ریزہ |
| پاک | (ف۔صف) پرہیزگار، صاف، نیک |
| پاکیزہ | (ف۔صف) پاک، صاف، بے نقص |
| پامال | (ف۔صف) روندا ہوا، خستہ حال، برباد |
| پایان | (ف۔ا۔مذ) آخری حد، آخر، انجام |
| پاینده / پائنده | (ف۔صف) قائم، استوار، برقرار |
| پُر | (ف۔صف) لبریز، بھرا ہوا، مکمل |

| | |
|---|---|
| پرّان / پرّاں | (ف۔صف) اڑتا ہوا، اڑنے والا |
| پُر بہار | بہار ہی بہار |
| پرتو | (ف۔ا۔مذ) سایہ عکس، روشنی، کرن |
| پرتوِ شاہ | شاہ کی تجلّی، علاّمہ نصیر الدین کا نام |
| پُرخون | خون سے لت پت |
| پَرست | (ف۔صف) پرستش کرنیوالا، پُوجنے والا |
| پَرستار | (ف۔ا۔مذ) پوجا کرنیوالا، عاشق، غلام |
| پُر فتوح | فتح پر فتح کرنے والا یعنی امامؑ جو ہمیشہ روحانی فتوحات کرتا ہے |
| پُرنَم | (ف۔صف) گیلا، آنسوؤں سے بھرا ہوا |
| پُرنور | (ف۔صف) روشن، چمکدار |
| پرواز | (ف۔ا۔مث) اُڑان |
| پَروَانہ | (ف۔ا۔مذ) پتنگا، حکم، (مجازاً) عاشق |
| پَروردگار | (ف۔ا۔مذ) پالنے والا، خدا، رب |
| پریان | پری کی جمع، پرواز کرنے والے فرشتے |
| پری زاد / پریزاد | (ف۔صف) پری کی اولاد، خوبصورت |
| پریستان | پریوں کے رہنے کی جگہ |
| پزیرائی | (ف۔ا۔مث) منظوری، قبولیت |
| پَس | (ف۔متعلق فعل) پیچھے، بعد، پھر، علاوہ، لہٰذا، اس لئے، اس سبب سے، آخرکار، بہرحال، یقیناً، بے شک |
| پست | (ف۔صف) نیچا، کمتر، ادنیٰ |
| پستی | (ف۔ا۔مث) نیچائی، گہرائی، کمتری |
| پشیمانم | میں شرمندہ ہوں |

| | |
|---|---|
| پَلاس | (ف ۔ا۔مذ) موٹا کپڑا، ٹاٹ |
| پنجتن / پنج تن | (ف ۔ا۔مذ) پانچ (پاک) ہستیاں (اشارہ پنجتنِ پاک کی طرف ہے) |
| پنجم | (ف۔صف ترتیبی) پانچواں |
| پنہان / پنہاں | (ف۔صف) چھپاہوا ،پوشیدہ |
| پوشِیده | (ف۔صف) مخفی، غائب، چھپاہوا |
| پھبن | (ہ۔ا۔مث)زیبائش، سجاوٹ، آرائش |
| پَھری | (بوشسکی ۔ا) تالاب |
| پُھلجَھڑی | (ھ۔ا۔مث) آتش بازی کی ایک قِسم |
| پہلُو | (ف۔ا۔مذ) طرف، سمت، کروٹ |
| پَیاپَے | (ف۔متعلق فعل) مسلسل، لگاتار |
| پیام | (ف۔ا۔مذ) پیغام |
| پیامِ فیروز | کامیابی کا پیغام |
| پیدا | (ف۔صف) ظاہر، آشکار، دستیاب |
| پیر | (ف۔صف) بزرگ، ولی، ہادی، رہنما، رہبر، مُرشد، عمررسیدہ، بوڑھا |
| پیراہن | (ف۔ا۔مذ) کپڑا، لباس، پوشاک |
| پیروِ دین | دین کی پیروی کرنے والا |
| پیری | (ف۔ا۔مث) بزرگی، بڑھاپا |
| پیشتر | (ف۔صف) پہلے، بہت پہلے |
| پیشِ خدا | خدا کے سامنے، خدا کے حضور |
| پیش دستی | (ف۔مث) پہل، سبقت، فوقیت |
| پیش رفت | (ف۔صف) ترقی، آگے بڑھنا |
| پیشِ نظر | نگاہ کے سامنے، نظر کے سامنے |
| پیشوا | (ف۔ا۔مذ) امام، رہنما، سردار |
| پیکر | (ف۔ا۔مث) صورت، چہرہ، شکل |
| پیوَستہ | (ف۔صف) ملاہوا، ایک جان، ہمیشہ |
| پیوند | (ف۔ا۔مذ) جوڑ، ایک درخت کی شاخ کو دوسرے درخت کی شاخ سے جوڑنا |

## ت

| | |
|---|---|
| تا | (ف۔حرف ربط) جب تک، جہاں تک |
| تاآنکہ | (ف۔متعلق فعل) وہاں تک کہ |
| تا ابد | (ف) ابد تک، ہمیشہ، ہمیشہ کے لئے |
| تابان | (ف۔صف) روشن، درخشاں، نورانی |
| تابِش | (ف۔ا۔مث) روشنی، چمک، نور، گرمی، حرارت، تپش |
| تابعین | (ع۔صف) تابع کی جمع،فرمان بردار لوگ |
| تابکے | کب تک |
| تابناک | (ف۔صف) روشن، چمکدار، درخشان |
| تابندہ | (ف۔صف) چمکتاہوا، روشن، نورانی |
| تابُوت | (ع۔ا۔مذ) وہ صندوق جس میں جنازہ رکھا جاتا ہے، جنازہ، ایک قسم کا تعزیہ |
| تَاثِیر | (ع۔ا۔مث) نشان، اثر، عمل، ثمرہ |
| تاجِ برسر | سر پر تاج |
| تاجدار | (ف۔صف) بادشاہ، صاحبِ تاج |
| تاجدارِ دو جہان | دونوں جہان کا بادشاہ |
| تاجِ دُرّ | موتیوں کا تاج |
| تاج شہی | شاہی تاج، بادشاہ کا تاج |

| | |
|---|---|
| تاخِیر | (ع۔ا۔مث) دیر، وقفہ، ڈھیل |
| تادَمِ آخر | آخری دم تک، آخری سانس تک |
| تازہ بتازہ | (ف۔صف) نیا، جدید، گرما گرم |
| تالاب | (ف۔ا۔مذ) پانی کا بڑا حوض |
| تَاَمُّل | (ھ۔ا۔مذ) سوچ بچار، غور، فکر، وقفہ، ڈھیل، دیر، اندیشہ |
| تائید | (ع۔ا۔مث) مدد، حمایت |
| تائیدِ الٰہی | خدائی مدد |
| تَبارک | (ع۔صف) بزرگ، بڑا، عالی، برتر |
| تَبرُّک | (ع۔ا۔مذ) وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو، تحفہ، پرشاد |
| تبرُّکات | (ع۔ا۔مذ) تبرُّک کی جمع، جو برکت کے طور پر رکھی جائیں |
| تَبرِیک | (ع۔ا۔مث) مبارکباد کہنا، برکت دینا |
| تَبسُّم | (ع۔ا۔مذ) مسکراہٹ |
| تَجدُّد | (ع۔ا۔مذ) نیاپن، جدّت، تازگی |
| تَجرِید | (ع۔ا۔مث) تنہائی، جدائی، خلوت |
| تجلّی | (ع۔ا۔مث) ظہور، جلوہ، آشکار |
| تجلّیات | (ع۔ا۔مث) تجلّی کی جمع، ظہورات |
| تَجمُّل | (ع۔ا۔مذ) حسن وخوبی، زیب وزینت، شان وشوکت، عظمت، جلال |
| تَحت | (ع۔ا۔مذ) فوق کی ضد، نیچے |
| تحرِیر | (ع۔ا۔مث) نوشت، لکھائی، عبارت، مضمون، خط، دستاویز |

| | |
|---|---|
| تَحسِین | (ع۔ا۔مث) تعریف، آفرین، مرحبا |
| تَحصِیل | (ع۔ا۔مث) حاصل کرنا، جمع کرنا، سیکھنا، خراج، نفع، ضلع کا ایک حصّہ |
| تحفۂ لازوال | غیر فانی تحفہ |
| تَحقِیق | (ع۔ا۔مث) اصلیّت معلوم کرنا، دریافت کرنا، تفتیش، جانچ پڑتال |
| تحیُّر | (ع۔ا۔مث) حیرت، حیرانی، تعجب |
| تَخلِیق | (ع۔ا۔مث) پیدائش، پیدا کرنا |
| تُخم | (ف۔ا۔مذ) بیج، دانہ، اصل |
| تُخم ریزی | (ف۔ا۔مث) بیج بونا، پیدا کرنا، بنیاد ڈالنا |
| تَخیُّل | (ع۔ا۔مذ) خیال، تصور، قیاس |
| تَدبِیر | (ع۔ا۔مث) علاج، چارہ، سوچ بچار |
| تَدرِیس | (ع۔ا۔مث) تعلیم، پڑھائی، درس |
| تَذکِرہ | (ع۔ا۔مذ) ذکر، بیان، یاد کرنا |
| تَر | (ف۔صف) گیلا، بھیگا ہوا، آب دار |
| ترانہ | (ف۔ا۔مذ) نغمہ، راگ، گیت |
| تَرجُمان | (ع۔صف) سفیر، ایلچی، ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنے والا |
| تَرغِیب | (ع۔ا۔مث) رغبت دلانا، ابھارنا |
| تَرنُّم | (ع۔ا۔مذ) گانا، الاپنا، سریلی آواز |
| تُرَّہات | بے معنی اور فضول باتیں، خرافات |
| تَسبِیح | (ع۔ا۔مث) سبحان اللہ کا ورد کرنا، خدا کو یاد کرنا، ورد، وظیفہ |
| تَسخِیر | (ع۔ا۔مث) تابع کرنا، قابو میں لانا، |

| | |
|---|---|
| | فرمانبردار بنانا، کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا |
| تَسلّی | (ع۔ا۔مث) اطمینان، دل کی خوشی |
| تَسلِیم | (ع۔ا۔مث) سلام کرنا، گردن جھکانا، |
| | اطاعت کرنا، بندگی، فرمانبرداری |
| تشنۂ آبِ حیات | آبِ حیات کا پیاسا |
| تشنَہ لَب | (ف۔صف) نہایت پیاسا |
| تَصدِیق | (ع۔ا۔مث) سچ ثابت کرنا، صداقت |
| تَصوُّر | (ع۔ا۔مذ) دل میں تصویر بنانا، خیال |
| تَصوُّف | (ع۔ا۔مذ) صوفیوں کا مسلک، طریقۂ |
| | درویشی، تزکیۂ نفس اور معرفت کا طریقہ |
| تَضرُّع | (ع۔ا۔مذ) رونا، گڑگڑانا، عاجزی، |
| | گریہ وزاری، التماس، منّت سماجت |
| تعالیٰ | (ع۔صف) بلند مرتبہ، عالی مرتبہ، برتر |
| تَعمِیر | (ع۔ا۔مث) عمارت بنانا، مکان بنانا، |
| | مرمت کرنا، آباد کرنا، بناوٹ، ساخت |
| تَعمِیل | (ع۔ا۔مث) عمل کرنا، حکم بجالانا |
| تَفسِیر | (ع۔ا۔مث) تشریح، تفصیل، |
| | قرآنِ شریف کی شرح و بیان |
| تَفکُّر | (ع۔ا۔مذ) غور و فکر، سوچ بچار، فکر |
| تَقَارِیر | (ع۔ا۔مث) تقریر کی جمع، بیانات |
| تَقَاضَا | (ع۔ا۔مذ) طلب، مطالبہ، خواہش |
| تقبیل | (ع۔ا۔مث) چومنا، بوسہ دینا |
| تَقَدُّس | (ع۔ا۔مذ) پاکیزگی، پاکی |
| تَقدِیس | (ع۔ا۔مث) پاکیزگی، تقدس |
| تقدِیم | (ع۔ا۔مث) مقدّم سمجھنا، ترجیح، |
| | فوقیت، آگے بڑھنا، پیش قدمی |
| تقصِیر | (ع۔ا۔مث) کوتاہی، غلطی، قصور |
| تقویٰ | (ع۔ا۔مذ) خدا کا خوف، پارسائی، |
| | پرہیزگاری، اپنے آپ کو گناہ سے بچانا |
| تکبُّر | (ع۔ا۔مذ) بڑائی کا اظہار، غرور |
| تکلُّم | (ع۔ا۔مذ) بات کرنا، بولنا، کلام کرنا |
| تلخی | (ف۔ا۔مث) کڑواہٹ، شِدّت، سختی |
| تماماً | سب کا سب |
| تَمثِیل | (ع۔ا۔مث) تشبیہ، مثال، مشابہت |
| تَمغَا | (ت۔ا۔مذ) مُہر، میڈل، سونے چاندی |
| | کا وہ نشان جو انعام کے طور پر دیا جاتا ہے |
| تَمکِین | (ع۔ا۔مث) طاقت، قوت، زور، |
| | مرتبہ، عزت، شان و شوکت، وقار |
| تَن | (ف۔ا۔مذ) جسم، بدن، جُثّہ |
| تناظُر | (ع۔ا۔مذ) منظر، حالت، باہم دیکھنا |
| تنظِیم | (ع۔ا۔مث) انتظام، منظّم ادارہ |
| تنقِید | (ع۔ا۔مث) جانچ، پرکھ، نکتہ چینی |
| تنگ | (ف۔صف) سُکڑا ہوا، کم، عاجز |
| تنگ دستی | (ف۔ا۔مث) غریبی، مفلسی |
| تنوِیر | (ع۔ا۔مث) روشنی، نور، چمک |
| توّاب | (ع۔ا۔مذ) توبہ منظور کرنیوالا، خداتعالیٰ |
| توان کردن | توان= طاقت، قوت، کردن = کرنا |
| توانگر | (ف۔صف) دولت مند، مالدار، امیر |

| | |
|---|---|
| توبۂ نَصُوح | (ع۔صف) سچی توبہ |
| تَوحِید | (ع۔ا۔مث) وحدانیت، یکتائی، خدا کی وحدانیت کا نظریہ |
| تُوست | تُو ہے |
| تَوصِیف | (ع۔ا۔مث) وصف بیان کرنا، تعریف کرنا، مدح، تعریف، صفت، خوبی |
| توصیفِ لطیف | پاکیزہ اوصاف کا بیان، پاکیزہ تعریف |
| تَوضِیح | (ع۔ا۔مث) وضاحت، تشریح |
| توفِیق | (ع۔ا۔مث) ہدایت، رہنمائی |
| تَوَلّا | (ع۔ا۔مذ) محبّت رکھنا، دوستی کرنا |
| تَوَلُّد | (ع۔ا۔مذ) پیدائش، جنم، پیدا ہونا |
| تَولِید | (ع۔ا۔مث) پیدا کرنا، پیدائش، جنم |
| تُوئی | تُو ہے |
| تہذیب وتمدن | شائستگی اور طرزِ معاشرت، مل کر رہنے کا طریقہ |
| تہی | (ف۔صف) خالی |
| تہی دامن | خالی دامن |
| تہی دَست | (ف۔صف) خالی ہاتھ، مفلس،غریب |
| تَیراک | (ھ۔ا۔مذ) تیرنے والا، شناور |
| **ث** | |
| ثاقِب | (ع۔صف) درخشاں، روشن، چمکدار |
| ثانی | (ع۔صف) دوسرا، نظیر، مقابل |
| ثَبات | (ع۔ا۔مذ) قیام، قرار، ثابت قدمی |
| ثُبُوت | (ع۔ا۔مذ) دلیل، سچّائی، گواہی |

| | |
|---|---|
| ثقَافَت | (ع۔ا۔مث) تہذیب، کلچر |
| ثَمرات | (ع۔ا۔مذ)ثمر کی جمع، ثَمر = پھل، میوہ |
| ثَمرہ | (ع۔ا۔مذ) پھل، نتیجہ، حاصل |
| ثَمِین | (ع۔صف) قیمتی، ہشت پہلو |
| ثنا | (ع۔ا۔مث) تعریف، توصیف، حمد |
| ثنا خوان | (عف۔صف) تعریف کرنیوالا، مدّاح |
| ثنائیں | ثنا کی جمع، تعریف، توصیف، حمد |
| **ج** | |
| جَابَجا | (ف۔متعلق فعل) جگہ جگہ، ہر مقام پر |
| جَادُو | (ف۔ا۔مذ) سحر، طِلسم، اثر، کشش |
| جادوِیِ دل کشی | دل کشی کا جادو |
| جَاذِب | (ع۔صف) جذب کرنیوالا، پُرکشش |
| جاگُزین | مقیم، ٹھہرنے والا، رہنے والا |
| جَام | (ف۔ا۔مذ) پیالہ، شراب پینے کا ظرف |
| جامِ جم | (ف۔ا۔مذ) جامِ جمشید، وہ پیالہ جو جمشید بادشاہ کی خواہش سے حکمائے یونان نے بنایا تھا جس سے ازروئے نجوم آئندہ کا حال معلوم ہوجاتا تھا |
| جَامِع | (ع۔صف) جمع کرنیوالا، تکمیل کرنیوالا، مکمل، حامل، ہمہ گیر، محیط، وسیع |
| جامِعُ الآیات | جس میں تمام آیات جمع ہو |
| جامِعُ الاَمثال | جس میں تمام مثالیں جمع ہو |
| جامِعُ النّاس | تمام لوگوں کو ایک کرنے والا |
| جَامِعِیَّت | (ع۔ا۔مث) ہمہ گیری، کاملیّت |

| | |
|---|---|
| جَامه | (ف۔ا۔مذ) پوشاک، لباس، پیراہن |
| جامۂ نَو | نیالباس، جدیدلباس |
| جان | (ف۔ا۔مث) روح، زندگی، حیات |
| جانان | (ف۔صف) محبوب، معشوق، پیارا |
| جان پرور | روح کی پرورش کرنے والا |
| جانِ جان | (ف۔صف) بہت عزیز، پیارا، معشوق |
| جانستان | (ف۔صف) جان لینے والا |
| جانشین | (ف) وارث، قائم مقام |
| جانِ عاشق | عاشق کی روح |
| جانِ لذّت | لذّت کی روح |
| جانفِزا | (ف۔صف) فرحت انگیز، دل خوش |
| | کرنے والا، جان بڑھانے والا |
| جان فشانی | (ف۔ا۔مث) جان دینا، جان نثار کرنا |
| جانم | میری جان، میری روح |
| جانِ من | (ف۔صف) میری جان |
| جان نثار | (ف۔صف) جان قربان کرنے والا |
| جَاوِدان | (ف۔صف) ہمیشہ، دائم، سدا |
| جاوید | (ف۔صف) دائمی، ہمیشہ کے لئے |
| جاویدانی | (ف۔صف) دوامی، ازلی، ہمیشہ کے لئے |
| جَاه | (ف۔ا۔مث) مرتبہ، درجہ، عزت، |
| | بزرگی، عظمت، شان، سرفرازی |
| جاہل | (ع۔صف) بےعلم، بےادب، بےخبر |
| جائے | (ف۔ا۔مث) جگہ، مقام |
| جَبّار | (ع۔صف) جبر کرنے والا، جابر، |

| | |
|---|---|
| | زبردست، خداتعالیٰ کاایک صفاتی نام |
| جِبَال | (ع۔ا۔مذ) جبل کی جمع، پہاڑ، کوہ |
| جَبَرُوت | (ع۔ا۔مث)قدرت، بزرگی، عظمت، |
| | جاہ وجلال،اسمِ صفاتِ الٰہی، مرتبۂ وحدت |
| جَبَل | (ع۔ا۔مذ) پہاڑ، کوہ |
| جَبَلِ طُور | کوہِ طور |
| جِبِلّی | (ع۔صف) فطری، پیدائشی، خلقی |
| جَبهه | (ع۔ا۔مذ) جبین، پیشانی |
| جَبِیْن | (ف۔ا۔مث) پیشانی، ماتھا |
| جُثّه | (ع۔ا۔مذ) تن، جسم |
| جُثّۂ اِبداعیّه | جسمِ لطیف |
| جَدّ | (ع۔ا۔مذ) دادا، باپ کاباپ |
| جَدِّ اَعلیٰ | (ع۔ا۔مذ) مُورثِ اعلیٰ، پردادا |
| جُداگانه | (ف۔صف) علیحدہ علیحدہ، منفرد، |
| | الگ الگ، ایک طرف |
| جِدّت | (ع۔ا۔مث) نیاپن، تازگی، نیاہونا |
| جَدّی | (ع۔صف) آبائی، موروثی |
| جَدید | (ع۔صف) نئی، نیا، تازہ |
| جزاک الله | خدااس کاصلہ دے، خداجزاعطاکرے |
| جَذُب | (ع۔ا۔مذ) کشش، کھینچنا، چُوسنا |
| جَرّار | (ع۔ا۔مذ) بہادر، دلیر، بھاری لشکر |
| جَرنیل | (ار۔ا۔مذ)فوج کااعلیٰ عہدہ دار،سپہ سالار |
| جَرِی | (ع۔صف)نڈر، بہادر، شجاع، شیردل |
| جُز | (ف۔ا۔مذ) سوائے، علاوہ، بغیر |

| | |
|---|---|
| جز خدا | سوائے خدا کے |
| جُزوی | (ع۔صف)چند، کچھ، خاص، مخصوص |
| جُزئیات / جُزویات | (ع۔ا۔مذ) جزوی کی جمع، حصّے، |
| | چھوٹے اُمور، معمولی باتیں |
| جُستجُو | (ف۔ا۔مث) تلاش، ڈھونڈ ڈھانڈ |
| جسماً | جسمانی طور پر، بدنی، مادّی |
| جسمِ کُلّی | کائناتی جسم، انسانِ کامل کا جسم |
| جسمِ لطیف | نورانی جسم، برقی جسم |
| جشن | (ف۔ا۔مذ)خوشی کی محفل، شادمانی کا دن |
| جکڑ | پکڑ |
| جِگر بَند | (ف۔ا۔مذ) فرزند، بیٹا، عزیز، پیارا |
| جِگر پَارَہ | (ف۔ا۔مذ) کلیجے کا ٹکڑا، بیٹا، فرزند |
| جِگر گوشہ | (ف۔ا۔مذ) فرزند، بیٹا، عزیز |
| جِلا | (ع۔ا۔مث) روشنی، چمک، صفائی |
| جَلال | (ع۔ا۔مذ) بزرگی، شان وشوکت، |
| | عظمت، رعب داب غصّہ، جوش |
| جَلالَت | (ع۔ا۔مث) بزرگی، عظمت، دبدبہ |
| جُلُوس | (ع۔ا۔مذ) لوگوں کا اکٹھے ہوکر بازار |
| | سے گزرنا، تخت نشینی، بیٹھنا |
| جَلْوَہ | (ع۔ا۔مذ) تجلّی، نور، نظارہ، دیدار |
| جلوۂ تام | مکمل جلوہ، کامل جلوہ |
| جلوہ رِیز | نور بکھیرنا، دیدار سے نوازنا |
| جلوہ فرما | تشریف رکھنا، ظہور ہونا، نمودار ہونا |
| جلوہ کنان | نمایاں، ظاہر، نورانی، مُنوّر |

| | |
|---|---|
| جلوہ گاہ | (ع۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں جلوہ فرمائی ہو |
| جلوہ گر | (عف۔صف) جلوہ دکھانے والا |
| جلوہ نما | (عف۔صف) جلوہ دکھانے والا |
| جلوۂ طُور | (ع۔ا۔مذ) اللہ تعالیٰ کی تجلّی جو حضرت |
| | موسیٰ نے کوہِ طور پر دیکھی تھی |
| جَلی | (ع۔صف) روشن، ظاہر، واضح |
| جَلِیل | (ع۔صف) باعظمت، صاحبِ جلال، |
| | بزرگ، بڑا، اعلیٰ، افضل، خدائے |
| | تعالیٰ کا ایک صفاتی نام |
| جَلِیلُ القَدر | (ع۔صف)بڑی شان والا، نہایت معزّز |
| جماعۂ یارکَن | یارقند کی جماعت |
| جَمَال | (ع۔ا۔مذ) حُسن، خوبصورتی |
| جَمعاً | (ف) کُل، سب کے سب |
| جمعِ حُوران | گروہِ حُوران |
| جمعِ غِلمان | گروہِ غلمان |
| جَمعِیَّت | (ع۔ا۔مث) گروہ، مجمع، لشکر، فوج |
| جَمِّ غفیر | (ع۔ا۔مذ) بڑا ہجوم، بڑی بھاری بھیڑ |
| جُملَہ | (ع۔صف۔مذ) تمام، سب، کُل |
| جُملۂ عالَم | پورا جہان، تمام عالم |
| جَمِیع | (ع۔صف) سب، تمام، کُل |
| جَمِیعاً | (ع) سب کے سب |
| جَمِیل | (ع۔صف) حسین، خوبصورت |
| جَمِیلِ کُلّ | تمامِ حُسن کا مالک |
| جَنَاب | (ار۔کلمہ خطاب) حضرت، حضور، قبلہ |

| | |
|---|---|
| جَنّات | باغات، بہشت |
| جِنّات | (ع۔ا۔مذ) جنّ کی جمع، پوشیدہ مخلوق |
| جِنان / جِناں | (ع۔ا۔مث) جنّت کی جمع، بہشتیں |
| جُنبِش | (ف۔ا۔مث) حرکت، گردش |
| جَنّت | (ع۔ا۔مث) بہشت، باغ |
| جَنَّتُ النَّعیم | نعمت والی جنت |
| جنّةُ الاعمال | اعمال کی جنت |
| جنّةُ الفِردوس | بلندترین جنّت |
| جُنُود | (ع۔ا۔مذ) جُند کی جمع، لشکر، سپاہ |
| جُنُون | (ع۔ا۔مذ) دیوانگی، پاگل پن |
| جوابہائے حِکَم | حکمتوں کے ساتھ جوابات |
| جَوامِع | (ع۔ا۔مذ) جامع کی جمع |
| جَوانمَرد | (ف۔صف) دلیر، بہادر، شجاع، سخی |
| جواہر | (ع۔ا۔مذ) جوہر کی جمع، گوہر، قیمتی پتھر (الماس، یاقوت، ہیرا وغیرہ) |
| جواہرات | (ع۔ا۔مذ) جواہر کی جمع الجمع |
| جوبَن | (ھ۔ا۔مذ) جوانی، خوبصورتی، حسن و جمال |
| جُود | (ع۔ا۔مذ) بخشش، فیض، سخاوت |
| جُود وسَخا | (ع۔ا۔مث) بخشش اور سخاوت |
| جُود وعطا | سخاوت، فیاضی، بخشش، مہربانی |
| جَوف | (ع۔ا۔مذ) خالی جگہ، خلا |
| جوہر | (ع۔ا۔مذ) گوہر، خلاصہ، لُبّ لباب، قیمتی پتھر (لعل، ہیرا، یاقوت وغیرہ) |
| جوہری | (ع۔صف) جواہر پرکھنے والا، ہنرشناس |

| | |
|---|---|
| جوئے جنت | جنت کی نہر |
| جُویان / جویا | (ف۔صف) تلاش یا جستجو کرنے والا |
| جِہاد | (ع۔ا۔مذ) کوشش، جدوجہد، دین کی حمایت کے لئے ہتھیار اُٹھانا |
| جہانِ جاویدان | دائمی دنیا، عالمِ بقا |
| جہانِ مثال | مثال کا عالم، عالمِ مثال |
| جہد | (ع۔ا۔مث) کوشش، سعی، مشقّت |
| جُہلا | (ع۔ا۔مذ) جاہل کی جمع، نادان لوگ |
| جُھرمَٹ | (ار۔ا۔مذ) بھیڑ، ہجوم، حلقہ، گروہ |
| جَھرنا | (ار۔ا۔مذ) آبشار، ٹپکتے پانی کا چشمہ |
| جہیم | دوزخ |
| **چ** | |
| چابُک | (ف۔صف) تیز، چُست، چالاک |
| چابُک تری | تیزی، سُرعت |
| چارہ ساز | (ف۔صف) کام بنانے والا، مشکل آسان کرنیوالا، مدد دینے والا، معالج، طبیب |
| چاک | (ف۔صف) پھٹا ہوا، کٹا ہوا، چِرا ہوا، شگاف، دامن یا آستین کا کھلا ہوا حصّہ |
| چاکَر | (ف۔ا۔مذ) نوکر، خادم، ملازم |
| چاہ | (ہ۔ا۔مث) خواہش، آرزو، محبت، اُلفت، عشق |
| چِت | (ہ۔صف) پُشت کے بل لیٹا ہوا |
| چرخِ اَخضر | نیلا آسمان |
| چرخِ اعظم | آسمانِ برترین |

| | |
|---|---|
| چُستی | (ف۔ا۔مث) پُھرتی، تیزی، چالاکی |
| چَشم | (ف۔ا۔مث) آنکھ، نین، عین |
| چشمِ باطن | باطن کی آنکھ |
| چشمِ بَددُور | (ف۔دُعا) نظر نہ لگے، بُری نظر دور ہو |
| چشمِ بصیرت | دل کی آنکھ، باطن کی آنکھ |
| چشمِ پُرنَم | (ف۔ا۔مث) آنسوؤں سے بھری آنکھ |
| چشمِ ظاھر | ظاہری آنکھ |
| چشمِ گِریان | روتی ہوئی آنکھ |
| چشمِ گوہرافشان | موتی بکھیرنے والی آنکھ |
| چشمِ نوربین | نور دیکھنے والی آنکھ |
| چشم و چراغ | (ف۔ا۔مذ) بہت عزیز، بڑا پیارا |
| چشمه | (ف۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں پانی زمین سے باہر نکلتا ہوا اور رواں رہتا ہو، فوّارہ |
| چشمۂ آبِ بقا | آبِ حیات کا چشمہ |
| چشمه سار / زار | (ف۔ا۔مذ) وہ علاقہ جس میں چشمے بہت ہوں |
| چشمۂ لذّاتِ عقلی | عقلی لذّتوں کا سرچشمہ |
| چَمَن | (ف۔ا۔مذ) باغ، گلزار، گلستان |
| چمنستان | (ف) جہاں باغ ہی باغ ہو، گلزار |
| چنین و چنان | ایسا ویسا، اِسکا اور اُسکا |
| چو / چون | (ف) جیسا، مانند، اگر، جب، کیونکہ |
| چوپان | (ف۔ا۔مذ) چرواہا، گڈریا |
| چوده طبق | سات زمین اور سات آسمان (کائنات) |
| چه | (ف۔حرفِ استفہام) کیا، کیونکہ |
| چه انس و چه جان | کیا انسان اور کیا جنّات |
| چه خوب | کتنا اچھا |
| چهار | (ف۔صف) چار |
| چهرۂ زیبا | خوبصورت چہرہ |
| چهل | (ف۔صف) چالیس |
| چهڑیاں | (ہ۔ا۔مث) چھڑی کی جمع، پتلی لکڑی |
| چِیدَه | (ف۔صف) چُنا ہوا، انتخاب کیا ہوا، ترتیب دیا ہوا، ترتیب میں رکھا ہوا |

## ح

| | |
|---|---|
| حَاجات | (ع۔ا۔مث) حاجت کی جمع، ضروریات |
| حَاجت رَوَا | (عف۔صف) ضرورت پوری کرنے والا |
| حَاضِر | (ع۔صف) موجود، جو سامنے موجود ہو |
| حَاضِرین | (ع۔ا۔مذ) حاضر کی جمع، موجود لوگ |
| حَافِظ | (ع۔صف) حفاظت کرنیوالا، محافظ، نگہبان، جس نے قرآنِ کریم حفظ کیا ہو |
| حَامِل | (ع۔ا۔مذ) اُٹھانے والا، لے جانے والا |
| حاملان | حامل کی جمع، اُٹھانے والے |
| حامِلانِ عرش | عرش کو اُٹھانے والے (فرشتے) |
| حَامِي | (ع۔ا۔مذ) حمایت کرنے والا |
| حُبّ | (ع۔ا۔مث) محبت، اُلفت، اُنس |
| حَبَاب | (ع۔ا۔مذ) پانی کا بُلبلا، سایہ، عکس |
| حُبُّ الْوَطَن | (ع۔ا۔مث) وطن کی محبت |
| حَبَّذَا | (ع۔کلمۂ تحسین) بہت خوب، مرحبا، شاباش، واہ واہ |

| | |
|---|---|
| حُبِّ علی | علی کی محبت، (علاّمہ صاحب کے پڑپوتے اور والد کا اسمِ گرامی) |
| حبلُ المتین | مضبوط رسّی |
| حبلِ خدائی | خدائی رسّی |
| حُبُوب | (ع۔ا۔مذ) حَب کی جمع، گولیاں، دانے، بیج، غلّے |
| حَبِیب | (ع۔ا۔مذ) دوست، پیارا، محبوب |
| حَبیبِ ارجمند | عالی مرتبت دوست |
| حَبیبُ الرّحمٰن | خدا کا دوست |
| حَبیبِ کبریا | خدا کا دوست، حضورِ اکرمؐ |
| حَبیبِ من | میرا دوست |
| حِجَاب | (ع۔ا۔مذ) پردہ، نقاب، بُرقع |
| حُجَّت | (ع۔ا۔مث) دلیل، ثبوت، بُرہان |
| حُجّتِ اَعظم | سب سے بڑا حجّت |
| حَدّاد | (ع۔ا۔مذ) لوہار، قیدخانہ کا داروغہ |
| حدِ کیفِ لامکان | لامکان کی کیفیت کی حد |
| حدِّ وصف | صفات کی حد |
| حَدِیقَہ | (ع۔ا۔مذ) باغ جسکے گرد چاردیواری ہو، کھجوروں کا باغ، پھلوں کا باغ |
| حَربِ علمی | علمی جنگ |
| حَرَم | (ع۔ا۔مذ) خانۂ کعبہ کا احاطہ |
| حُرمَت | (ع۔ا۔مث) عزت، آبرُو، عظمت |
| حَرِیر | (ع۔ا۔مذ) ریشم، ریشمی کپڑا |
| حَرِیق | (ع۔صف) جلی ہوئی چیز، شعلہ، آنچ |

| | |
|---|---|
| حَرِیم | (ع۔ا۔مذ) حرمت والا |
| حزِین | (ع۔صف) غمگین، رنجیدہ |
| حَسبِ حکم | حکم کے مطابق |
| حَسَنات | (ع۔ا۔مث) نیکیاں، بھلائیاں |
| حُسنِ ظَن | (ع۔ا۔مذ) نیک گمان، کسی کے متعلق اچھا خیال |
| حُسنِ مقال | حُسنِ کلام، اچھی بات |
| حُسنِ یُوسف | حددرجے کا حسین، حضرتِ یُوسف کا حُسن |
| حَسِینہ | (ع۔ا۔مث) خوبصورت عورت |
| حَشر | (ع۔ا۔مذ) قیامت، روزِ حساب، شوروغُل، غوغا، ہنگامہ، ہجوم، بھیڑ |
| حَضَر | (ع۔ا۔مث) سفر کی ضد، کسی ایک جگہ قیام، پڑاؤ، اقامت |
| حَضُرَت | (ع۔ا۔مذ) جناب، حضور، قبلہ، عزت کا خطاب، پیغمبروں کا خطاب |
| حُضُور | (ع۔ا۔مذ) حاضری، موجودگی، جناب، حضرت، روبرو، سامنے |
| حَظ | (ع۔ا۔مذ) خوشی، لذّت |
| حَظِیرہ | (ع۔ا۔مذ) احاطہ، چاردیواری |
| حَظیرۂ قدس | مقدس احاطہ، پاک احاطہ |
| حِفظ و امان | حفاظت اور پناہ |
| حَفِیظ | (ع۔ا۔مذ) محافظ، خدا کا صفاتی نام |
| حَقّ | (ع۔ا۔مذ) سچ، صِدق، ذاتِ خدا |
| حقّا | (ع) حق بات ہے، قسم ہے خدا کی |

| | |
|---|---|
| حَقُّ الْیَقِین | (ع۔ا۔مذ) تصوّف کی اصطلاح، یقین کا آخری درجہ، فنافی اللہ کا مرتبہ |
| حَقّانی | (ف۔صف) حق سے نسبت رکھنے والا |
| حَقَائِق | (ع۔ا۔مذ) حقیقت کی جمع، سچی بات، اصل حالت، اصل کیفیت |
| حَقِیر | (ع۔صف) ناچیز، عاجز، ادنیٰ، چھوٹا |
| حَقِیقَت | (ع۔ا۔مث) اصلیّت، سچائی، حالت |
| حِکَایَات | (ع۔ا۔مث) حکایت کی جمع، کہانی، قصّہ |
| حِکَم | (ع۔ا۔مذ) حکمت کی جمع |
| حِکْمَت | (ع۔ا۔مث) دانائی، عقل |
| حَکِیم | (ع۔ا۔مذ) دانا، عقلمند، عالم، فلسفی، دانشمند، طبیب، ڈاکٹر، وید |
| حَلال | (ع۔ا۔مذ) حرام کی ضد، ذبح کیا ہوا، شرعی نظر سے جو چیز جائز ہو |
| حَلاوَت | (ع۔ا۔مث) مٹھاس، شیرینی، مزہ، لذّت، مسرت، خوشی، راحت |
| حَلقه | (ع۔ا۔مذ) دائرہ، گھیرا، احاطہ |
| حَلقه بَگوش | (عف۔صف) غلام، فرمانبردار، بندہ |
| حَلقۂ فقر | درویشی کا دائرہ یا حلقہ |
| حِمَایَت | (ع۔ا۔مث) طرفداری، محافظت |
| حَمد | (ع۔ا۔مث) مدح، ثنا، اصطلاحاً وہ نظم جس میں خدا کی تعریف بیان ہو |
| حَمد خوان | حمد پڑھنے والا، خدائی تعریف کرنے والا |
| حَمل | (ع۔ا۔مذ) عورت کے پیٹ میں بچہ ہونا |

| | |
|---|---|
| حمله کنان | حملہ کرتے ہوئے |
| حَمِید | (ع۔صف) لائقِ تعریف، اچھے اوصاف والا، خدا کا ایک صفاتی نام |
| حَمِیم | (ع۔صف) دوست، رشتہ دار |
| حِنا | (ع۔ا۔مث) مہندی |
| حَنّان مَنّان | (ع۔ا۔مذ) حَنّان مَنّان دونوں خدا کے صفاتی نام ہیں۔ حنّان = رحم کرنیوالا، بخشنے والا۔ منّان = بہت احسان کرنے والا، نہایت نیکی کرنے والا |
| حَوَاس | (ع۔ا۔مذ) حاسّہ کی جمع، وہ قوّت جس سے ادراک ہوتا ہے، ہوش، عقل، سمجھ |
| حَواسِ خمسَه | (ع۔ا۔مذ) پانچ حواس (دیکھنا، سُننا، سونگھنا، چکھنا اور چھونا) |
| حَوامِیم | حٰم کی جمع، قرآن میں جن مقامات پر حٰم ہیں ان کی طرف اشارہ |
| حُور | (ع۔ا۔مث) حوراء کی جمع، بہشت کی عورت، خوبصورت بہشتی خاتون |
| حُوران | حُور کی جمع، بہشت کی خوبصورت خواتین |
| حَورَاء | (ع۔ا۔مث) حُور کا واحد، بہشتی عورت |
| حُوربین | حُور کو دیکھنے والی |
| حُور در حُور | حور کے اندر حور |
| حُورِ عِین | (ع۔ا۔مث) فراخ چشم عورت، بڑی بڑی آنکھوں والی حور |
| حُورَین | دو حُور |

| | |
|---|---|
| حَوصَلہ | (ع۔ا۔مذ) جرأت، دلیری، ہمت، جوش، آرزو، ارمان |
| حَوض | (ع۔ا۔مذ) تالاب |
| حوضِ کوثر | نوارانی تالاب، جنت کا چشمہ |
| حَیَا | (ع۔ا۔مث) شرم، غیرت، حجاب |
| حَیَات | (ع۔ا۔مث) زندگی، عمر، جان |
| حَیاتِ سرمد | دائمی زندگی، ہمیشہ کی زندگی |
| حَیْدَر | (ع۔ا۔مذ) شیر، حضرت علیؑ کا لقب |
| حَیْرَان | (ع۔صف) حیرت زدہ، دنگ، متعجب |
| حَیْوَان خوار | حیوان کھانے والا |
| حیّ | زندہ، خدا کے ناموں میں سے ایک نام |
| حیّ و قیُّوم | زندہ اور قائم، دوسنگم اسمائے الٰہی |

## خ

| | |
|---|---|
| خَادِم | (ع۔ا۔مذ) خدمتگار، نوکر، ملازم، انکسار کے طور پر اپنے لئے بھی کہتے ہیں |
| خَار | (ف۔ا۔مذ) کانٹا، پھانس |
| خارا | بہت سخت |
| خَارِج | (ع۔صف) نکلا ہوا، علیحدہ، باہر |
| خَازِن | (ع۔صف) خزانچی، خزانے کا مالک |
| خَاصَّہ | (ع۔ا۔مذ) عادت، صفت، خاصیّت |
| خَاصَّۂ یُوسف | حضرت یُوسف کی صفت وعادت |
| خَاطِر خواہ | (ف۔صف) حسبِ منشاء، دل پسند |
| خَاطی | (ع۔صف) گناہ گار، مجرم |
| خاک | (ف۔ا۔مث) مٹی، زمین، دھول |
| خاکِ پَا | (ف۔صف) پاؤں کی مٹی، خاکسار، ناچیز |
| خَاکسار | (ف۔صف) ناچیز، عاجز، حقیر |
| خاک نشین | (ف۔صف) زمین پر بیٹھنے والا، خاکسار |
| خَالِص | (ع۔صف) آلائش اور ملاوٹ سے پاک، اصل، کھرا، پاک، صاف |
| خَالِق | (ع۔صف) خلق کرنے والا، پیدا کرنے والا، خدا کا ایک صفاتی نام |
| خَام | (ف۔صف) کچا، ناپختہ، ناتجربہ کار |
| خَامُشی | (ف۔ا۔مث) خاموشی، چپ |
| خامہ | (ف۔ا۔مذ) قلم، کلک |
| خامۂ لاھوتی | خدائی قلم (عقلِ کُلّ) |
| خَانَہ | (ف۔ا۔مذ) گھر، مکان، بیت |
| خَانہ آبادی | (ف۔ا۔مث) شادی، گھر کی آبادی |
| خانۂ حکمت | حکمت کا گھر |
| خانۂ معمور | آباد گھر، بسا ہوا مکان |
| خَاوَر | (ف۔ا۔مذ) شرق (مشرق) |
| خائف | (ف۔صف) ڈرنے والا، خوفزدہ |
| خُتن | (ف۔ا۔مذ) ترکستان کا علاقہ جہاں کا مُشک مشہور ہے |
| خَجَستہ | (ف۔صف) مبارک، فرخندہ، مسعود |
| خِجِل | (ع۔صف) شرمندہ، نادم، شرمسار |
| خدا داد | (ف۔صف) خدا کی دی ہوئی، قدرتی |
| خدا رَسیدہ | (ار۔صف) خدا تک پہنچا ہوا، اللہ والا |
| خدّ و خال | شکل وصورت، چہرہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| خِراج | (ع۔ا۔مذ) زمین کا محصول، ٹیکس | خُلدِ برین | (ع۔ا۔مذ) جنتِ عالیہ، فردوسِ اعلیٰ |
| خِراجِ حُسن | حُسن کا بکھرنا | خُلَفاء | (ع۔ا۔مذ) خلیفہ کی جمع، جانشین |
| خُرد | (ف۔صف) چھوٹا، کم عُمر | خَلق | (ع۔ا۔مذ) مخلوق، دنیا کے لوگ |
| خِرد مند | (ف۔صف) عقل والا، دانا، سمجھدار | خَلقِ رحمان | رحمان کی تخلیق |
| خُرسَند | (ف۔صف) خوش، شادمان، شاد | خَلَل | (ع۔ا۔مذ) خرابی، بگاڑ، نقص |
| خُرَّم | (ف۔صف) خوش، شادمان، شاداب | خَلِیفَہ | (ع۔ا۔مذ) قائم مقام، جانشین |
| خُرُوس | (ف۔ا۔مذ) مرغ، مُرغا | خَلِیل | (ع۔ا۔مذ) سچا دوست، یارِ صادق، |
| خَزان / خَزاں | (ف۔ا۔مث) پت جھڑ کا موسم | | حضرت ابراہیمؑ کا لقب |
| خزائن | (ع۔ا۔مذ) خزانہ کی جمع | خلیّہ | (ع۔ا۔مث) جسم کا مختصر ترین خانہ |
| خَزِینہ | (ف۔ا۔مذ) خزانہ | خمرِ جنّت | جنت کی شراب |
| خَستَہ | (ف۔صف) زخمی، بَدحال، مُفلس | خَمُسَہ | (ع) پانچ |
| خِشت | (ف۔ا۔مث) اینٹ | خَندان / خَنداں | (ف۔صف) ہنستا ہوا، شگفتہ، کِھلا ہوا |
| خُشک | (ف۔صف) سوکھا، بِلا پانی، رُوکھا | خوابِ عدم | نیستی کا خواب |
| خِصال | (ع۔ا۔مث) خصلت کی جمع، عادتیں | خواستگار | (ف۔صف) امیدوار، سائل، طلبگار |
| خَصلَت | (ع۔ا۔مث) عادت، وصف، خوبی | خواستَہ | (ف۔صف) جس کی خواہش کی گئی ہو |
| خِطاب | (ع۔ا۔مذ) کلام، گفتگو، بات چیت، | خوان | (ف۔ا۔مذ) دسترخوان، پڑھنے والا |
| | حکومت کی طرف سے اعزازی لقب | خوانی | (ف۔ا۔مث) پڑھنا، گانا |
| خِطَّہ | (ع۔ا۔مذ) مُلک کا حصہ، قطعۂ زمین | خواہر | (ف۔ا۔مث) ہمشیرہ، بہن |
| خَفی | (ع۔صف) پوشیدہ، چھپا ہوا، مخفی | خوبان / خوباں | (ف۔ا۔مث) خوب کی جمع، خوبصورت |
| خِلافَت | (ع۔ا۔مث) جانشینی، خلیفہ کا عہدہ | خوبرُو | خوبصورت |
| خَلّاق | (ع۔مبالغہ) بہت پیدا کرنے والا، | خود پرستی | خود پسندی |
| | اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام | خود شکستی | خود کو توڑنا |
| خَلائِق | (ع۔ا۔مث) خلق کی جمع، مخلوقات | خود مُختار | (ف۔صف) آزاد، بااختیار |
| خُلد | (ع۔ا۔مذ) بہشت، ہمیشہ رہنے والی چیز | خود نَوِشت | (ف۔صف) اپنے آپ تحریر ہوا ہو |

| | |
|---|---|
| خور | (ف۔صف) کھانے والا |
| خُور | (ف۔ا۔مذ) خُورشید کا مخفف، سورج |
| خُورشید | (ف۔ا۔مذ) سورج، آفتاب |
| خورشیدِ انور | بہت روشن آفتاب، نورانی سورج |
| خورشیدِ ضیا بخش | روشنی دینے والا سورج |
| خوش آب/خوشاب | (ف۔صف) آب دار، پُرنم، چمکیلا |
| خوشا | (ف۔کلمہ مسرّت) بہت اچھا، خوب |
| خوش بَخت | (ف۔صف) خوش نصیب، خوش قسمت |
| خوش بیان | (ف۔صف) شیریں گفتار، خوش کلام |
| خوش خرام | (ف۔صف) اچھی چال والا |
| خوش خِصال | (فع۔صف) صاحبِ اخلاق، نیک خصلت |
| خوش خُو | (ف) اچھی عادات والا |
| خوش خَوان | (ف۔صف) عمدگی سے پڑھنے والا |
| خوش رُو | (فع۔صف) خوبصورت چہرے والا، حسین |
| خوش گوار | (ف۔صف) خوش آئند، دل پسند |
| خوش نُما | (ف۔صف) دلکش، زیبا، خوش منظر |
| خوشنودی | (ف۔ا۔مث) رضامندی، خوشی |
| خونْ ریز | (ف۔صف) خون بہانے والا، قاتل |
| خویش | (ف۔صف) رشتہ دار، قریب کا، اپنا |
| خیال | (ع۔ا۔مذ) تصور، فکر، تفکّر |
| خیالات | (ع۔ا۔مذ) خیال کی جمع |
| خِیَام | (ع۔ا۔مذ) خیمہ بنانے والا، خیمہ نشین |
| خیراً کثیراً | بہت زیادہ نیکی، بہت ساری بھلائی |
| خیرُ الانام | بہترین مخلوق |
| خیرُ البشر | بہترین انسان، پیغمبرؐ کا لقب |
| خیرُ العَمَل | بہترین عمل، نیک عمل |
| خیر خواہی | (عف۔ا۔مث) بھلائی چاہنا، بہتری چاہنا |
| خیرِ کثیر | بہت ساری بھلائی، بہت زیادہ نیکی |
| خِیرَہ | (ف۔صف) حیران، آنکھوں کا چندھیانا |
| خیزان / خیزاں | (ف۔صف) اُٹھتا ہوا، نکلتا ہوا |
| خَیمَہ | (ع۔ا۔مذ) تنبو، ڈیرا، سائبان |
| خیمۂ خضرا | نیلا آسمان |
| **د** | |
| داتار | (س۔ا۔مذ) داتا، سخی، دینے والا |
| دار | (ع۔ا۔مذ) خانہ، گھر، مقام، جگہ |
| دارُالسّلام | (ع۔ا۔مذ) سلامتی کا گھر، امن کی جگہ |
| دارِ حکمت | حکمت کا گھر |
| دارندہ | رکھنے والا، دولت مند، امیر |
| دارَین | (ع۔ا۔مذ) دونوں جہان، دنیا اور آخرت |
| دَاعِی | (ع۔صف) دعوت دینے والا، بلانے والا |
| دافِعِ البَلیات | (ع۔ا۔مذ) بلاؤں کو دفع کرنے والا |
| داماں / داماں | (ف۔ا۔مذ) دامن، آنچل |
| دامانِ اطہر | انتہائی پاک دامن |
| دامن | (ف۔ا۔مذ) لباس کا نچلا حصّہ، آنچل |
| دانا | (ف۔صف) عقلمند، ہوشیار، دانشمند |
| دانا و بینا | (ف۔صف) جاننے والا اور دیکھنے والا، عاقل، دانشمند، ہوشیار، تجربہ کار |
| دانائی | (ف۔ا۔مث) عقل، دانش، سمجھ |

| | |
|---|---|
| دانست | (ف۔ا۔مث)دانش، واقفیت، علم،سمجھ |
| دانش | (ف۔ا۔مث)عقل، دانائی، حکمت |
| دانش پزیر | حکمت اور دانائی حاصل کرنے والا |
| دانشمند | (ف۔صف) عالم، عاقل، سمجھ دار |
| دانشوَر | (ف۔صف) عقلمند، اہلِ علم، ذہین |
| دائم | (ع۔صف) ہمیشہ، سدا، مدام |
| دائماً | (ع۔متعلق فعل) ہمیشہ سے، لگاتار |
| دائمُ الذکر | لگاتار ذکر |
| دائمُ الوقت | ہروقت |
| دِبستان | (ف۔ا۔مذ) مدرسہ، اسکول، مکتب |
| دُختر | (ف۔ا۔مث) بیٹی، لڑکی |
| دُختران | (ف۔ا۔مث) دختر کی جمع، بیٹیاں |
| در | (ف۔ا۔مذ) دروازہ، پھاٹک، چوکھٹ |
| در | (ف۔حرف ربط) میں، اندر، پر، اوپر |
| دُرّ | (ع۔ا۔مذ) موتی، گوہر |
| دَراز | (ف۔صف) لمبا، طویل، پھیلا ہوا |
| دُر اَفشان | (عف۔صف)موتی برسانیوالا،خوش بیان |
| در آنجا / در انجا | (ف۔متعلق فعل) اس جگہ میں، وہاں |
| دران حال | (ف۔متعلق فعل) اُس حال میں |
| دُربَار | (عف۔صف) موتی برسانے والا |
| دَربار | (ف۔ا۔مذ) شاہی مجلس، شاہی عدالت |
| دربارۂ توصیفِ کتاب | کتاب کی تعریف کے بارے میں |
| دَرباری | (ف۔صف) دربار میں حاضر رہنے والا |
| دربان | (ف۔ا۔مذ) پہرے دار، چوکیدار |

| | |
|---|---|
| دربدر | (ف) آوارہ، سرگردان |
| درپردہ | (ف۔متعلق فعل) حجاب میں، پوشیدہ |
| دَرپن | (س۔مذ) آئینہ، شیشہ، آرسی |
| دُرِ ثمین | قیمتی موتی |
| دُرج | (ع۔ا۔مذ) صندوقچہ، زیور رکھنے کی ڈبّا |
| دَرجہ | (ع۔ا۔مذ) مرتبہ، رُتبہ، منزل |
| درجۂ کمال | بلند مرتبہ |
| در حجاب | پردے میں، حجاب کے اندر |
| درختِ سربلندی | عزّت والا درخت |
| دَرَخشان | (ف۔صف) روشن، چمکتا ہوا، تابان |
| دَرخشِندہ | (ف۔صف) چمکتا ہوا، تابان، نورانی |
| دُرِ خوشاب | (عف۔ا۔مذ) بہت قیمتی موتی |
| دُر دانہ | (عف۔ا۔مذ) موتی کا ایک دانہ |
| دَرس | (ع۔ا۔مذ) سبق، تعلیم، نصیحت |
| دَرسگاہ | اسکول، مدرسہ، تعلیم لینے کی جگہ |
| دَرشن | (ہ۔ا۔مذ) دیدار، زیارت، ملاقات |
| دُرِشہوار | (عف۔مذ) بادشاہوں کے لائق موتی |
| دُرِ عدن | بہشت کا موتی |
| دُر فشان | (عف۔صف)موتی برسانیوالا،خوش بیان |
| دَرگاہ | (ف۔ا۔مث) آستانہ، چوکھٹ، شاہی دربار، بارگاہ، روضہ، مزار |
| دَرمان / دَرماں | (ف۔ا۔مذ) دوا، علاج، چارہ گری |
| دُرِ مکنُون | چھُپا ہوا موتی |
| دُرِ مَنثُور | بکھرے ہوئے موتی |

| | |
|---|---|
| دُرِّ منظوم | پروئے ہوئے موتی |
| دُر نثار | موتی نچھاور کرنا، موتی برسانا |
| دُرُود | (ف۔ا۔مذ) صلوٰت، رحمت، حمد، دُعا، سلام، تسبیح، تعریف |
| دُرّ و مرجان | موتی اور مونگا |
| دَرُون | (ف۔ا۔مذ) اندر، درمیان، باطن، دل |
| دَرُونِ سنگِ ہستی | ہستی (زندگی) کے پتھر کے اندر |
| درویش | (ف۔ا۔مذ) فقیر، صاحبِ معرفت، خدارسیدہ، غریب، مفلس، مسکین |
| درویشِ درونی | باطنی درویش، اندر سے درویش |
| دریاب | (ف) معلوم کرنا، پالینا، دیکھ لینا |
| دَریچہ | (ف۔ا۔مذ) چھوٹا دروازہ، کھڑکی |
| دَریغ | (ف۔ا۔مذ) انکار، تامل، روکے رکھنا، افسوس، پشیمانی، رنج، غم، آہ |
| دریغا | (ف۔کلمہ تاسف) افسوس ہے، غم ہے |
| دَرُیوزہ | (ف۔ا۔مذ) گدائی، فقیری، بھیک |
| دَست | (ف۔ا۔مذ) ہاتھ، پنجہ، قدرت |
| دَست بَستہ | (ف۔صف) ہاتھ جوڑ کر، ہاتھ باندھ کر، کمالِ اطاعت کے ساتھ |
| دَستگاہ | (ف۔ا۔مث) طاقت، قدرت |
| دَستگیر | (ف۔صف) مددگار، حامی |
| دَستور | (ف۔ا۔مذ) قائدہ، قانون، ضابطہ |
| دَستہ | (ف۔ا۔مذ) جماعت، گروہ، فوج کا ایک حصہ، لکڑی کا ٹکڑا جو کسی اوزار کے ساتھ پکڑنے کے لئے لگا ہوا ہو |
| دَست یاب | (ف۔صف) حاصل، میسر، پایا ہوا |
| دَشت | (ف۔ا۔مذ) جنگل، صحرا، بیابان |
| دَشتِ وحشت | وحشت کا بیابان، دیوانگی کا بیابان |
| دُشوار | (ف۔صف) مشکل، بھاری، سخت |
| دُعا | (ع۔ا۔مث) خدا سے مانگنا، وظیفہ، مناجات، مغفرت کی طلب |
| دُعا گو | (عف۔صف) دعا کرنیوالا، خیرخواہ |
| دَعوات | (ع۔مث) دعا کی جمع |
| دَفتر | (ف۔ا۔مذ) محکمہ، کاغذات کا مجموعہ |
| دَف نواز | (ف۔صف) دف بجانے والا |
| دَفِینَہ | (ع۔مذ) دفن کیا ہوا مال، گڑا ہوا خزانہ |
| دَقَائِق | (ع۔ا۔مذ) دقیقہ کی جمع، باریکیاں، نکتے |
| دِقّت | (ع۔ا۔مذ) دشواری، مشکل، باریکی |
| دُلارا | (ہ۔صف) پیارا، عزیز، لاڈلا |
| دِلاوَر | (ف۔صف) بہادر، شجاع |
| دِلبر | (ف۔صف) دل لے جانے والا، معشوق |
| دِلبران | دلبر کی جمع، دل لے جانے والے |
| دِلبند | (ف۔صف) پیارا، محبوب، بیٹا |
| دِلپذیر | (ف۔صف) دل میں اترنیوالا، پسندیدہ |
| دِل جُو | (ف۔صف) پیارا، محبوب، پسندیدہ |
| دِلِ حزین | (ف۔ا۔مذ) غمگین دل |
| دِلخراش | (ف۔صف) دلسوز، تکلیف دِہ |
| دِل خواہ | (ف۔صف) مرضی کے مطابق، پسندیدہ |

| | |
|---|---|
| دِلدادہ | (ف۔صف) عاشق، فریفتہ |
| دُلدُل | (ع۔ا۔مذ) تیز رو گھوڑا، حضرت علیؓ کا خچر |
| دِلرُبا | (ف۔صف) دل لبھانے والا، معشوق |
| دِلستان | (ف۔صف) دل لے جانے والا، دلرُبا |
| دِلِ سنگین | سخت دل |
| دِلسُوز | (ف۔صف) رُلانے والا، دردانگیز، ہمدرد |
| دِلشاد | (ف۔صف) خوش، شادان، بشاش |
| دِلفریب | (ف۔صف) دل کو لُبھانے والا، دلرُبا |
| دِلفگار | (ف۔صف) جس کا دل زخمی ہو، غمگین |
| دَلق | (ع۔ا۔مث) گدڑی، درویشوں کا لباس |
| دِلکش | (ف۔صف) دل کو کھینچنے والا، پسندیدہ |
| دِلکُشا | (ف۔صف) دل کو کھولنے والا، فراخ |
| دِلگیر | (ف۔صف) رنجیدہ، غمگین، ناخوش |
| دِلَم | میرا دل |
| دِلنشین | (ف۔صف) دل پر اثر کرنے والا، دل پر نقش ہو جانے والا، موثر |
| دِلنواز | (ف۔صف) دل کو تسلّی دینے والا، دل جُو |
| دِلِ ویران | غیر آباد دل |
| دِلی | (ف۔صف) دل سے منسوب، قلبی |
| دلیل | (ع۔ا۔مث) حجت، ثبوت، سبب |
| دم بدم | (ف۔متعلق فعل) ہر گھڑی، ہر وقت |
| دَمِ عیسیٰ | (ع۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰؑ کی پھونک جس سے مردے زندہ ہو جاتے تھے |
| دوات | (ع۔ا۔مث) سیاہی رکھنے کا ظرف |
| دوام | (ع۔ا۔مذ) ہمیشگی، دائمی |
| دَوامی | (ف۔صف) دائمیت، ہمیشگی |
| دوچار | (ف۔صف) آمنا سامنا، ملاقات |
| دَور | (ع۔ا۔مذ) زمانہ، عہد |
| دَوران | (ع۔ا۔مذ) زمانہ، وقت، گردش |
| دُوربین | (ف۔صف) دُور اندیش، عقلمند، (مث) دُور کی چیز دیکھنے کا آلہ |
| دُورنما | عکس یا تصویر کہ جس میں دور کے مناظر نظر آئے |
| دوستدار | (ف۔ا۔مذ) دوست، خیر خواہ، ہمراز |
| دوسَرا | (ف۔ا۔مذ) دونوں جہان |
| دوش | (ف۔ا۔مذ) بازو، کندھا، شانہ |
| دوشیزہ | (ف۔ا۔مث) کنواری لڑکی، باکرہ |
| دو ضربہ | رباب کا پہلا سُر |
| دو کون | دونوں جہان |
| دو لَک | دو لاکھ |
| دُوُم | (ف۔صف) دوسرا، ثانی، دیگر |
| دہر | (ع۔ا۔مذ) دنیا، زمانہ، وقت |
| دَہری | (ع۔صف) بے دین شخص، خدا کا منکر |
| دھن | (س۔ا۔مذ) دولت، مال، جائداد |
| دَھنک | (ہ۔ا۔مث) قوسِ قزح |
| دُھونی | (ہ۔ا۔مث) خوشبو جلانا |
| دِیجور | (ف۔صف) تاریک شب، سیاہ چیز |
| دِید | (ف۔ا۔مث) نظر، نگاہ |

| | |
|---|---|
| دِیدار | (ف ـ ا ـ مذ) جلوہ، نظارہ، چہرہ،صورت |
| دیدۂ دل | (ف ـ ا ـ مذ) دل کی آنکھ، باطنی آنکھ |
| دیدۂ عرفان | معرفت کی آنکھ، شناخت کی آنکھ |
| دیرینہ | (ف ـ صف) قدیم، پُرانا، بزرگ |
| دین | (ع ـ ا ـ مذ) مذہب، دھرم، ایمان |
| دینداری | (عف ـ ا ـ مث) مذہبی عقائد کی پابندی، پرہیزگاری، شریعت کی پابندی |
| دینِ متین | مضبوط دین، مستحکم دین |
| دِیوانہ | (ف ـ ا ـ مذ) مجنون، عاشق، پاگل |
| دیوی | (ہ ـ ا ـ مث) پاک عورت، رانی |
| **ڈ** | |
| ڈائمنڈ جُوبلی | (انگ ـ ا ـ مذ) ساٹھ سالہ جشن |
| ڈھیر | (ہ ـ ا ـ مذ) انبار، ہجوم، کثرت |
| **ذ** | |
| ذات | (ع ـ ا ـ مث) شخصیّت، نوع، قوم |
| ذاتِ کبریا | بڑائی والی ذات، خداتعالیٰ |
| ذاتِ گرامی | بزرگ شخصیت |
| ذَاتی | (ار ـ صف) شخصی، نجی، اپنی |
| ذَاکِر | (ع ـ صف) ذکر کرنے والا |
| ذاکرات | ذکر کرنے والی خواتین |
| ذاکرہ | (ع) ذاکر کی مونث، ذکر کرنے والی |
| ذاکرین | ذاکر کی جمع، ذکر کرنے والے |
| ذِبح | (ع ـ ا ـ مذ) شرعی طور پر جانور کو حلال کرنا |
| ذَبِیح | (ع ـ صف) ذبح کیا ہوا، حلال کیا ہوا |
| ذَبِیحُ اللّٰہ | (ع ـ ا ـ مذ) اللہ کے راستے میں ذبح کیا ہوا، حضرت اسماعیلؑ کا لقب |
| ذَخِیرَہ | (ع ـ ا ـ مذ) خزانہ، گودام، پُونجی |
| ذَرّات | (ع ـ ا ـ مذ) ذرّہ کی جمع، ناقابلِ تقسیم جُز |
| ذَرَّہ | (ع ـ ا ـ مذ) مادے کا نہایت چھوٹا ٹکڑا، ریزہ، تھوڑا، قلیل، ناقابلِ تقسیم جُز |
| ذُرِیَّت | (ع ـ ا ـ مث) اولاد، نسل، تخم |
| ذُرِّیَہ | (ع) اولاد، نسلِ انسانی |
| ذِکر | (ع ـ ا ـ مذ) خدا کی یاد، تذکرہ |
| ذِکرِ اعلیٰ | سب سے برتر ذکر |
| ذِکرِ خفی | دل کی زبان سے کیا جانے والا ذکر |
| ذِکرِ داؤدی | حضرت داؤدؑ کی طرح رقصی ذکر کرنا |
| ذِکرِ دائم | مسلسل ذکر |
| ذِکرِ کثیر | کثرت سے ذکر کرنا |
| ذُوالجَلال | (ع ـ صف) صاحبِ جلال، بزرگی اور عظمت والا، دبدبے والا، مرتبے والا، خدا کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام |
| ذُوالفقار | (ع ـ ا ـ مث) حضرت علیؑ کی تلوار کا نام |
| ذُوفنُون | (ع ـ صف) وہ جو کئی فن جانتا ہو، عالم |
| ذَوق | (ع ـ ا ـ مذ) شوق، پسند، لطف، ذائقہ، خوشی، مزہ |
| ذَوقِ نگاہِ طفل | بچے کی نظر کا شوق |
| ذِی حیات | (ع ـ صف) جاندار، زندہ |

| | |
|---|---|
| ذَیلی | (عف۔صف) نیچے کی، ضِمنی، ماتحت |
| **ر** | |
| راجکُماری | (ہ۔ا۔مث) راجا کی بیٹی، شہزادی |
| راح | (ع) راحت، خوشی، شادمانی |
| راحَت | (ع۔ا۔مث) آسائش، آرام، سُکھ |
| راحَتِ روح | روح کی راحت، جان کی آسائش |
| راز | (ف۔ا۔مذ) بھید |
| رازِ بقا | ہمیشگی کا راز |
| رازِ جنان | بہشتوں کا بھید |
| رازدار | (ف۔صف) ہمراز، بھیدی |
| رازدان / رازداں | (ف۔صف) بھید جاننے والا، واقف کار |
| رازِ فتنه | آزمائش کا بھید |
| رازِ لذّت | مزے (لذّت) کا بھید |
| رازِ نہانی | پوشیدہ راز |
| راشِدَہ | (ع۔مث) ہدایت پالینے والی |
| رافِعُ الدَّرَجات | درجات کا بلند کرنے والا |
| راکِعه | (ع۔مث) رکوع کرنے والی |
| رانده | (ف۔صف) نکالا ہوا، دھتکارا ہوا، خارج |
| راہ | (ف۔ا۔مث) راستہ، طریق، تدبیر |
| راہِ جنّت | جنت کا راستہ |
| راہِ ھدا | ہدایت کا راستہ |
| رَبّ | (ع۔صف) پروردگار، پالنے والا، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام |
| رَبُّ الْاَرْبَاب | (ع۔صف) تمام پالنے والوں کا پالنے والا |
| رَبُّ العالَمِین | (ع۔صف) تمام جہانوں کا پالنے والا |
| رَبُّ العزّت | پروردگار، پالنے والا |
| رَبّانی | (ع۔صف) ربّ کا، ربّ کی طرف منسوب |
| رَبّی | (ع) میرے خدا |
| رُتبَہ | (ع۔ا۔مذ) مرتبہ، عزّت، منزلت |
| رِجَال | (ع۔ا۔مذ) رُجُل کی جمع، مرد حضرات |
| رُجُوع | (ع۔ا۔مذ۔مث) واپس ہونا، مُڑنا، لوٹنا |
| رَحِل | (ع۔مث) کتاب دان جس پر قرآن رکھ کر پڑھتے ہیں |
| رَحْمَان | (ع۔صف) نہایت رحم کرنیوالا، رحیم، شفیق، خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام |
| رَحْمَت | (ع۔ا۔مث) کرم، مہربانی، درود، صلوٰۃ |
| رَحْمَت باد | رحمت ہو |
| رَحِیق | (ع۔ا۔مث) خالص شراب |
| رَحِیقِ مختوم | مُہر شدہ خالص شراب |
| رُخ | (ف۔ا۔مذ) چہرہ، رخسار، سمت، جانب |
| رُخِ حُسن و جمال | حسین وجمیل چہرہ |
| رُخِ روشن | روشن چہرہ |
| رُخِ زَیبا | خوبصورت چہرہ، حسین وجمیل چہرہ |
| رُخسار | (ف۔ا۔مذ) گال |
| رِدا | (ع۔ا۔مث) چادر، اوڑھنی |
| رَزّاق | (ع۔صف) رزق پہنچانے والا، روزی دینے والا، خداتعالیٰ کا صفاتی نام |
| رِزق | (ع۔ا۔مذ) کھانا، اناج، روزی، وظیفه |

| | |
|---|---|
| رَسان / رَساں | (ف۔اسمِ حالیہ) پہنچنے والا، پہنچانے والا |
| رَستاخیز | (ف۔ا۔مث) قیامت، حشر |
| رَسم | (ع۔ا۔مث) دستور، رواج، طور وطریق |
| رَسَن | (ف۔ا۔مث) رسّی |
| رَسَنِ نور | نور کی رسّی |
| رُسُوم | (ع۔ا۔مث) رسم کی جمع، رواج، عادتیں |
| رَشک | (ف۔ا۔مذ) جو چیز دوسرے کو حاصل ہو اُسے پانے کی آرزو، رقابت، حسد |
| رِضا | (ع۔ا۔مث) خوشنودی، خوشی، مرضی |
| رِضاکار | (عف۔صف) والینٹر، اپنی مرضی سے اپنے آپ کو خدمت کے لئے پیش کرنیوالا |
| رِضوان | (ع۔ا۔مذ) بہشت کا ایک نگہبان اور موکّل فرشتہ، بہشت، رضامندی |
| رَعنا | (ع۔صف) زیبا، حسین، نازک |
| رَعِیَّت | (ع۔ا۔مث) رعایا، پرجا، متعلقین |
| رَغبَت | (ع۔ا۔مث) خواہش، آرزو، رُجحان |
| رَفع | (ع۔ا۔مذ) اُٹھانا، بلند کرنا، نکالنا، ہٹا دینا، دُور کرنا، پُورا کرنا، علاج کر دینا |
| رِفعَت | (ع۔ا۔مث) بلندی، اونچائی، عروج |
| رَفیع | (ع۔صف) بلند، اونچا، عالی مرتبت |
| رَفیق | (ع۔ا۔مذ) ساتھی، دوست، ہمراہی |
| رَفیقہ | (ع۔ا۔مث) ساتھی، مددگار، خیرخواہ |
| رَقص | (ع۔ا۔مذ) ناچ، جھومنا، اُچھلنا |
| رَقصان / رَقصاں | (عف۔صف) ناچتے ہوئے، ناچنے والا |
| رَقصِ داؤدی | حضرت داؤد کی طرح رقص کرنا |
| رَقم | (ع۔ا۔مث) تحریر، عدد، مال ودولت |
| رَقیم | (ع۔ا۔مذ) تحریر، کتاب |
| رُکوع | (ع۔ا۔مذ) نماز میں جُھک کر گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا عمل، جُھکنا، جُھکاؤ |
| رُمّانی | (ع۔ا۔مث) انار کے رنگ کا |
| رَمز | (ع۔ا۔مث) راز، بھید، اشارہ |
| رُموز | (ع۔ا۔مث) رمز کی جمع، اشارہ، راز |
| رَنج | (ف۔ا۔مذ) تکلیف، دُکھ، افسوس، ملال، غم، ناراضگی، درد، آزردگی |
| رَنج بُردنی | تکلیف اُٹھانا |
| رَنجِش | (ف۔ا۔مث) غم، آزردگی، ناخوشی |
| رَنج و الم | دردوغم، دُکھ، افسوس |
| رَنجُور | (ف۔صف) غمگین، افسردہ، بیمار |
| رَنج ہا | رنج کی جمع، تکالیف |
| رِند | (ف۔صف) شرابی، بے پروا |
| رِندانہ | (ف۔صف) آزادانہ، بے پرواہی سے |
| رَنگ و بُو | (ف۔صف) رونق، شان وشوکت |
| رَوان / رَواں | (ف۔صف) جاری، بہتا ہوا |
| رَوان دوان | (ف۔صف) چلتے ہوئے، بھاگتے ہوئے |
| رِوایَت | (ع۔ا۔مث) دوسرے کے الفاظ بیان کرنا، قصہ، حدیث، سرگزشت |
| رُوبَرُو | (ف۔صف) آمنے سامنے، مقابل |
| رُوح | (ع۔ا۔مث) جان، نفس، آتما |

| | |
|---|---|
| رُوحاً | (ع) روحانی طور سے |
| رُوحُ الارواح | تمام روحوں کی روح |
| رُوحُ الامین | (ع۔مذ) وہ روح جس کے پاس امانتیں ہیں، حضرت جبرائیلؑ کا لقب |
| رُوحانی | (ع۔صف) رُوح سے متعلق، مقدّس |
| رُوح پَروَر | روح کی پرورش کرنے والا |
| رُوحِ رَوان | زندگی کو قائم رکھنے والا |
| رُوحِ قرآن | قرآن کی جان یعنی امام آلِ محمّدؐ |
| روز | (ف۔مذ) دن، تاریخ، وقت، زمانہ |
| روز اَفزون | (ف۔صف) جو چیز روز بڑھے |
| روزِ پسین | (ف۔مذ) روزِ آخرت، قیامت کا دن |
| روزِ مَحشر | (فع۔مذ) قیامت کا دن |
| روزی رَسان | (ف۔صف) رزق دینے والا، پروردگار |
| رَوشن ضمیر | (فع۔صف) عقلمند، فراست والا |
| رَوضَہ | (ع۔ا۔مذ) باغ، سبزہ زار |
| رَوضۂ رِضوان | (ع۔ا۔مذ) بہشت کا باغ، فردوسِ بریں |
| روند لینا | پامال کرنا، پاؤں کے نیچے مَلنا |
| رُوئے | (ف۔ا۔مذ) چہرہ، شکل، صورت |
| رُوئے زمین | (ف۔ا۔مث) زمین کی سطح |
| رُویَت | (ع۔ا۔مث) دیدار، نظارہ، چہرہ |
| رہبر | (ف۔صف) ہادی، راستہ دکھانے والا |
| رہدان | راہ جاننے والا، رہنما |
| رہنما | (ف۔صف) ہادی، رہبر، پیشوا |
| رِیاض | (ع۔ا۔مذ) روضہ کی جمع، باغات، مشقت |
| رِیاضَت | (ع۔ا۔مث) نفس کشی، محنت، مشقّت |
| رَیب | (ع۔ا۔مذ) شک، شبہ |
| رَیحان | (ع۔ا۔مذ) ایک خوشبودار پودا، نازبُو |
| ریز | (ف۔صف) بہانے والا۔ مثال: اشک ریز = آنسو بہانے والا |
| ریشمی | (ف۔صف) ریشم کا، ریشم کا بنا ہوا |

## ز

| | |
|---|---|
| زَا | (ف۔صف) پیدا شدہ یا پیدا کرنے والا، مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے |
| زَاد بُوم | (ف۔ا۔مث) جائے پیدائش، وطن |
| زَادَہ | (ف۔صف) بیٹا، جنا ہوا، پَیدا شدہ |
| زَادی | (ف۔صف) بیٹی، جنی ہوئی، شہزادی |
| زار | (ف۔صف) عاجز، رونے والا، نالاں |
| زار زار | (ف) دردمندی سے آہ وزاری کرنا |
| زاری | (ف۔ا۔مث) گریہ، رونا، عجز وانکسار |
| زاکیات | پاکیزہ خواتین |
| زاکیہ | پاکیزہ خاتون |
| زَائِل | (ع۔صف) عارضی، فانی، دور ہونے والا |
| زاید از لاکھ | ایک لاکھ سے زیادہ |
| زُبدَہ | (ع۔صف) خلاصہ، چیدہ، منتخب |
| زُبدَۂ عالم | عالم کا خلاصہ، عالم میں منتخب اور برگزیدہ |
| زَبُور | (ع۔ا۔مث) نوشتہ، کتاب، وہ کتاب جو حضرتِ داؤدؑ پر نازل ہوئی تھی |
| زَرّ | (ف۔ا۔مذ) سونا، طِلا، دولت |

| | |
|---|---|
| زَرّ بکف | توانگر |
| زَر گر | (ف۔ا۔مذ) سُنار، سونے کا کام کرنیوالا |
| زَرْ نِگار | (ف۔صف) وہ چیز جس پر سنہرے رنگ سے نقاشی کی گئی ہو |
| زَرِّین / زَرّیں | (ف۔صف) سونے کا بنا ہوا، سنہرا |
| زکات / زکوٰۃ | (ع۔ا۔مث) راہ خدا میں صدقہ دینا |
| زَمان | (ع۔ا۔مذ) وقت، زمانہ، ساعت |
| زُمْرَہ | (ع۔ا۔مذ) گروہ، جماعت، ہمراہی |
| زَمْزَمہ | (ف۔ا۔مذ) دھیمی آواز میں عبادت کے کلمات پڑھنا، گریہ وزاری، ترنّم |
| زَن | (ف۔ا۔مث) عورت، خاتون، بیوی |
| زَنان / زَناں | (ف۔ا۔مث) زَن کی جمع، عورتیں |
| زِنْدَان | (ف۔ا۔مذ) قیدخانہ، جیل |
| زِندۂ جاوید | (ف۔صف) ہمیشہ زندہ، نہ مرنے والا |
| زنگِ غفلت | خطاؤں کا میل |
| زَوَال | (ع۔ا۔مذ) عروج کی ضد، تنزل، کمی |
| زُود | (ف۔صف) جلد، فوراً، ابھی |
| زہے | (ف۔کلمہ تحسین) مرحبا، واہ واہ |
| زِہے نصیب | (ف۔کلمہ تحسین) خوش اقبالی، خوش قسمتی |
| زیبِ منبر | منبر کی زینت |
| زیبا | (ف۔صف) خوشنما، خوبصورت |
| زیر | (ف۔ا۔مث) نیچے، تحت، تلے |
| زیرِ آب | پانی کے نیچے |
| زیرِ بارِ احسان | احسان کے بوجھ تلے |
| زیرِ پا | پاؤں کے نیچے |
| زیرِ سماء | آسمان کے نیچے |
| زیرِ نگین | (ف۔صف) ماتحت، تابع |
| زیر و بم | (ف۔صف) نغمے کا اتار چڑھاؤ |
| زیر و زَبَر | (ف۔صف) درہم برہم، اُلٹ پلٹ |
| زِینَت | (ع۔ا۔مث) آرائش، زیبائش، سجاوٹ |
| زِینت فزا | خوبصورتی بڑھانے والا |
| زِینت اللّٰہ | اللّٰہ کی زینت |
| زِینَہ | (ف۔ا۔مذ) سیڑھی |
| زِینَہ بَزِینَہ | درجہ بدرجہ |

## س

| | |
|---|---|
| سَابِقَہ | (ع۔صف) گذشتہ، اگلا، پہلا |
| سَاتِر | (ع۔صف) نقاب پوش، چھپانے والا |
| سَاجِد | (ع۔صف) سجدہ کرنیوالا، سر جھکانیوالا |
| سَاجِدہ | (ع۔صف) سجدہ کرنے والی |
| سَادَات | (ع۔ا۔مذ) حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ کی نسل، قومِ سیّد |
| سار | (ف۔صف) کلمۂ کثرت |
| سَاز | (ف۔ا۔مذ) موسیقی کا سامان |
| سَاغَر | (ف۔ا۔مذ) جام، شراب کا پیالہ |
| سَاق | (ع۔ا۔مث) پنڈلی، درخت کا تنا |
| سَاقی | (ع۔ا۔مذ) پلانے والا، جام پلانیوالا |
| سَاقیٔ آبِ بقا | آبِ حیات پلانے والا |
| سَاکِنان | (ع۔ا۔مذ) ساکن کی جمع، باشندے، |

| | |
|---|---|
| | رہنے والے، بسنے والے |
| سَاکنِ خُلدِ برین | فردوسِ اعلیٰ میں رہنے والا |
| سَالار | (ف۔ا۔مذ) سردار، حاکم، افسر |
| سَالِک | (ع۔ا۔مذ) سفر کرنے والا، راہ چلنے والا |
| سَالِکان / سالکین | سالک کی جمع |
| سَالِم | (ع۔صف) محفوظ، سلامت، مکمل |
| سالہا | کئی سال |
| سَامِع | (ع۔ا۔مذ) سننے والا، سماعت کرنے والا |
| سَامِعُ الدَّعوات | دعاؤں کا سننے والا |
| سَامِعِ اَصوات | پکار کو سننے والا |
| سَامِعَہ | (ع۔ا۔مث) سننے کی قوت، سننے کی طاقت |
| سَانچا | (ہ۔ا۔مذ) قالب، ڈھانچا |
| سَائِل | (ع۔ا۔مذ) سوال کرنے والا، مانگنے والا |
| سَایہ فگن | (ف۔صف) سایہ ڈالنے والا |
| سَبَب | (ع۔ا۔مذ) وجہ، باعث، وسیلہ، ذریعہ |
| سُبحَان | (ع۔صف) تمام عیبوں سے پاک |
| سُبحَان اللّٰہ | (کلمہ تحسین) اللہ پاک ہے |
| سُبحانی | سبحان کی نسبت سے، سبحان کا |
| سُبحَہ | (ع۔ا۔مث) تسبیح، مالا، دعا |
| سِبط | (ع۔ا۔مذ) پوتا، نواسہ |
| سِبطِ ختمِ رُسل | ختمِ رُسل (حضورِ اکرمؐ) کا نواسہ |
| سَبَق | (ع۔ا۔مذ) درس، تعلیم، نصیحت |
| سَبَقْ آموز | درس دینے والا، سکھانے والا |
| سَبقَت | (ع۔ا۔مث) برتری، پیش قدمی |

| | |
|---|---|
| سَبُور | (بروشسکی۔ا) گذشتہ کل |
| سَبِیل | (ع۔ا۔مث) راستہ، طریقہ، تدبیر |
| سَت | (ھ۔ا۔مذ) سچ، صحیح، پاکدامنی |
| سَتّار | (ع۔صف) پردہ پوش، عیب چھپانے |
| | والا، خداتعالیٰ کا ایک صفاتی نام |
| سِتارۂ سَعد | نیک بخت ستارہ |
| سُتُون | (ف۔ا۔مذ) کھمبا، منارہ، رُکن |
| سَجدہ گاہ | (ع۔ا۔مث) سجدہ کرنے کی جگہ |
| سَحَاب | (ع۔ا۔مذ) بادل، ابر، گھٹا |
| سِحر | (ع۔ا۔مذ) جادو، ٹونا، طلسم |
| سَحَر | (ع۔ا۔مث) صبح، فجر |
| سَحرخیز | (عف۔صف) صبح سویرے اٹھنے والا |
| سِحرِ ستم | ظلم کا جادو |
| سَحر گاہ | (ع۔ا۔مث) صبح سویرے، علی الصبح |
| سحری | روزہ رکھنے کی نیت سے صبح سویرے کھانا |
| سخا | (ع۔ا۔مث) فیاضی |
| سُخَن | (ف۔ا۔مذ) کلام، بات چیت، گفتگو |
| سُخَن ور | (ف۔ا۔مذ) فصیح، خوش بیان، شاعر |
| سَدَا | (ہ۔متعلق فعل) ہمیشہ، دائم، مدام |
| سَدا بَہار | (ہ۔صف) ہمیشہ سرسبز رہنے والا |
| سَرَاپا | (ف۔ا۔مذ) سر سے پاؤں تک |
| سِراج | (ع۔ا۔مذ) چراغ، شمع |
| سِراج القلوب | دِلوں کا چراغ |
| سَراسَر | (ف۔صف) تمام، کُل، ایک سرے |

| | |
|---|---|
| | سے دوسرے سرے تک |
| سرائر | بہت سارے راز |
| سَربسجُود | سرکو جھکانا، سرکو سجدے میں لے جانا |
| سَر بَسَر | (ف۔متعلق فعل) سراسر، تمام، کُل، |
| | یکساں، اِس سرے سے اُس سرے تک |
| سَر بَلند | (ف۔صف) معزّز، عالی مرتبہ، ممتاز |
| سَرتَاپا | (ف۔متعلق فعل) سر سے پاؤں تک |
| سَرتاسَر | (ف۔متعلق فعل) سارے کا سارا، تمام، |
| | ایک سرے سے دوسرے سرے تک |
| سُرخ | (ف۔صف) لال، احمر |
| سرخم | سر جھکا کر |
| سِرّ | (ع۔ا۔مذ) راز، بھید |
| سِرّاً | (ع) مخفی طور سے |
| سِرِّ اَسرَار | بھیدوں کا بھید |
| سِرِّ اعظم | سب سے بڑا راز |
| سِرِّ اوّل | پہلا راز |
| سِرِّ سِرِّ حیات | زندگی کے رازوں کا راز |
| سِرِّ سِرِّ نجات | نجات کے رازوں کا راز |
| سِرِّ مریم | حضرتِ مریمؑ کا راز |
| سِرِّ مستُور | پوشیدہ راز |
| سِرِّ مکشوف | وہ راز جو ظاہر ہو جائے |
| سِرِّ وحدت | وحدت کا راز |
| سِرِّ یزدان | خدا کا بھید |
| سِرّی | خفیہ، پوشیدہ، پراسرار |

| | |
|---|---|
| سرشار | (ف۔صف) نشے میں چُور، مست، |
| | لبریز، چھلکتا ہوا، لبالب |
| سرِشت | (ف۔ا۔مث) عادت، مزاج، خصلت |
| سُرعَت | (ع۔ا۔مث) جلدی، تیزی، پُھرتی |
| سرفراز | (ف۔صف) ممتاز، سربلند، معزّز |
| سَرکار | (ف۔ا۔مث) حکومت، آقا، مالک |
| سَرَم | میرا سر |
| سَرمَایَہ | (ف۔ا۔مذ) دولت، پُونجی، اصل، زر |
| سرمایۂ ایمان وایقان | ایمان وایقان کا سرمایہ |
| سَرمَدی | (ف۔صف) دائمی، ہمیشہ کا، خدائی |
| سَرنَشین | سر پر بیٹھنے والا |
| سَرنوِشت | (ف۔ا۔مث) تقدیر کا لکھا، نصیب |
| سَرو | (ف۔ا۔مذ) ایک خوبصورت مخروطی |
| | شکل کا درخت، مجازاً معشوق کا قد |
| سَروِ بالا | (ف۔صف) سیدھے قد والا، مجازاً معشوق |
| سُرُود | (ف۔ا۔مذ) گیت، نغمہ، راگ |
| سَروَر | (ف۔ا۔مذ) سردار، بادشاہ، امیر |
| سُرُور | (ع۔ا۔مذ) خوشی، فرحت، ہلکا ہلکا نشہ |
| سُرور انگیز | خوشی دینے والا |
| سُرورِ عیشِ روحانی | روحانی زندگی کی خوشی |
| سروش | (ف۔ا۔مذ) الہام، وحی لانے والا فرشتہ |
| سَروقَد | (ف۔صف) لمبے قد والا، خوش قامت |
| سرو و سمن | صنوبر کا درخت اور چنبیلی |
| سَریر | (ع۔ا۔مذ) تختِ شاہی، مسند، گدّی |

| | |
|---|---|
| سَطحِ آب | (ع۔ا۔مث) پانی کا بالائی حصّہ |
| سَعادَت | (ع۔ا۔مث) نیک بختی، خوش نصیبی |
| سَعد | (ع۔صف) مبارک، نیک |
| سعیِ پیہم | لگاتار کوشش |
| سَعِید | (ع۔صف) نیک بخت، باسعادت |
| سَفَرنامہ | (ف۔ا۔مذ) سفر کے حالات پر کتاب |
| سفِیر | (ع۔ا۔مذ) ایلچی، قاصد، پیغام بر |
| سَفِینَہ | (ع۔ا۔مذ) کشتی، ناؤ، جہاز |
| سَقف | (ع۔ا۔مث) چھت، شامیانہ |
| سقیم | (ع۔صف) بیمار، خراب، خستہ |
| سِکّۂ زر | سونے کا سکّہ |
| سَگ | (ف۔ا۔مذ) کُتّا |
| سَلاسِل | (ع۔ا۔مث) سلسلہ کی جمع، زنجیریں، کڑیاں، بیڑیاں |
| سَلاسِلِ نور | نور کا سلسلہ |
| سَلاطِین | (ع۔ا۔مذ) سلطان کی جمع، قیصر |
| سَلام | (ع۔ا۔مذ) سلامتی، تسلیم، آداب |
| سَلامت | (ع۔صف) زندہ، حیات، محفوظ |
| سَلسَبِیل | (ع۔ا۔مث) بہشت کی ایک نہر، شراب |
| سُلطانی | (ع۔ا۔مث) بادشاہی، حکومت |
| سِلک | (ع۔ا۔مذ) لڑی، ہار |
| سَما | (ع۔ا۔مذ) آسمان، فلک |
| سَماوات/سمٰوات | (ع۔ا۔مذ) سما کی جمع، افلاک |
| سَماوِی | (ع۔صف) آسمانی، غیبی |

| | |
|---|---|
| سَمعی | سننے سے متعلق |
| سَمِّیت | (ع۔ا۔مذ) زہریلا، زہر کا اثر |
| سَمیت | (ہ۔صف) ساتھ، باہم، اکٹھے |
| سُنبُل | (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا خوشبودار پودا |
| سُنَّت | (ع۔ا۔مث) راستہ، طریقہ، عادت، دستور، پیغمبرؐ کا عمل |
| سَنگ | (ف۔ا۔مذ) پتھر، وزن، بوجھ |
| سَنگم | (س۔ا۔مذ) ملاپ، اکٹھا ہونا، دو دریاوں کے ملنے کا مقام |
| سنگ ھائے سیاہ | کالے پتھر |
| سَنگِین | (ف۔صف) وزنی، بھاری، پتھر کا |
| سُو | (ف۔ا۔مث) سمت، جانب، طرف |
| سَوارِی | (ف۔ا۔مث) سوار ہونے کا فعل، جو سوار ہو |
| سَوالی | (ار۔صف) مانگنے والا، سوال کرنے والا |
| سوای / سوائے | (ع۔حرف استثنا) علاوہ، بجز |
| سُوبَسُو | ایک سمت سے دوسری سمت تک |
| سوخَتَہ | (ف۔صف) افسردہ، جلا ہوا، مصیبت زدہ، بُجھا ہوا، جُھلسا ہوا |
| سُودمَند | (ف۔صف) فائدہ بخش، مفید |
| سُوری | (ق) ایک پھول کا رنگ، سُرخ شراب |
| سوز | (ف۔ا۔مذ) جلن، سوزش، دکھ، درد |
| سوزان | (ف) جلتا ہوا |
| سوسَن | (ف۔ا۔مث) آسمانی رنگ کا پھول |
| سُوِیِ سما | آسمان کی طرف |

| | |
|---|---|
| سُوئے کمالات | کمالات کی طرف |
| سِہ بارہ | تین بار، تیسری بار |
| سہل | (ع۔صف) آسان، نرم |
| سِیاحَت | (ع۔ا۔مث) سیر، سفر |
| سِیاہ | (ف۔صف) کالا، تاریک |
| سی پارہ | (ف۔مذ) ۳۰ پارے |
| سَیّد | (ع۔ا۔مذ) سردار، آقا، پیشوا |
| سَیر | (ع۔ا۔مث) تفریح کی غرض سے باہر جانا، ہَواخوری کرنا، چلنا پھرنا، سفر کرنا |
| سِیرَت | (ع۔ا۔مث) عادت، خصلت، اخلاق |
| سَیرِ جوئبار | نہر کے کنارے چلنا |
| سَیف | (ع۔ا۔مث) تلوار، شمشیر |
| سَیف علی | علی کی تلوار |
| سیم تَن | (ف۔صف) حسین، خوبصورت، معشوق |
| سِیم | (ف۔ا۔مث) چاندی |
| سِیم و زرّ | چاندی اور سونا |
| سِیمین / سِیمیں | (ف۔صف) چاندی کی طرح |
| سِین | حرفِ ''س'' |
| سِین اور شِین | حروف ''س'' اور ''ش'' |
| سِین سِین | حروف ''س'' اور ''س'' |
| **ش** | |
| شاباز = شاہباز | (ف۔ا۔مذ) شاہین، طاقتور شکاری پرندہ |
| شاپری/شاہ پری | پریوں کی رانی |
| شَاد | (ف۔صف) خوش، مسرور، بے غم |
| شَادَان / شَادان | (ف۔صف) خوشحال، خوش |
| شَاد باد | خوش رہو |
| شَاد باش | (ف۔کلمۂ تحسین) شاباش، خوش رہو |
| شَاد کام | (ف۔صف) بامراد، کامیاب |
| شَادمان / شَادماں | (ف۔صف) خوش وخرم |
| شَادمانی | (ف۔مث۔اسم کیفیت) خوشی، راحت |
| شا علی | بادشاہ علی |
| شافِع | (ع۔صف) شفاعت یا سفارش کرنے والا |
| شافی | (ع۔صف) صحت یا شفا دینے والا |
| شَاکِر | (ع۔صف) شکر کرنے والا، شکرگزار |
| شامَّہ | (ع۔ا۔مذ) سُونگھنے کی قوت |
| شَان | (ع۔ا۔مث) عظمت، شوکت، عزّت |
| شَاہ | (ف۔ا۔مذ) بادشاہ، مالک، سلطان |
| شَاہِ اکرم / شہِ اکرم | بہت زیادہ کرم کرنے والا |
| شَاہان | شاہ کی جمع، بادشاہ |
| شَاہانہ | (ف۔صف) بادشاہوں کی طرح |
| شاہِ بتان | معشوقوں کا بادشاہ (بادشاہِ حقیقی) |
| شَاہِ خوبان / شہِ خوبان | حسینوں کا بادشاہ |
| شاہِ خوبانِ جہان | دنیا بھر کے خوبصورت لوگوں کا بادشاہ |
| شاہِ دوران | زمانے کا بادشاہ |
| شَاہد | (ع۔ا۔مذ) گواہ، دیکھنے والا، معشوق |
| شَاہ دیدار | بادشاہ کا دیدار |
| شَاہزادہ | (ف۔ا۔مذ) بادشاہ کا بیٹا |
| شاہزادی | (ف۔ا۔مث) بادشاہ کی بیٹی |

| | |
|---|---|
| شَاہ سلامٌ علیک | اے بادشاہ آپ پر سلام ہو |
| شَاہِ شاہان/ شاہِ شہان | بادشاہوں کا بادشاہ، شہنشاہ |
| شاہِ کَونِ حسینان | معشوقوں کی دنیا کا بادشاہ (معشوقِ حقیقی) |
| شَاہِ ما | ہمارا بادشاہ |
| شاہِ محتشم | شان وشوکت والا بادشاہ |
| شاہِ مرسلین | رسولوں کا بادشاہ (حضورؐ) |
| شاہِ مرغان | پرندوں کا بادشاہ |
| شَاہِ من | میرا بادشاہ |
| شَاہنشاہ/ شہنشاہ | (ف۔ا۔مذ) بادشاہوں کا بادشاہ |
| شاہنشاہزادیاں | شاہنشاہ کی بیٹیاں |
| شاہ وگدا | بادشاہ اور فقیر |
| شاہی | (ف۔صف) شاہ سے منسوب، بادشاہی |
| شَاہین | (ف۔ا۔مذ) اعلیٰ قسم کا بلند پرواز باز پرندہ |
| شَباب | (ع۔ا۔مذ) جوانی |
| شَبْ خیز | (ف۔صف) شب بیدار، رات کو اُٹھنے والا |
| شبستان | (ف۔ا۔مث) مسجد کی وہ جگہ جہاں رات کو عبادت کرتے ہیں |
| شب | (ف۔ا۔مث) رات |
| شبِ قدر | (ف۔ا۔مث) لیلۃ القدر، قدر والی رات |
| شبِ ماہتاب | (ف۔صف) چاندنی رات |
| شبِ مبارک | مبارک رات |
| شبنم | (ف۔ا۔مث) رات کی نمی، اوس |
| شَجَر | (ع۔ا۔مذ) درخت، پیڑ |
| شَجَرِ ممنوعہ | (ع۔ا۔مذ) بہشت کا وہ درخت جس کے قریب جانے سے حضرت آدمؑ کو منع کیا گیا تھا |

| | |
|---|---|
| شِدَّت | (ع۔ا۔مث) سختی، زیادتی، کثرت |
| شُدم | میں ہوا |
| شُدہ | ہوگیا |
| شراباً طہور/ شرابِ طہور | (ع۔ا۔مث) پاکیزہ شراب |
| شرابِ لالہ فام | سرخ رنگ کی شراب |
| شرابِ ناب | (ع۔صف) خالص شراب |
| شرافَت | (ع۔ا۔مث) بزرگی، شریف ہونا |
| شرح | (ع۔ا۔مث) تفسیر، کھول کر کہنا |
| شرح و بیان | تفسیر، تفصیلی بیان، وضاحت |
| شَرع | (ع۔ا۔مث) شریعت، اسلامی قوانین |
| شُرَفَاء | (ع۔ا۔مذ) شریف کی جمع، مہذب لوگ |
| شرقاً و غرباً | مشرق اور مغرب کی طرف |
| شرق و غرب | مشرق اور مغرب |
| شِرک | (ع۔ا۔مذ) خدا کے ساتھ اور کو شریک کرنا |
| شَرمُسَاری | (ف۔ا۔مث) شرمندگی، ندامت |
| شَرِیْعَت | (ع۔ا۔مث) اسلامی قوانین، طریقہ |
| شَرِیف | (ع۔صف) بزرگ، مہذب، معتبر |
| شَش جہات | (ف۔صف) چھ سمتیں یا چھ اطراف |
| شُعَاع | (ع۔ا۔مث) کرن، روشنی، چمک |
| شُعَرَاء | (ع۔ا۔مذ) شاعر کی جمع، شعر لکھنے والے |
| شِعر و سخن | (ف۔صف) شاعری اور کلام |
| شُعلہ | (ع۔ا۔مذ) آگ کی لپٹ، آنچ، روشنی |
| شُعُور | (ع۔ا۔مذ) عقل، دانائی، ہوش، پہچان |

| | |
|---|---|
| شُغل | (ع۔ا۔مذ) کام، دھندا، مشغلہ، پیشہ |
| شِفا | (ع۔ا۔مث) صحت، تندرستی |
| شَفّاف | (ع۔صف) نہایت صاف |
| شفیعُ المذنبین | گناہوں کی شفارش کرنیوالا |
| شُکر کُنان | شکر کرتے ہوئے |
| شِکَم | (ف۔ا۔مذ) پیٹ، بطن |
| شِکمِ مادر | ماں کا بطن |
| شِگوفہ | (ف۔ا۔مذ) کلی، غنچہ، انوکھی بات |
| شُما | (ف۔ضمیر حاضر) آپ، تم |
| شَمس | (ع۔ا۔مذ) سورج، آفتاب |
| شَمسِ بازغہ | سورج کی روشنی |
| شَمسِ عیان | آشکار سورج |
| شَمس و قمر | سورج اور چاند |
| شمسۂ بالا | سورج کے اوپر |
| شَمشیر | (ف۔ا۔مث) تلوار، تیغ |
| شمشیر باز | (ف۔صف) تلوار چلانے والا |
| شَمع | (ع۔ا۔مث) چراغ، موم بتی، دِیا |
| شَمعِ فروزان | روشن چراغ |
| شَمعِ ھدا | ہدایت کی شمع |
| شَمیم | (ع۔ا۔مث) خوشبو، مہک |
| شناختہ | (ف) پہچانا ہوا |
| شَنَاس | (ف۔صف) پہچاننے والا |
| شِنَاوَر | (ف۔مذ) تیراک، تیرنے والا |
| شِنَاوَری | (ف۔صف) تیراکی، پیراکی |

| | |
|---|---|
| شَوق | (ع۔ا۔مذ) خواہش، اُمنگ، آرزو |
| شَہ | (ف۔ا۔مذ) شاہ کا مخفّف، بادشاہ |
| شَہا | بادشاہ! |
| شَہادَت | (ع۔ا۔مث) گواہی، راہِ خدا میں شہید ہونا |
| شہ باز / شہباز | (ف۔ا۔مذ) شاہین، طاقتور شکاری پرندہ |
| شَہِ بالانشین | اوپر بیٹھا ہوا بادشاہ |
| شَہِ خوبان | (ف۔صف) حسینوں کا بادشاہ |
| شَہِ دَوران | زمانے کا بادشاہ |
| شَہِ مختار | با اختیار بادشاہ |
| شَہد آمیز | شہد سے میٹھا کیا ہوا |
| شَہد وشکّر | میٹھا |
| شہرہ | (ع۔مذ) مشہور، شہرت |
| شُہرۂ آفاق | (عف۔صف) تمام عالم میں مشہور |
| شہرۂ وادی | زمین یا علاقے میں مشہور |
| شہریار | (ف۔ا۔مذ) بادشاہ، سلطان |
| شہسوار | (ف۔ا۔مذ) گھوڑ سواری کا ماہر |
| شہسوارِ لافتیٰ | لافتیٰ کا شہسوار |
| شہکار | (ف۔صف) شاہکار، بہترین کارنامہ |
| شہنشاہ زادی | شہنشاہ کی بیٹی |
| شہید | (ع۔ا۔مذ) خدا کا ایک نام، گواہ، وہ جس سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو، وہ جو خدا کی راہ میں جہاد کرتا ہوا مارا جائے |
| شہیر | (ع۔صف) مشہور، نامور |
| شَی / شَے | (ع۔ا۔مث) چیز |

| | |
|---|---|
| شَیخ | (ع۔ا۔مذ) بوڑھا آدمی، پیر، مُرشد |
| شَیخ و شاب | (ع۔ا۔مذ) بوڑھا اور جوان، سب لوگ |
| شیدا / شیدائی | (ف۔صف) عاشق، فریفتہ، فدا |
| شیر | (ف۔مذ) ایک گوشت خور شکاری جانور، بہادر آدمی، جوانمرد، نڈر |
| شیرِ عرین | جنگل کا شیر |
| شیری | شیر کی صفت، بہادری |
| شِیرین / شِیریں | (ف۔صف) میٹھا، خوشگوار، پیارا |
| شِیرین سُخن | (ف۔صف) خوش گفتار، میٹھا کلام |
| شیفتَہ | (ف۔صف) عاشق، فریفتہ |
| شیوَہ | (ف۔ا۔مذ) عادت، طور، طریق |

## ص

| | |
|---|---|
| صَابِرہ | (ع۔صف) صبر کرنے والی |
| صَاحِب | (ع۔ا۔مذ) مالک، آقا، مددگار، دوست |
| صاحبِ حوض و لوا | حوض و لوا کے مالک، مراد مولا ناعلیؑ |
| صَاحبِ صُور | صور بجانے والا |
| صَاحبِ عرش | تخت کا مالک |
| صَادِق | (ع۔صف) سچا، قول کا پکّا، مُنصف |
| صَالِحات | (ع۔ا۔مث) صالحہ کی جمع، نیک خواتین |
| صَالِحَہ | (ع۔ا۔مث) نیک کام کرنے والی، نیک بخت عورت، پرہیزگار خاتون |
| صَباح | (ع۔ا۔مث) صبح، تڑکا، سحر |
| صبحِ صادق | (ع۔ف) نور کا تڑکا |
| صبحدم | (عف) علی الصباح، صبح سویرے |
| صُبح و مَسا | (عف۔متعلق فعل) صبح وشام |
| صِبْغَۃُ اللّٰہ | (ع۔ا۔مذ) قدرتی رنگ، خدائی قانون |
| صبور و حلیم | صبر کرنیوالا اور نرم مزاج |
| صُحبَت | (ع۔ا۔مث) یاری، ہمراہی، مل بیٹھنا |
| صَحرَا | (ع۔ا۔مذ) بیابان، ریگستان، ویرانہ |
| صَحِیح | (ع۔صف) دُرست، ٹھیک، بجا |
| صَحِیفَہ | (ع۔ا۔مذ) کتاب، لکھا ہوا، کتابچہ |
| صَد | (ف۔صف) اسمِ عدد، سو، کلمۂ کثرت |
| صَدا | (ع۔ا۔مث) گونج، آواز، آہٹ |
| صَداقَت | (ع۔ا۔مث) سچّائی، تصدیق، ثبوت |
| صدائے سوزِ بلبل | بلبل کی پُر درد آواز |
| صَد بار | سو(۱۰۰) دفعہ |
| صَد بَرگ | (ف۔ا۔مذ) بہت سی پنکھڑیوں والا پھول |
| صَد پارہ | (ف۔صف) بہت جگہ سے پھٹا ہوا، ٹکڑے ٹکڑے |
| صَد حیف | سو گنا افسوس |
| صَدرِ اَعظَم | (ع۔ا۔مذ) وزیرِ اعظم، دیوانِ اعلیٰ |
| صَدَف | (ع۔ا۔مث) سیپ، ایک قسم کا سمندری گھونگا جس سے موتی نکلتا ہے |
| صِدق | (ع۔ا۔مذ) سچّائی، خلوص |
| صدق و صفا | سچائی اور پاکیزگی |
| صَدَقہ | (ع۔ا۔مذ) قُربانی، خیرات |
| صَد گونہ | سو مرتبہ |
| صَد گونہ خوشی | سو طرح کی خوشیاں، طرح طرح کی خوشیاں |

| | |
|---|---|
| صَد مبارک | بہت مبارکباد |
| صَد مرحبا | (ف۔کلمۂ تحسین) بہت شاباش، آفرین |
| صدوبال | طرح طرح کی مصیبتیں، سختیاں، عذاب |
| صُدُور | (ع۔مذ) صدر کی جمع، صادر ہونا، نفاذ |
| صدہا | سینکڑوں، بہت سے |
| صِدّیقَه | (ع۔مث۔اسم مبالغہ) سچ بولنے والی، حضرت عائشہؓ اور حضرت مریمؑ کا لقب |
| صِراط | (ع۔ا۔مث) راہ، راستہ |
| صِراطِ سَوی | سیدھا راستہ |
| صَریح | (ع۔صف) ظاہر، آشکار، صاف |
| صَرِیح و جَلی | ظاہر اور آشکار |
| صَغِیر | (ع۔صف) چھوٹا، ادنیٰ |
| صَفَا | (ع۔صف) پاک، صاف، پاکیزہ |
| صِفات | (ع۔ا۔مث) صفت کی جمع، اوصاف |
| صِفاتِ کبریائی | عظمت و بزرگی کی صفات، خدائی صفات |
| صَفّاً صفّا | قطار در قطار |
| صَفِ اوّل | قطار میں سب سے آگے |
| صَف بَصف | (ع۔متعلق فعل) ہر صف میں، قطار در قطار |
| صفحۂ عالم | دنیا کی سطح، دنیا کی فراخی |
| صَفدَر | (ع۔صف) صفوں کو توڑنے والا، بہادر |
| صَفوف | (ع) صف کی جمع، قطاریں |
| صَفِی | (ع۔صف) برگزیدہ، چنا ہوا، دوست |
| صَفیُّ اللّٰہ | حضرت آدمؑ کا لقب |
| صَفیّه | پاکیزہ خاتون، برگزیدہ عورت |

| | |
|---|---|
| صَلاح | (ع۔ا۔مث) نیکی، بھلائی، مشورہ |
| صَلاۃ /صَلوٰۃ | (ع۔ا۔مث) نماز، دعا، درود، رحمت |
| صُلب | (ع۔ا۔مث) پُشت، اولاد، نسل، نطفہ |
| صُلحِ کُل | (ع۔صف) عالمی صلح، سب کے ساتھ دوستی رکھنے والا، بے تعصب، روادار |
| صُلحِ محکم | پائیدار صلح |
| صَمَد | (ع۔صف) بے نیاز، جو کسی کا محتاج نہیں، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام |
| صَمْصَام | (ع۔ا۔مث) تیز تلوار |
| صَمِیم | (ع۔صف) خالص، سچّا، جڑ، اصل |
| صنْدُوق | (ع۔ا۔مذ) لکڑی کا بکسہ، تابوت، پیٹی |
| صَنَم | (ع۔ا۔مذ) بُت، مورتی، معشوق |
| صَوت | (ع۔ا۔مث) آواز، صدا، ندا |
| صُور | (ع۔ا۔مذ) بِگل، قرنا، وہ نرسنگھا جو روزِ قیامت پھونکا جاتا ہے |
| صُورتِ رحمان | رحمان (اللہ) کی صورت، چہرۂ رحمان |
| صُوفِی | (ع۔ا۔مذ) درویش، مُتّقی، پرہیزگار |
| صَوم | (ع۔ا۔مذ) روزہ |
| صَوم و صَلات | روزہ اور نماز |
| صِین | ملکِ چین |

## ض

| | |
|---|---|
| ضامِن | (ع۔ا۔مذ) ذمّہ دار، کفیل |
| ضربِ صمصامِ علیؑ | علیؑ کی صمصام (تلوار) کی ضرب |
| ضُحیٰ | (ع۔ا۔مذ) پہر دن چڑھے، سورج |

| | |
|---|---|
| | نکلنے اور دوپہر کے درمیان کا وقت |
| ضَخِیم | (ع۔صف) حجم والا، موٹا، بہت بڑا |
| ضِدّ | (ع۔ا۔مث) برعکس چیز، اُلٹ، تکرار |
| ضِدِّ ایمان | ایمان کے برعکس |
| ضَرب | (ع۔ا۔مذ) زخم، چوٹ، مار، صدمہ، ضرر، دباؤ، جبر، دھکّا، ٹھپّا، مُہر |
| ضَرْبُ الْمَثَل | (ع۔ا۔مث) کہاوت، مثل |
| ضَعِیف | (ع۔صف) کمزور، بوڑھا، ناتواں |
| ضَعِیفُ العُمر | عمر رسیدہ |
| ضَمِیر | (ع۔ا۔مذ) دل، قلب، راز، خیال |
| ضَو | (ع۔ا۔مث) روشنی، نور، چمک، پرتو |
| ضَوفِشان | (عف۔صف) روشن، روشنی دینے والا |
| ضَوفِگن | (عف۔صف) روشنی بکھیرنے والا |
| ضِیَا | (ع۔ا۔مث) روشنی، چمک، رونق |
| ضِیا پاشی | (عف۔ا۔مث) روشنی بکھیرنا |
| ضِیاءِ سَما | آسمان کی روشنی |
| ضَیْغَم | (ع۔ا۔مذ) شیر، شیر ببر |
| **ط** | |
| طَاعَت | (ع۔ا۔مث) عبادت، بندگی، فرمانبرداری |
| طاق | (ع۔ا۔مذ) محراب، وہ عدد جو جفت نہ ہو مثلاً ۱-۳-۵ وغیرہ، فرد، یکتا، لاثانی |
| طَالِب | (ع۔صف) طلب گار، مانگنے والا |
| طَاؤُس | (ع۔ا۔مذ) مور |
| طَاہرہ | (ع۔صف) پاکدامن عورت |

| | |
|---|---|
| طائرِ برقی | تیز رفتار پرندہ |
| طِبّ | (ع۔ا۔مث) حکمت، علاج معالجہ کا علم |
| طَبَقَہ | (ع۔ا۔مذ) درجہ ،منزل، لوگوں کا گروہ |
| طَبل | (ع۔ا۔مذ) بڑا ڈھول، نقارہ |
| طَبْلَہ نواز | (عف۔صف) طبلہ بجانے والا |
| طَبِیْبُ | (ع۔ا۔مذ) ڈاکٹر، حکیم، معالج |
| طَبِیبِ آسمانی | روحانی طبیب، حقیقی طبیب |
| طَرفَین | (ع۔ا۔مذ) فریقین، اطراف |
| طَرِیق | (ع۔ا۔مذ) راستہ، طرز، دستور |
| طَرِیْقَت | (ع۔ا۔مث) صُوفیوں کا طریقہ، راستہ |
| طریقِ سالکانِ راہِ حق | حق کے راستے پر چلنے والوں کا طریقہ |
| طریقِ کنزِ اسرارِ خدا | خدا کے بھیدوں کے خزانے کا راستہ |
| طَعَام | (ع۔ا۔مذ) کھانا، خوراک، غذا |
| طُغرَا | (ت۔ا۔مذ) نشانی، علامت، تحریر |
| طُغیانی | (ع۔ا۔مث) سیلاب، پانی کا چڑھاؤ |
| طِفل | (ع۔ا۔مذ) لڑکا، بچہ |
| طِفلی | (ع۔ا۔مث) بچپن، لڑکپن، نادانی |
| طفیل | (ع۔ا۔مذ) وسیلہ، سبب، ذریعہ |
| طِلائی | (ف۔صف) سونے کا، سنہری |
| طَلَب | (ع۔ا۔مث) مانگ، خواہش، آرزو |
| طَلَبْگار | (عف۔صف) خواہشمند، متلاشی |
| طَنْطَنَہ | (ع۔ا۔مذ) نقارہ، شور، غلغلہ، باجے کی آواز، دبدبہ، شان وشوکت |
| طَوَاف | (ع۔ا۔مذ) کسی چیز کے گرد پھرنا، گردش |

| | |
|---|---|
| طورِ تجلّی | طُور کی تجلّی |
| طُور در طُور | طُور کے اندر طُور |
| طُوطی | (ف ـ ا ـ مذ ـ مث) طوطا، خوش آواز پرندہ |
| طُول | (ع ـ ا ـ مذ) لمبائی، وسعت، طویل |
| طُولانی | (ع ـ صف) بہت لمبا، دراز |
| طَوِیل | (ع ـ صف) لمبا، دراز |
| طَہارَت | (ع ـ ا ـ مث) پاکیزگی، صفائی، وضو |
| طَہُور | (ع ـ صف) انتہائی پاک، پاک کرنے والا |
| طَیَّارہ | (ع ـ ا ـ مذ) ہوائی جہاز |
| طَیَران | (ع ـ ا ـ مث) پرواز، اُڑان |
| طِینَت | (ع ـ ا ـ مث) فطرت، عادت، طبیعت |
| طُیُور | (ع ـ ا ـ مذ) طیر کی جمع، پرندے |

## ظ

| | |
|---|---|
| ظَفَر | (ع ـ ا ـ مث) فتح، نصرت، کامیابی |
| ظِلّ | (ع ـ ا ـ مذ) سایہ، چھاؤں، پناہ |
| ظِلِّ سُبحان | پاک سایہ |
| ظُلماتِ حوادث | حادثات کی تاریکیاں |
| ظُلمتِ غم | غم کا اندھیرا |
| ظُلم رسیدہ | (عف ـ صف) مظلوم، جس پر ظلم ہوا ہو |
| ظِلِّ مَمدُود | وہ سایہ جسے پھیلایا گیا ہو |
| ظُہُور | (ع ـ ا ـ مذ) ظاہر، انکشاف، وقوع |
| ظہورات | ظہور کی جمع |
| ظہیر | (ع ـ صف) مددگار، حمایتی، دوست |

## ع

| | |
|---|---|
| عَابِدان | عابد کی جمع، عبادت کرنیوالے |
| عَابِدہ | (ع ـ صف) عبادت کرنے والی، متقی |
| عَاجِز | (ع ـ صف) ناتواں، ناچار، بے بس |
| عَارِف | (ع ـ صف) خداشناس، ولی |
| عَارفات | معرفت تک رسا خواتین |
| عَارِفہ | (ع ـ ص) خداشناس عورت، وَلیَّہ |
| عَاشِق | (ع ـ ا ـ مذ) فریفتہ، محبت کرنے والا |
| عَاشِقان | عاشق کی جمع |
| عَاشِقَانَہ | (عف ـ صف) عاشقوں کی طرح |
| عَاصِی | (ع ـ صف) نافرمان، گناہ گار |
| عَاصِیان | عاصی کی جمع، نافرمان |
| عَاقِل | (ع ـ صف) عقلمند، دانا، دانشمند |
| عَاقِلان | عاقل کی جمع |
| عَاقِلی | دانائی، عقلمندی |
| عَالَم | (ع ـ ا ـ مذ) کیفیت، جہان، زمانہ، دُنیا |
| عَالِمُ الغَیب | (ع ـ ا ـ مذ) غیب کی باتوں کو جاننے والا |
| عَالَم اَفروز | (ع ـ صف) عالم کو روشن کرنے والا |
| عَالَمِ بالا | (عف ـ ا ـ مذ) فرشتوں کا عالم، عرش |
| عَالَمِ جبروت | (ع ـ ا ـ مذ) خدائی صفات کا عالم |
| | (جبروت = بزرگی، جلال) |
| عَالَم شخصی | عالمِ صغیر، انسان کی ذاتی دنیا |
| عَالَمِ علوی | (ع ـ ا ـ مذ) عالمِ بالا، عالمِ روحانی |
| عَالمگیر | (عف ـ صف) دنیا کو فتح کرنے والا، |

| | |
|---|---|
| | پورے جہان میں پھیلا ہوا |
| عَالمِ لاھُوت | (ع۔ا۔مذ) عالمِ ذاتِ الٰہی جہاں سالِک |
| | کومقامِ فنافی اللہ حاصل ہوجاتا ہے |
| عَالمِ مَلکُوت | (ع۔ا۔مذ) فرشتوں کا عالم |
| عَالمِ ناسُوت | (ع۔ا۔مذ) لوگوں کا عالم، یہ فانی دنیا |
| عَالِی | (ع۔صف) عظیم، اعلیٰ، بلند |
| عَالی ہمتی | (ع۔صف) بلندحوصلگی، دلیری، جرأت |
| عَالیمقام | عظیم مرتبت |
| عَالیَہ | (ع۔صف) مسلمان عورتوں کا لقب، |
| | بزرگ، بلند، بڑی |
| عامّۃُ النّاس | (ع۔ا۔مث) عام لوگ، عوام |
| عَبا | (ع۔ا۔مذ) چُغہ، لمبا کوٹ |
| عَبد | (ع۔ا۔مذ) بندہ، غُلام، نوکر، ملازم |
| عَبِیر | (ع۔ا۔مذ) خوشبودار، عطر |
| عِتاب | (ع۔ا۔مذ) سختی، غصّہ، غضب |
| عتِیق | (ع۔صف) پرانا، قدیم |
| عَجَائب | (ع۔ا۔مذ) عجیب کی جمع، حیرت انگیز |
| عَجَائبات | (ع۔ا۔مذ) عجیب کی جمع الجمع |
| عَجَب | (ع۔ا۔مذ) نادر، انوکھا، حیرت انگیز |
| عَجَم | (ع۔ا۔مذ) جوعرب نہ ہو، اجنبی |
| عَدَد | (ع۔ا۔مذ) گنتی، شمار، رقم، تعداد |
| عَدل | (ع۔ا۔مذ) انصاف، مساوات |
| عَدلُ گُستر | (عف۔صف) انصاف کرنے والا |
| عَدم | (ع۔ا۔مذ) نیستی، نہ ہونا، فنا |
| عَدن | (ع۔ا۔مذ) بہشت، بہشت کا باغ |
| عَرَب و عَجَم | عرب = عرب کے لوگ، |
| | عجم = عرب سے باہر کے لوگ |
| عَرش | (ع۔ا۔مذ) تخت، چھت، سقف |
| عرشِ الٰہ | اللہ کا عرش، معبود کا عرش |
| عَرشِ اعظم | (ع۔ا۔مذ) خدا کا تخت، سب سے بڑا عرش |
| عَرشِ برین | (عف۔ا۔مذ) بلند مرتبہ عرش، عرشِ اعلیٰ |
| عَرشِ غزل | سب سے بہترین غزل |
| عَرشِ کریم | خداوندِ کریم کا عرش |
| عَرشِ مجید | بلند و بزرگ عرش |
| عَرشِ مساوات | وہ تخت یا مقام جہاں سب برابر ہیں |
| عَرشِ مُعَلّٰی | (ع۔ا۔مذ) سب سے اعلیٰ تخت |
| عَرشِ وحدت | وہ تخت یا مقام جہاں سب ایک ہوں |
| عَرش و کُرسی | تخت اور کرسی |
| عَرشی ظُہور | آسمانی ظُہور |
| عُرفا | (ع۔مذ) عارف کی جمع، صاحبانِ معرفت |
| عِرفَان | (ع۔ا۔مذ) معرفت، خداشناسی، پہچان |
| عُرُوج | (ع۔ا۔مذ) بلندی، اونچائی، ارتقاء |
| عَرُوس | (ع۔ا۔مث) دلہن |
| عَروسُ القرآن | قرآن کی دلہن |
| عَرُوسان | عَرُوس کی جمع، دلہن |
| عَروسِ روح | روح کی دلہن |
| عَرُوسی | (ع۔ا۔مث) دلہن وشادی سے متعلق |
| عُرُوش | عرش کی جمع، تخت |

| | |
|---|---|
| عروۃُ الوثقیٰ | مضبوط گرفت، مضبوط کڑا |
| عُریَان | (ع۔صف) بےحجاب، ننگا، برہنہ |
| عزّ / عِزّ | (ع۔ا۔مث) عزّت، شرف، بزرگی |
| عِزَّت | (ع۔ا۔مث) آبرو، بزرگی، شان |
| عذرخواہان | معافی کا طلبگار ہوتے ہوئے |
| عَزم | (ع۔ا۔مذ) ارادہ، نیّت، قصد |
| عزّ و جَل | (ع۔صف) عزت وبزرگی والا، خداتعالیٰ |
| عزّ و شَرَف | عزت اور شرافت |
| عَزیز | (ع۔صف) پیارا، محبوب، دوست |
| عَزیزانم | میرے پیارے |
| عُشّاق | (ع۔ا۔مذ) عاشق کی جمع، چاہنے والے |
| عِشق | (ع۔ا۔مذ) بےحد محبت، بہت پیار |
| عَصا | (ع۔ا۔مذ) لاٹھی |
| عَصائے پیری | (عف۔ا۔مذ) بڑھاپے کی لاٹھی |
| عَصائے علمِ روحانی | روحانی علم کی لاٹھی |
| عَصائے کلیم | (ع۔ا۔مذ) حضرت موسیٰؑ کی لاٹھی |
| عَصائے مُوسیٰ | (ع۔ا۔مذ) حضرت موسیٰؑ کی لاٹھی |
| عَصر | (ع۔ا۔مذ) زمانہ، وقت |
| عَصرِ حاضر | موجودہ زمانہ |
| عَصر و زمان | وقت اور زمانہ |
| عِصمَت | (ع۔ا۔مث) پاک دامنی، پارسائی |
| عِصیَان | (ع۔ا۔مذ) گناہ، نافرمانی |
| عُضو | (ع۔ا۔مذ) جسم کا حصّہ، اندام |
| عَطّار | (ع۔ا۔مذ) عِطر فروش، دوافروش |

| | |
|---|---|
| عَطائی | (ع۔صف) بخشی ہوئی |
| عَطائے علمِ روحانی | روحانی علم کا دیا جانا یا عطا ہونا |
| عِطر | (ع۔ا۔مذ) خوشبو، مہک |
| عِطرِ نُورانیت | بہشت کی خوشبو، نورانی خوشبو |
| عَطِیَّہ | (ع۔ا۔مذ) تحفہ، انعام، بخشش |
| عَطِیۂ رحمان | خدا کا تحفہ، رحمان کی بخشش |
| عِظام | (ع۔ا۔مذ) عظیم کی جمع، بزرگ |
| عَظمَت | (ع۔ا۔مث) بڑائی، بزرگی، شان وشوکت |
| عُظمیٰ | (ع۔صف) اعظم کی تانیث، بزرگ |
| عَظِیم | (ع۔صف) بڑا، بزرگ |
| عَظِیمُ الشّان | (ع۔صف) بڑی شان اور شوکت والا |
| عِفَّت | (ع۔ا۔مث) پرہیزگاری، پاکدامنی |
| عَفو | (ع۔ا۔مذ) معافی، درگزر، بخشش |
| عُقبیٰ | (ع۔ا۔مث) آخرت، اگلا جہاں |
| عُقدَہ | (ع۔ا۔مذ) گرہ، پیچیدہ مسئلہ، راز |
| عُقدۂ لاینحل | (ع۔ا۔مذ) وہ مشکل مسئلہ جو حل نہ ہو |
| عُقَلاءَ | (ع۔ا۔مذ) عاقل کی جمع، عقلمند لوگ |
| عَقلِ کُلّ | (ع۔ا۔مث) عقلِ کامل، دانائے کُل |
| عَقِیدت | (ع۔ا۔مث) اعتقاد، ایمان |
| عَقِیدَہ | (ع۔ا۔مذ) اعتقاد، ایمان، اعتبار |
| عَقِیق | (ع۔ا۔مذ) ایک سرخ رنگ کا قیمتی پتھر |
| عَقیقِ یَمن | (ع۔ا۔مذ) اعلیٰ قسم کا عقیق |
| عَکس | (ع۔ا۔مذ) سایہ، پَرتو، پرچھائیں |
| عَکسِ خورشید | سورج کا عکس |

| | |
|---|---|
| عَلا / عُلا | (ع۔صف) بلند، اعلیٰ، بزرگ |
| عَلّام | (ع۔صف) بڑا جاننے والا، خدا کی صفت |
| عَلّامُ الغُیُوب | (ع۔صف) چُھپی ہوئی باتیں جاننیوالا |
| عَلامَت | (ع۔ا۔مث) نشان، نقش، آثار |
| عَلامتی | نشانی، علامت کے طور پر |
| عِلّت | (ع۔ا۔مث) بیماری، وجہ، سبب |
| عَلَم | (ع۔ا۔مذ) جھنڈا، نشان |
| عُلَماء | (ع۔ا۔مذ) عالم کی جمع، عالم فاضل لوگ |
| عَلَمبَردار | (عف۔صف) جھنڈا اُٹھانیوالا، پیش پیش |
| عِلمِ غَیب | (ع۔ا۔مذ) پوشیدہ باتوں کا علم |
| علمِ فاضل | ضرورت سے زیادہ علم، یعنی علمِ ضروری سے زیادہ علم |
| علمِ لدن | علمِ عطائی |
| علمِ لَدُنّی | (ع۔ا۔مذ) وہ خاص علم جو خدا کی طرف سے براہِ راست حاصل ہو |
| عَلَن | (ع۔صف) ظاہر، آشکار |
| عُلوی | (ع۔صف) آسمانی، بلند، سِفلی کی ضد |
| عَلی الدَّوَام | (ع۔صف) دوامی، دائمی، ہمیشہ |
| عَلی زاد | علی کا بیٹا |
| علی زادی | علی کی بیٹی |
| عَلی شاہ | علی شہنشاہ |
| عَلِیل | (ع۔صف) بیمار، کمزور، ضعیف |
| عَلِیم | (ع۔صف) جاننے والا، دانا، صاحبِ علم |
| عِلّیّین | (ع۔ا۔مث) علی کی جمع، بہشت |

| | |
|---|---|
| عِمَامَہ | (ع۔ا۔مذ) پگڑی، دستار، تاج |
| عمرِ گرانمایہ | قیمتی عمر |
| عَمَل | (ع۔ا۔مذ) کام، فعل |
| عَمِیق | (ع۔صف) گہرا، کامل |
| عَمِیم | (ع۔صف) عام، پُورا، تمام، بہت، کثیر، سب پر حاوی، سب میں شامل |
| عَنا | (ع۔ا۔مذ) رنج، غم، دکھ، تکلیف |
| عِنَایات | (ع۔ا۔مث) عنایت کی جمع، مہربانیاں |
| عِنَایَت | (ع۔ا۔مث) مہربانی، بخشش، تحفہ |
| عَنبَر | (ع۔ا۔مذ) ایک خوشبودار مومی مادّہ جو سمندر کی سطح پر ملتا ہے، ایک قسم کی مچھلی جس کے پیٹ میں مادّہ تولید ہوتا ہے جسکو جلانے سے بہت اچھی خوشبو آتی ہے۔ |
| عَنبرین / عَنبریں | (عف۔صف) عنبر کی خوشبو دینے والا |
| عَندَلِیب | (ع۔ا۔مث) بُلبُل، ایک پرندہ |
| عَوَالِم | (ع۔مذ) عالَم کی جمع |
| عِوَج | (ع) کجی، پیچیدگی، فریب |
| عِوَض | (ع۔ا۔مذ) بدلہ، معاوضہ، اجر، جزاء |
| عِیَال | (ع۔ا۔مذ) کنبہ، بیوی بچّے، متعلقین |
| عِیَالُ اللہ | خدا کا کنبہ |
| عِیان / عِیاں | (ع۔صف) آشکار، ظاہر، نمودار |
| عیاناً | ظاہراً، ظاہر میں |
| عیان ونہان | آشکار اور پوشیدہ |
| عَیب | (ع۔ا۔مذ) نقص، بُرائی، خرابی، گناہ |

| | |
|---|---|
| عَیب و نِسیان | نقص اور غلطیاں |
| عِید | (ع ـ ا ـ مث) خوشی، خوشی کا تہوار |
| عِیدِ غَدِیر | (ع ـ ا ـ مث) حضورؐ نے غدیرِ خم کے مقام پر مولا علیؑ کی جانشینی کا اعلان فرمایا کہ جس کی جشن کا یہ دن ہے |
| عِیدِ نوروز | (ع ـ ا ـ مث) ایرانی سال کا پہلا دِن |
| عَیش | (ع ـ ا ـ مذ) خوشی، آرام، نشاط، مزہ |
| عَین | (ع ـ ا ـ مث) آنکھ، چشم، نین |
| عینِ حال | حقیقتِ حال |
| عَینَین | دو آنکھیں |

## غ

| | |
|---|---|
| غَازِی | (ع ـ ا ـ مذ) کافروں سے لڑنیوالا، فتح مند |
| غَافِر | (ع ـ صف) بخشنے والا، معاف کرنیوالا |
| غَالِب | (ع ـ صف) زبردست، غلبہ پانے والا |
| غبارِ دہر | زمانے کا گرد و غبار، زمانے کی دھول |
| غَرب | (ع ـ ا ـ مذ) سورج ڈوبنے کی جگہ، مغرب |
| غَرق | (ع ـ صف) ڈوبا ہوا، غریق |
| غَرقاب | (ع ـ صف) پانی میں ڈوبا ہوا |
| غَرقِ نور | نور میں ڈوب جانا |
| غرقۂ بحرِ کرم | مہربانی کے سمندر میں ڈوب جانا |
| غَرقۂ حیرت | حیرت میں ڈوب جانا |
| غریب | (ع ـ صف) نادر، عجیب، اجنبی، عاجز |
| غریب ابنِ غریب | غریب کا بیٹا غریب |
| غریبان | غریب کی جمع |
| غریبم | میں غریب ہوں، میں عجیب ہوں |
| غَرِیق | (ع ـ صف) ڈوبا ہوا، سمایا ہوا |
| غَزَال | (ع ـ ا ـ مذ) ہرن کا بچہ، ہرن |
| غزل خوان | (عف ـ صف) غزل پڑھنے والا |
| غفّار | (ع ـ صف) بڑا بخشنے والا، ڈھانپنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام |
| غَفُور | (ع ـ صف) بڑا بخشنے والا، گناہوں کو چھپانے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام |
| غِلاف | (ع ـ ا ـ مذ) نیام، خانہ، خول، تکیہ |
| غُلامانیم | ہم غلام ہیں |
| غَلبَہ | (ع ـ ا ـ مذ) جیت، برتری، بالادستی |
| غَلبۂ ملی | قومی غلبہ |
| غُلغُلَہ | (ف ـ ا ـ مذ) شور و غُل، دھوم، ہنگامہ |
| غِلْمان | (ع ـ ا ـ مذ) غلام کی جمع، بہشت کے رِجال |
| غَمَام | (ع) سفید بادل |
| غَمخوار | (عف ـ صف) ہمدرد، دُکھ درد کا شریک |
| غمِ وحشت | وحشت کی اداسی، دیوانگی کا غم |
| غَمِین / غَمیں | (عف ـ صف) غمگین، رنجیدہ، اُداس |
| غِنا | (ع ـ ا ـ مث) دولتمندی، تونگری |
| غنچہ | (ف ـ ا ـ مذ) کلی، شگوفہ |
| غنچہ دہن | (ف ـ صف) کلی کی مانند منہ، معشوق |
| غنچے | غنچہ کی جمع، کلی، شگوفے |
| غَنِی | (ع ـ صف) دولت مند، بے نیاز |
| غَنِیمَت | (ع ـ ا ـ مث) لُوٹ کا مال، قابلِ قدر، عمدہ |

| | |
|---|---|
| غَوّاص | (ع۔ا۔مذ) غوطہ لگانے والا، غوطہ خور |
| غَوغَا | (ف۔ا۔مذ) ہنگامہ، شور |
| غَیب | (ع۔ا۔مذ) پوشیدہ، غائب، اوجھل |
| غَیب دَان | (عف۔صف) پوشیدہ حال جاننے والا |
| غَیرت | (ف۔ا۔مث) لحاظ،شرم، احساسِ عزّت |
| غَیرتِ ملی | قومی غیرت |
| غَیرفانی | (ع۔صف) دائمی، ابدی، کبھی نہ مرنے والا، ہمیشہ رہنے والا |

## ف

| | |
|---|---|
| فَاتِح | (ع۔ا۔مذ) فتح یاب، ابتدا کرنے والا |
| فاخِر | (ع۔ا۔مذ) فخر کرنے والا، بیش قیمت |
| فَاش | (ع۔صف) ظاہر، آشکار |
| فائض النّور | نور بخشنے والا، نور عطا کرنے والا |
| فَتّاح | (ع۔صف) فتح کرنے والا، کھولنے والا، خداتعالیٰ کا ایک صفاتی نام |
| فتادہ (اُفتادہ) | (ف۔صف) پڑا ہوا، گرا پڑا، درماندہ |
| فَتح | (ع۔ا۔مث) جیت، ظفر، کامیابی |
| فَتحِ عالَم | کائنات کی فتح |
| فُتُوحات | (ع۔ا۔مث) فتح کی جمع الجمع، کامیابیاں |
| فَخرِ عَرَب | وہ جس پر عرب ناز کرتی ہے |
| فِداکارانہ | جان نثاری سے |
| فِدَائی | (ع۔ا۔مذ) جان نثار، عاشق، سر دینے والا |
| فِدْوِی | (ع۔صف) جان نثار، قربان ہونے والا |
| فَرَاز | (ف۔ا۔مذ) اونچائی، بلندی، کشادہ |

| | |
|---|---|
| فَرَاغ | (ع۔ا۔مذ) فرصت، مہلت، سُکھ چین |
| فِرَاوانی | (ف۔ا۔مث) کثرت، زیادتی، افراط |
| فَرج | (ع۔ا۔مث) شگاف، سوراخ، چھید، عورت کا اندام نہانی |
| فَرْحَان | (ع۔صف) شاداں، خوش، مسرور |
| فَرحَت | (ع۔ا۔مث) خوشی، مسرت، شادمانی |
| فِردَوس | (ع۔ا۔مذ) باغِ جنت، گلشن، بہشت |
| فِردَوسِ برین | (ع۔ا۔مذ) سب سے اونچی جنت |
| فَرزَند | (ف۔ا۔مذ) بیٹا، لڑکا، اولاد |
| فَرش | (ع۔ا۔مذ) زمین، سطحِ زمین |
| فِرشتۂ بزرگ | عظیم یا بڑا فرشتہ |
| فِرشتۂ جدّ | حضرتِ اسرافیلؑ |
| فِرشتۂ ناقور | حضرتِ اسرافیل کا ٹائٹل |
| فَرشی | (ع۔صف) زمینی، فرش سے منسوب |
| فَرط | (ع۔ا۔مث) زیادتی، غلبہ، کثرت |
| فُرقَان | (ع۔صف) حق اور باطل میں فرق کرنے والا، قرآنِ شریف، کلامِ مجید |
| فُرقَت | (ع۔ا۔مث) جُدائی، علیحدگی |
| فَرمان روا | (ف۔صف) حاکم، حکمران، بادشاہ |
| فُروزان / فرُوزاں | (ف۔صف) تابندہ، روشن، منوّر |
| فروغ | (ف۔ا۔مذ) روشنی، نور، چمک دمک |
| فروغِ دین | دین کی روشنی |
| فروغِ صبحِ عرفان | معرفت کی صبح کی روشنی |
| فَریَاد رَس | (ف۔صف) فریاد کو سننے والا، مددگار |

| | |
|---|---|
| فریب | (ف۔ا۔مذ) دَغا، مکر، دھوکا، جھانسا |
| فِریبِ نفس | نفس کا دھوکا |
| فریش | (بروشسکی) پھیل جانا |
| فَرِیضَه | (ع۔ا۔مذ) واجب، لازم، حکم |
| فِزا | (ف۔صف) بڑھانے والا، زیادہ کرنیوالا |
| فَزُون / فَزُون | (ف۔صف) زیادہ، بیش، بڑھاہوا |
| فِسق | (ع۔ا۔مذ) نافرمانی، جرم، گناہ |
| فَضِیلَت | (ع۔ا۔مث) بڑائی، بزرگی، برتری |
| فِطری | (ع۔صف) پیدائشی، فطرت کے مطابق |
| فَعّال | (ع۔ا۔مبالغہ) بہت زیادہ کام کرنیوالا، سرگرم، اللہ تعالیٰ کا ایک نام |
| فُقَراء | (ع۔ا۔مذ) فقیر کی جمع |
| فکرِ فردَا | (عف۔ا۔مث) مستقبل کی فکر |
| فکرِ قرآنی | قرآن میں غوروفکر کرنا |
| فَلک | (ع۔ا۔مذ) آسمان، چرخ |
| فُل مُون | پورا چاند |
| فَمّ | (ع۔ا۔مذ) دہن، منہ |
| فَن | (ع۔ا۔مذ) ہنر، کاریگری، صنعت |
| فَنا | (ع۔ا۔مث) نیستی، موت، عدم |
| فَنا فِی اللّٰه | (ع۔ا۔مث) خدا میں فنا ہونے کا مرتبہ |
| فنا فی النُّور | نور (خدا) میں فنا ہونا |
| فنِ دلبری | معشوقانہ اداؤں کا فن |
| فُنُون | (ع۔ا۔مذ) فن کی جمع، علوم، ہنر |
| فوّارۂ نور | نور کا چشمہ |
| فَوق | (ع۔ا۔مذ) اوپر، بالا، بلند، اونچا |
| فِی | (ع۔حرفِ جار) اندر، درمیان، بیچ |
| فِی الْاَصل | (ع۔متعلق فعل) دراصل، حقیقت میں |
| فی الفور | (ع۔متعلق فعل) فوری طور پر، جلد ہی |
| فیروز | (ف۔صف) فتح مند، کامران، کامیاب |
| فَیض | (ع۔ا۔مذ) فائدہ، نفع، سخاوت |
| فَیضان | (ع۔ا۔مذ) بڑا فائدہ، بڑی بخشش |
| فَیض بخش | (ف۔مذ) فائدہ بخشنے والا |
| فُیُوضَات | فُیُوض کی جمع، فیض کی جمع الجمع |

## ق

| | |
|---|---|
| قَابِض | (ع۔صف) قبضہ کرنے والا |
| قَابِل | (ع۔صف) لائق، اہل، تجربہ کار |
| قَادِر | (ع۔صف) قدرت والا، طاقت رکھنے والا، غالب، مختار، خدا کا صفاتی نام |
| قَادِرِ مُطلق | (عف۔صف) بے حساب قدرت کا مالک |
| قاری | (ع۔ا۔مذ) پڑھنے والا، قرآن پڑھنے والا |
| قاصِر | (ع۔صف) کوتاہی کرنے والا، مجبور |
| قَاضی الْحَاجَات | (ع۔صف) حاجتوں کو پورا کرنے والا |
| قاضیٔ محشر | قیامت کے دن فیصلہ کرنے والا |
| قَافِلَه | (ع۔ا۔مذ) کارواں، مسافروں کا گروہ |
| قالبِ خاکی | (ع۔ا۔مذ) جسمِ خاکی، بدن، انسان |
| قانِت | (ع۔صف) فرمانبردار، پرہیزگار، متقی |
| قائِل | (ع۔صف) تسلیم کرنے والا، ماننے والا |
| قائمِ دوران | زمانے کا قائم |

| | |
|---|---|
| قائمِ شناس | قائم کو پہچاننے والا |
| قبا | (ع۔ا۔مث) پوشاک |
| قَبلاً | (ف) اس سے پہلے |
| قِبلَه | (ع۔ا۔مذ) خانہ کعبہ کہ جس کی طرف منہ کرکے مسلمان نماز پڑھتے ہیں |
| قِبلَه نُما | (عف۔ا۔مذ) قطب نما، وہ آلہ جس سے قبلہ کی سمت کا تعیّن ہو |
| قتِیل | (ع۔صف) مقتول، شہید |
| قَدر | (ع۔ا۔مث) بزرگی، عزّت، مرتبہ |
| قُدرَت | (ع۔ا۔مث) طاقت، حوصلہ، خدا تعالیٰ کی طاقت، فطرت، شانِ الٰہی |
| قدرتِ کامله | (ع۔ا۔مث) پوری طاقت، مکمل قدرت، بےانتہا طاقت |
| قَدردان | (عف۔صف) قدرشناس، سرپرست |
| قَدردانی | (عف۔مث) قدرشناسی، سرپرستی |
| قُدسی | (ع۔صف) مقدس، پاک، پاکیزہ |
| قُدسِیان | (ع۔صف) قدسی کی جمع |
| قدم بُوسی | (عف۔ا۔مث) پیر چومنا |
| قُدُّوس | (ع۔صف) بڑا پاک، خدا کا صفاتی نام |
| قُدوۂ کاملان | کامل انسانوں کا پیشوا |
| قَدِیر | (ع۔صف) قدرت والا، خدا کا صفاتی نام |
| قَدیم | (ع۔صف) اَزلی، ابدی، ہمیشہ کا، جس کی ابتداء وانتہا نہ ہو |
| قرآنِ اقدس | مقدس قرآن |

| | |
|---|---|
| قرآنِ صامت | خاموش قرآن |
| قرآنِ گویا | بولتا قرآن |
| قرآنِ ناطق | بولتا قرآن |
| قراطیس | (ع۔مذ) قرطاس کی جمع، کاغذات |
| قُرب | (ع۔ا۔مذ) نزدیکی، قرابت، منزلت |
| قُرّۃُ العَین | (ع۔ا۔مذ) آنکھوں کی ٹھنڈک، اولاد |
| قِرطَاس | (ع۔ا۔مذ) کاغذ |
| قَرِین | (ع۔صف) قریب، دوست، ہم نشین |
| قَریَه | (ع۔ا۔مذ) گاؤں |
| قِزل | (ت۔صف) سُرخ، لال |
| قِزلِ گُل | سُرخ پھول، گلاب |
| قَسَاوَت | (ع۔ا۔مث) بےرحمی، سنگدلی، سختی |
| قسیمِ نار و جِنان | دوزخ اور بہشت تقسیم کرنے والا |
| قطره | (ع۔ا۔مذ) پانی یا کسی رقیق چیز کی بوند |
| قطرۂ کم | جسکی کوئی اہمیت نہ ہو |
| قطرۂ ہیچ | بےمقدار قطرہ |
| قُفل | (ع۔ا۔مذ) تالا |
| قَلب | (ع۔ا۔مذ) دل، ضمیر، من، وسط |
| قَلبِ سوخته | افسردہ دل |
| قلعَه | (ع۔ا۔مذ) وہ مضبوط عمارت جس میں بادشاہ حاکم یا فوج رہے |
| قلعه کُشا | (عف۔صف) قلعہ فتح کرنے والا |
| قلعۂ آهن | لوہے کا قلعہ |
| قُلقُل | (ع۔ا۔مذ۔مث) صراحی یا بوتل سے |

| | |
|---|---|
| | شراب نکلنے کی آواز، مہمل کلام |
| قُلُوب | (ع۔ا۔مذ) قلب کی جمع |
| قُلی | (ت۔ا۔مذ)غلام، مزدور، بوجھ اٹھانیوالا |
| قُم | (ع۔ا۔مذ) اُٹھ، جی اُٹھ، کھڑا ہو |
| قَمَر | (ع۔ا۔مذ) چاند، ماہ |
| قُمقمہ | (ع۔ا۔مذ) چھوٹا قندیل، بجلی کا بلب |
| قَناعَت | (ع۔ا۔مث) جو ملے اُسی پر راضی ہونا |
| قنبر | حضرت علی کا غلام |
| قَند | (ع۔ا۔مذ) شکر، چینی، کھانڈ |
| قَند و شکر | چینی |
| قِندِیل | (ع۔ا۔مث) ایک قسم کا شیشے کا برتن |
| | جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں، لالٹین |
| قُوَّت | (ع۔ا۔مث) طاقت، زور، توانائی |
| قَوم | (ع۔ا۔مث) فرقہ، نسل، آدمیوں کا |
| | گروہ، کسی ایک ملک کے باشندے |
| قَوِی | (ع۔صف) طاقتور، توانا، مضبوط، |
| | مستحکم، خداتعالیٰ کا ایک صفاتی نام |
| قِیام | (ع۔ا۔مذ) کھڑا ہونا، اُٹھنا، استقلال |
| قیامت خیز | (عف۔صف) قیامت اٹھانے والا |
| قَیّوم | (ع۔صف)ہمیشہ قائم رہنے والا، غیر فانی، |
| | ابدی و ازلی خداوند تعالیٰ کا ایک صفاتی نام |

## ک

| | |
|---|---|
| کاتِب | (ع۔ا۔مذ) کتابت کرنے والا، لکھنے والا |
| کار | (ف۔ا۔مذ)فعل، کام کاج، ہنر، پیشہ |
| کارِ خیر | (فع۔ا۔مذ) نیکی کا کام، بھلائی کا کام |
| کارساز | (ف۔صف) کام بنانے والا، صانع، |
| | مددگار، قادرِ مطلق |
| کار نیست | کام نہیں ہے |
| کاشف | (ع۔صف)ظاہر کرنے والا، کھولنے والا |
| کاشفِ اسرار | بھیدوں کو کھولنے والا |
| کاشفِ اسرارِ قیامت | قیامت کے بھیدوں کو کھولنے والا |
| کاف و نُون | (ع۔ا۔مذ) کلمہ "کُن" کا مخفف |
| کافی | (ع۔صف) بہت، اُتنا جتنی ضرورت ہو |
| کامرانی | (ف۔ا۔مث) کامیابی، خوش نصیبی |
| کامگار | (ف۔صف) خوش قسمت، اقبال مند |
| کامِل | (ع۔صف) مکمل، عارف، خدارسیدہ |
| کان | (ف۔مث) خزانہ، سرچشمہ، منبع |
| کانِ حلاوت | مٹھاس کا خزانہ، شیرینی کا منبع |
| کانِ راحت | خوشی و مسرت کا سرچشمہ |
| کانِ عطا | بخشش کا سرچشمہ |
| کانِ کرم | بزرگی کی کان، مہربانی کی کان |
| کاوِش | (ف۔ا۔مث) تلاش کرنا، کھوج لگانا |
| کِبرِیَا | (ع۔ا۔مذ)بزرگی، بڑائی، خداتعالیٰ کا نام |
| کبیر | (ع۔صف) بڑا، بزرگ، سردار |
| کتابُ اللّٰہ | اللہ کی کتاب (قرآن) |
| کتابِ ضخیم | بہت موٹی کتاب، بڑے حجم والی کتاب |
| کتابِ مستطاب | مبارک کتاب، پاکیزہ کتاب |
| کُتُب | (ع۔ا۔مث) کتاب کی جمع |

| | | | |
|---|---|---|---|
| کَثرت | (ع۔ا۔مث) زیادتی، افراط، بہتات | کَشف | (ع۔ا۔مذ) کھولنا، ظاہر کرنا، پردہ اٹھانا |
| کَثیر | (ع۔صف) بہت زیادہ، بےشمار | کَشفِ ساق | پنڈلی کھولنا |
| کثیف | (ع۔صف) غلیظ، گندا، گاڑھا | کَعبۂ جان | دل، امام |
| کُجا | (ف۔تابع فعل) کہاں، کس جگہ | کُفر | (ع۔ا۔مذ) خدا کو نہ ماننا، انکار، بے دینی |
| کَج کُلاہ | (ف۔صف) ترچھی ٹوپی، ٹیڑھی ٹوپی والا | کُلّ | (ع۔صف) ہر، تمام، سب، جملہ |
| کَرّار | (ع۔صف) لگاتار حملہ کرنے والا، ڈٹا | کَلامُ اللّٰہ | (ع۔مذ) خدا کا کلام، قرآن مجید |
| | رہنے والا، حضرت علیؑ کا لقب | کلامِ جانفزا | جان میں اضافہ کرنے والا کلام |
| کِراماً کاتِبین | (ع۔ا۔مذ) اعمال لکھنے والے دو فرشتے | کَلان / کَلاں | (ف۔صف) بڑا، بزرگ، بلند |
| کَرامَت | (ع۔ا۔مث) بزرگی، بڑائی، فضیلت | کُلاہ | (ف۔ا۔مث) لمبی ٹوپی، تاج شاہی |
| کِردگار | (ف۔ا۔مذ) پیدا کرنیوالا، خالق، خدا تعالیٰ | کَلب | (ع۔ا۔مذ) کُتا، سگ |
| کُرسی | (ع۔ا۔مث) تختِ الٰہی کا مقام، تخت | کُلِّ شَی | ہر چیز، تمام چیزیں |
| کرِشمَہ | (ف۔ا۔مذ) حیرت انگیز یا انوکھی بات | کُلِّ کُلّیاتِ علوم | وہ علم جس میں تمام علوم کا خلاصہ ہو |
| کَرَم | (ع۔ا۔مذ) عنایت، بخشش، مہربانی | کِلکِ یار | دوست کا قلم |
| کرّ و فرّ | جاہ و جلال | کَلِمات | (ع۔ا۔مذ) کلمہ کی جمع |
| کُرّہ | (ع۔ا۔مذ) گول چیز، گیند، جرمِ فلکی | کَلِمَہ | (ع۔ا۔مذ) لفظ، بات، قول |
| کُرّۂ اَرض | (عف۔ا۔مذ) زمین جو گیند کی شکل کی ہے | کُلّی | (ع۔صف) سارا، پورا، تمام، کامل |
| کَرِیم | (ع۔ا۔مذ) بخشنے والا، سخی، مہربان، | کُلّیات | (ع۔ا۔مذ) کُلّ کی جمع |
| | فیّاض، خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام | کلید | (ف۔ا۔مث) چابی، کنجی |
| کِسوَت | (ع۔ا۔مث) لباس، پوشاک، جامہ | کمال | (ع۔ا۔مذ) ہنر، قابلیت، کامل، انتہا |
| کَس و ناکَس | (ف۔ا۔مذ) ادنیٰ و اعلیٰ، خاص و عام | کمالِ دلبری | معشوقیت کی انتہا |
| کُشا | (ف۔صف) کھولنے والا، حل کرنے والا | کمالِ عِزِ انسانی | انسانی شرف و بزرگی کی انتہا |
| کُشائِش | (ف۔ا۔مث) کشادگی، فراخی، وسعت | کمان اَبرُو | (ف۔صف) جس کی بھویں خمیدہ ہوں |
| کِشت | (ف۔ا۔مث) کھیتی، بویا ہوا کھیت | کُمہلانا | (ہ۔مص) مُرجھانا، سُوکھنا، خشک ہونا |
| کَشِش | (ف۔ا۔مث) کھنچاؤ، دلربائی، رغبت | کَمَند | (ف۔ا۔مث) پھندا، حلقہ |

| | |
|---|---|
| کمیاب | وہ چیز جو کم دستیاب ہو، نادر |
| کُن | (ع۔صیغۂ امر حاضر) ہو جا |
| کُنان | (ف) کرتے ہوئے |
| کِنایَت | (ع۔مث) کِنایہ، اشارہ، پوشیدہ بات |
| کِنایَہ | (ع۔مذ) اشارہ، رمز، راز |
| کِنایَۂ حُور | رازِ حُور، حور کا اشارہ |
| کَند | (ھ۔ا۔مث) جڑ، بیج |
| کُندن | (ھ۔ا۔مذ) خالص سونا |
| کَنز | (ع۔ا۔مذ) گنجینہ، خزانہ |
| کَنزِ پنہاں | چھپا ہوا خزانہ |
| کَنزِ رحمان | رحمان یعنی خدا کا خزانہ |
| کَنزِ عرفان | معرفت کا خزانہ |
| کَنزِ قرآن | قرآن کا خزانہ |
| کَنزِ کُلّی | پورا خزانہ |
| کَنزِ لامکان | لامکان کا خزانہ |
| کَنزِ مخفی | چھپا ہوا خزانہ |
| کُن سُوی | برابر کرنا |
| کنُعان | (ع۔ا۔مذ) ملکِ شام کا صوبہ فلسطین |
| کُن فکان | (ع۔فعل) خداوند تعالیٰ نے کہا ہو جا تو وہ ہو گیا |
| کُن فَیَکُون | (ع۔فعل) ہو جا! پس وہ ہو جاتا ہے |
| کُنُوز | کنز کی جمع، خزانے |
| کَنیز | (ف۔ا۔مث) لونڈی، باندی، ملازمہ |
| کوثَر | (ع۔ا۔مذ) بہشت کی ایک نہر، جنت کا |

| | |
|---|---|
| | حوض، پاک کیا ہوا پانی |
| کُوچہ | (ف۔ا۔مذ) گلی، محلّہ |
| کُوچۂ جانان | جانان کی گلی |
| کُور | (ف۔صف) نابینا، تاریکی، اندھیرا |
| کوشان / کوشاں | (ف۔صف) کوشش کرنے والا |
| کومل | (ہ۔صف) نرم، ملائم، نازک |
| کَون | (ع۔ا۔مذ) وجود میں آنا، دنیا، ہستی |
| کَونِ امکان | وہ وجود جس میں تمام چیزیں ممکن نظر آئیں |
| کَون و مکان | (ع۔ا۔مذ) دنیا، جہان |
| کَونَین | (ع۔ا۔مذ) دونوں جہان، دنیا و آخرت |
| کوہِ جودی | (ف۔ا۔مذ) وہ پہاڑ جس پر حضرت نوح کی کشتی طوفان کے ختم ہو جانیکے بعد ٹھہری تھی |
| کوہِ طور | (ف۔مذ) ملکِ شام کا وہ پہاڑ جس پر خدا نے حضرت موسیٰ کو اپنی تجلّی دکھائی تھی |
| کوھستان | (ف۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں کثرت سے پہاڑ ہوں، پہاڑی ملک، پہاڑوں کا سلسلہ |
| کُہن سال | (ف۔صف) بڑی عمر والا، بُوڑھا |
| کہنہ درمان | قدیم دوا، آزمودہ دوا |
| کیست | کون ہے |
| کَیف | (ع۔ا۔مذ) نشہ، خمار، سرور، حالت |
| کَیف آور | سرور پیدا کرنے والا |
| کَیفِ فنا | فنا کی کیفیت |
| کَیف و کم | (ع۔صف) کیسا اور کتنا |
| کیمیا | (ع۔ا۔مث) اکسیر، خاصیتِ اشیاء کا علم، |

| | |
|---|---|
| | رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانے والا |
| کیمیائے عشق | اکسیرِ عشق |

## گ

| | |
|---|---|
| گام | (ف۔ا۔مذ) قدم، ایک قدم کا فاصلہ |
| گاہ | (ف۔ا۔مذ) جگہ، مکان، مقام، وقت |
| گاہ گاہ | (ف۔تابع فعل) کبھی کبھی، کسی کسی وقت |
| گدا | (ف۔ا۔مذ) فقیر، غریب، مفلس |
| گدائے علمِ روحانی | روحانی علم کا فقیر |
| گِرامی | (ف۔صف) محترم، بزرگ، مکرّم |
| گِران / گِراں | (ف۔صف) قیمتی، انمول، وزنی |
| گِرانقدر | (ف۔صف) عالی مرتبہ، صاحبِ اعزاز |
| گِرانمایہ | (ف۔صف) نفیس، قیمتی |
| گرچہ | (ف۔حرفِ شرط) اگرچہ کا مخفف |
| گِرد | (ف۔صف) آس پاس، گول، حلقہ |
| گردا گِرد | (ف۔تابع فعل) اردگرد، چاروں طرف |
| گردان / گرداں | (ف۔ا۔مث) گردش کرتا ہوا، پھرتا ہوا |
| گرونی | (بروشسکی۔ا) دلہن |
| گروہ | (ف۔ا۔مذ) جماعت، منڈلی، قوم |
| گرویدہ | (ف۔صف) فریفتہ، عاشق |
| گِری | (ہ۔ا۔مث) مغز، تخم، گودا، بھیجا |
| گِریان / گِریاں | (ف۔صف) آنسو بہاتے ہوئے |
| گِریَہ | (ف۔ا۔مذ) رونا، آنسو بہانا |
| گِریہ کُناں | (ف۔صف) روتے ہوئے |
| گِریہ و زاری | (ف۔ا۔مث) زاروقطار آنسو بہانا |
| گُستَر | (ف۔صف) پھیلانے والا |
| گشت | (ف۔ا۔مث) چہل قدمی، چکر لگانا |
| گشتم | (میں) ہوگیا |
| گفتار | (ف۔ا۔مث) کلام، گفتگو |
| گُل | (ف۔ا۔مذ) پھول |
| گُل اَندام | (ف۔صف) پھول جیسے نازک بدن والا |
| گُل بدامن | دامن میں پھول ہونا |
| گُل بدن | (ف۔صف) پھول جیسے نازک بدن والا |
| گُل بُو | (ف۔ا۔مث) پھول کی خوشبو |
| گُلِ پَیرہن | (ف۔صف) پھولوں کے سے لباس والا |
| گُلِ جاوِید | زندہ پھول |
| گُلچین / گُلچیں | (ف۔صف) پھول چننے والا، باغبان |
| گُلخَن | (ف۔ا۔مذ) بھٹی، چولہا، تنور |
| گُلِ خندان | (ف۔صف) کھلتا ہوا پھول |
| گُلدَستہ | (ف۔ا۔مذ) پھولوں کا گچھا |
| گُلِ رَعنا | (ف۔ا۔مذ) سرخ رنگ کا پھول |
| گُل رُو | (ف۔ا) پھول جیسے چہرے والا |
| گُل ریز | (ف۔ا۔مذ) پھول بکھیرنے والا |
| گُلزار | (ف۔ا۔مذ) باغ، گلشن، چمن |
| گُلِستان | (ف۔ا۔مذ) پھولوں کا باغ، گلزار |
| گُلِ سوری | (ف۔ا۔مث) ایک بہت خوشبودار گلاب |
| گُلِ سوسَن | (ف۔ا۔مذ) آسمانی رنگ کا ایک پھول |
| گُلشَن | (ف۔ا۔مذ) باغ، گلزار، چمن |
| گُل عَذار | (ف۔ا۔مذ) پھول جیسے رخساروں والا |

| | |
|---|---|
| گُلفام | (ف۔صف) پھول جیسے رنگ کا، معشوق |
| گُل فشان | (ف۔صف) پھول بکھیرنے والا، خوش بیان |
| گُل فشانی | (ف۔ا۔مث) پھول بکھیرنا، خوش بیانی |
| گُلقَند | (ف۔ا۔مذ) ایک دوا جو گلاب کے پھولوں کو شکر میں ملا کر بناتے ہیں |
| گُلگون | (ف۔صف) گلاب کے رنگ جیسا |
| گُل مِیری | ایک پھول |
| گُلنار | (ف۔ا۔مذ) ایک درخت جو انار سے مشابہ ہوتا ہے، انار کے پھول |
| گُماشته | (ف۔ا۔مذ) جو کسی کام پر مقرر کیا گیا ہو، کارندہ، منیم، وکیل |
| گُمان | (ف۔ا۔مذ) خیال، اندازہ، قیاس |
| گُم گشته | (ف۔صف) گم شدہ، کھویا ہوا |
| گَنج | (ف۔ا۔مذ) خزانہ |
| گنجِ اسرارِ خدا | خدا کے رازوں کا خزانہ |
| گنجِ انوارِ خدا | خدا کے انوار کا خزانہ |
| گنجِ بخشِ اسمِ اعظم | اسمِ اعظم کا خزانہ عطا کرنے والا |
| گنجِ پنہان | چھپا ہوا خزانہ |
| گنجِ حقائق | حقیقتوں کا خزانہ |
| گنجِ حکمت | حکمت کا خزانہ |
| گنجِ خدا | خدا کا خزانہ |
| گنجِ کرم | مہربانی کا خزانہ |
| گنجِ گران | قیمتی خزانہ |

| | |
|---|---|
| گنجِ گران مایہ | قیمتی خزانہ |
| گنجِ گوہرِ لاہوت | عالمِ لاہوت کے جواہرات کا خزانہ |
| گنجِ لقمانی | حضرت لقمان کا خزانہ |
| گنجِ مخفی | پوشیدہ خزانہ |
| گنجِ نہان | پوشیدہ خزانہ، چھپا ہوا خزانہ |
| گنج ہا | گنج کی جمع، خزانے |
| گنجینہ | (ف۔ا۔مذ) خزانہ |
| گنجینۂ اقبال | خوش نصیبی کا خزانہ |
| گنجینۂ دائم | دائمی خزانہ |
| گنجینۂ گہر | موتیوں کا خزانہ |
| گو | بولو، گفتن سے امرِ واحد مخاطَب |
| گوَاہ | (ف۔ا۔مذ) شاہد، ثبوت پہنچانے والا |
| گوش | (ف۔ا۔مذ) کان، سمع، اُذن |
| گوش کُن | سُن لو! |
| گُونا گُون | (ف۔صف) طرح طرح کا، رنگ برنگی |
| گُونه | (ف۔صف) اسلوب، وضع، کسی قدر |
| گوہر | (ف۔ا۔مذ) موتی، جواہر، قیمتی پتھر |
| گوہرافشان | (ف۔صف) موتی برسانیوالا، خوش بیان |
| گوہرافشانی | (ف۔مث) موتی برسانا |
| گوہَر بار | (ف۔صف) موتی برسانے والا |
| گوہر زا | موتی پیدا کرنے والا |
| گوہرِ کان | کان کا موتی، کان کا گوہر |
| گوہرِ مکنون | پوشیدہ قیمتی موتی |
| گوہرِ نُما | موتی کی طرح |

| | |
|---|---|
| گویا | (ف۔صف) بولنے والا، خوش گفتار |
| گوید | بولتا ہے |
| گویند | کہنا، کہا جاتا ہے |
| گہر | (ف۔ا۔مذ) موتی، قیمتی پتھر، جوہر |

## ل

| | |
|---|---|
| لا | (ع۔کلمۂ نفی) نہیں، نا، بغیر، بنا |
| لاابتدا | جس کا کوئی آغاز نہ ہو |
| لاانتہا | جس کا کوئی انجام نہ ہو |
| لات و منات | زمانۂ جاہلیت کے دو بتوں کے نام |
| لاثانی | (ع۔صف) بے مثال، بے نظیر، یگانہ |
| لاریب | (ع۔تابع فعل) بے شک، یقیناً، بلاشبہ |
| لَازمی | (ار۔صف) ضروری، واجب |
| لازَوال | (ع۔صف) جس کو زوال نہ ہو، نہ ختم ہونے والا، غیر فانی، ازلی، قدیم |
| لاسیف الّا ذولفقار | (ع۔مقولہ) ذولفقار کے سوا کوئی تلوار نہیں |
| لافانی | (ع۔صف) جس کو فنا نہ ہو، ہمیشہ رہنے والا |
| لافتیٰ اِلّا علی | (ع۔مقولہ) علیؑ کے سوا کوئی بہادر نہیں |
| لاله | (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُرخ پھول |
| لاله زار | (ف۔ا۔مذ) گلستان، چمن، باغ |
| لاله فام | (ف۔صف) سُرخ رنگ کا، لال |
| لالی | (ہ۔ا۔مث) لال رنگ، سرخی، عزت |
| لامِسَه | (ع۔ا۔مث) چھونے کی قوّت |
| لامکان | (ع۔ا۔مذ) عالمِ قدس، روحانی عالم |
| لاہُوت | (ع۔صف) عالمِ ذاتِ الٰہی، جس مقام پر سالک کو فنا فی اللہ کا درجہ حاصل ہوتا ہے |
| لَایَزَال | (ع۔صف) ہمیشہ رہنے والا، دائمی، قدیم |
| لایَعْقل | (ع۔صف) بے عقل، نادان |
| لایَمُوت | (ع۔صف) جسے موت نہ ہو، غیر فانی |
| لا ینحل | (ع۔صف) وہ (مسئلہ) جو حل نہ ہو سکے |
| لَبَا لَب | (ف۔صف) لبریز، پوری طرح بھرا ہوا |
| لٹل اینجلز | ننھے فرشتے، دانشگاہِ خانۂ حکمت کے چھوٹے بچوں کی روحانی و علمی ترقی کے لئے قائم کردہ ایک ادارہ |
| لَحظه | (ع۔ا۔مذ) لمحہ، پل، پلک جھپکنے کا عرصہ |
| لَحنِ داؤدی | (ع۔ا۔مذ) حضرتِ داوٗدؑ کی سُریلی آواز، کنایتاً سُریلی آواز |
| لَختِ جِگر | (ف۔ا۔مذ) جگر کا ٹکڑا، اولاد، بیٹی، بیٹا |
| لذّات | (ع۔ا۔مث) لذّت کی جمع، ذائقہ، مزہ |
| لذّت گیر | لذّت اٹھانے یا لینے والا |
| لَرْزان / لَرْزاں | (ف۔صف) کانپتے ہوئے، لرزنے والا |
| لِسَان | (ع۔ا۔مث) زبان، بولی، بھاشا |
| لشکرِ جَرّار | (ف۔ا۔مذ) بڑا بھاری لشکر |
| لشکرِ قائمؑ | حضرت قائمؑ کا لشکر |
| لُطف | (ع۔ا۔مذ) مہربانی، عنایت، شفقت |
| لَطِیف | (ع۔صف) پاک، مقدس، نرم، ملائم |
| لُعْبَت | (ع۔ا۔مث) کھلونا، گڑیا، پتلی |
| لَعل | (ع۔ا۔مذ) سُرخ رنگ کا قیمتی پتھر |
| لعلِ بدخشان | (عف۔ا۔مذ) بدخشان کا لعل |

| | |
|---|---|
| لعلِ رُمّانی | (عف ـ ا ـ مذ) سُرخ رنگ کا لعل |
| لعلے تاج | سرخ پتھر کا تاج |
| لعلے کان | سرخ پتھر کی کان |
| لُغَت | (ع ـ ا ـ مذ ـ مث) بولی، زبان، فرہنگ |
| لَغزِش | (ف ـ ا ـ مث) لرزش، جنبش، کپکپی |
| لغزَندہ | پھسلنے والی |
| لُغوِی | (ع ـ صف) لغت سے منسوب، ماہرِ لغت |
| لفیف | (ع ـ صف) لپٹا ہوا، پیچیدہ، لوگوں کا ہجوم |
| لِقا | (ع ـ ا ـ مث) دیدار، ملاقات |
| لَقَب | (ع ـ ا ـ مذ) وصفی نام جو مشہور ہو گیا ہو |
| لَک / لَکھ | (ھ ـ ا ـ مذ) لاکھ کا مخفّف |
| لَگَن | چاہت، محبت |
| لَمس | (ع ـ ا ـ مذ) چُھونا |
| لَم یَزَل | (ع ـ صف) لازوال، ہمیشہ رہنے والا |
| لِوَا | (ع ـ ا ـ مذ) عَلَم، جھنڈا، فوج کا نشان |
| لَوح | (ع ـ ا ـ مث) لکھنے کی تختی |
| لَوحِ محفوظ | (ع ـ ا ـ مث) وہ تختی جس پر ازل ہی میں تمام چیزوں کو لکھ لیا گیا تھا اور وہ اس پر محفوظ ہیں |
| لَوح و قلم | (عف ـ ا ـ مذ) تختی اور قلم، تختی اور خامہ |
| لولاک | اگر تم نہ ہوتے (مراد حدیثِ لولاک)<br>حدیث: لولاک لما خلقت الافلاک<br>ترجمہ: اے رسولؐ! اگر آپ نہ ہوتے تو میں اس کائنات کو پیدا نہ کرتا۔ |

| | |
|---|---|
| لُؤلُؤ | (ع ـ ا ـ مذ) موتی، گوہر |
| **م** | |
| مَا | (ف ـ ضمیر) من کی جمع، ہم |
| ماتحت | (ع ـ صف) زیرِ حکم، نائب، مددگار |
| مَاشَاءَ اللّٰہ | (ع ـ متعلق فعل) جو خدا چاہے، خدا کی مرضی، یہ کلمۂ تحسین و آفرین کے طور پر کسی چیز کی تعریف کے موقع پر کہتے ہیں |
| مافی الضّمائر | دلوں میں موجود باتیں اور احوال |
| مالا کلام | جس میں کوئی شک نہ ہو |
| مالِ غنیمت | (عف ـ ا ـ مذ) دشمن کا وہ مال جو جنگ میں ہاتھ آئے |
| مالکِ مُلکِ قدیم | قدیم (ازلی) بادشاہی کا مالک |
| مالکِ ہر شئی | ہر چیز پر بادشاہ |
| مامُور | (ع ـ صف) مقرر، معیّن، متعیّن، حکم کیا گیا، اجازت دیا گیا |
| ماند | (ار ـ صف) بے آب و تاب، بے رونق |
| ماوا / ماویٰ | (ع ـ ا ـ مذ) جائے پناہ، گھر، ٹھکانا |
| ماورا | (ع ـ صف) مابعد، بجز، ماسوا، بالاتر |
| ماوطین | پانی اور مٹی |
| مَاہ | (ف ـ ا ـ مذ) چاند، قمر، ماہتاب، مہینہ |
| ماہِ انور | انتہائی روشن چاند |
| ماہ پارہ | (ف ـ صف) چاند کا ٹکڑا، حسین و جمیل |
| ماہتاب | (ف ـ ا ـ مذ) چاند، قمر، چاندنی |
| ماھتابِ چاردھم | چودھویں کا چاند |

| | |
|---|---|
| ماہِ تابان | (ف۔ا۔مذ) چمکدار چاند |
| ماہِ تمام | (ف۔صف) پورا چاند، ماہِ کامل |
| ماہ جبین | (ف۔صف) وہ جس کی پیشانی چاند کی مانند خوبصورت ہو، معشوق کی تعریف |
| ماہ رُخ / ماہ رُو | (ف۔صف) چاند جیسے چہرے والا، معشوق |
| ماہِ رخشان | چاند کی طرح چمکدار، تابناک |
| ماہِ سیما | (ف۔صف) چاند کی طرح حسین چہرہ |
| ماہِ کامِل | (ف۔صف) پورا چاند، ماہِ تمام، بدر |
| ماہِ کنعان | (ف۔ا۔مذ) حضرت یوسفؑ |
| ماہِ ما | ہمارا چاند، یعنی ہمارا معشوق |
| ماہِ من | میرا چاند، یعنی میرا معشوق |
| ماہِ مُنیر | (ف۔ا۔مذ) چمکنے والا چاند، معشوق |
| ماہِ ناز | معشوقانہ ادائیں جو چاند کی طرح حسین ہو |
| ماہ و انجم | چاند اور ستارے |
| مَاھٰذا بَشَراً | کیا یہ بشر ہے؟ |
| مَائِدَہ | (ع۔ا۔مذ) دسترخوان، قرآن کی ایک سُورۃ |
| ماءُ طَھُور | پاک وصاف پانی |
| مائِل | (ع۔صف) متوجہ، راغب |
| مایَہ | (ف۔ا۔مث) سرمایہ، پونجی، اصل |
| مایۂ ایمان | ایمان کی اصل، ایمان کا سرچشمہ |
| مایۂ تنویر | نورانی سرمایہ |
| مایۂ حُسن | حُسن کی پونجی |
| مایۂ درمان | دوا کا سامان |
| مایۂ عرفان | معرفت کی پونجی |
| مایۂ علم | مالِ علم، علم کی دولت |
| مایۂ ناز | (ف۔ا۔مذ) فخر وناز کا سبب، معشوق |
| مُبالغَہ | (ع۔ا۔مذ) حد سے بڑھ کر |
| مُبتلا | (ع۔صف) پھنسا ہوا، گرفتار |
| مَبنِی | (ع۔صف) جس پر بنیاد قائم کی گئی ہو |
| مبہوت | (ع۔صف) حیران، متحیّر، دیوانہ |
| مُبین | (ع۔صف) ظاہر، صاف، آشکار، شک وشبہ سے پاک، روشن، کھلا ہوا |
| مُتَجلّی | (ع۔صف) چمکدار، آشکار، روشن |
| مُتَّصِل | (ع۔صف) قریب، نزدیک، ملا ہوا |
| مُتّقین | (ع۔صف) مُتّقی کی جمع، پرہیزگار لوگ |
| مِثل | (ع۔صف) مثال، مانند، موافق |
| مَثِیل | (ع) مانند |
| مَجال | (ع۔ا۔مث) طاقت، حوصلہ، بساط |
| مُجاھِد | (ع۔صف) کافروں سے جہاد کرنے والا |
| مجبورم | (میں) مجبور ہوں |
| مَجذُوب | (ع۔صف) خدا کی محبت میں غرق |
| مَجرُوح | (ع۔صف) زخمی، چوٹ کھایا ہوا |
| مُجسّم | (ع۔صف) جسم اختیار کیا ہوا، سراپا |
| مُجسّمہ | (ع۔ا۔مذ) بُت، صنم |
| مَجمَع | (ع۔ا۔مذ) مجلس، اجتماع، جلسہ، ہجوم |
| مَجمَعِ اُدَباء | ادیبوں کا اجتماع |
| مَجمَعُ البَحرین | (ع۔ا۔مذ) دو دریاؤں کا سنگم |
| مجمعُ الملائکہ | فرشتوں کا اجتماع، گروہِ فرشتگان |

| | |
|---|---|
| مَجمُوعاً | (ع) مجموعی طور پر |
| مَجمُوعَه | (ع۔صف) جمع کیا ہوا، ذخیرہ |
| مُجِیبُ الدَّعْوَات | (ع۔صف) دعائیں قبول کرنے والا |
| مَجِید | (ع۔صف) بزرگ، اسمائے باری تعالیٰ میں سے ایک اسم |
| مَحَافِل | (ع۔ا۔مث) محفل کی جمع، مجلسیں |
| مُحال | (ع۔صف) مشکل، دشوار، ناممکن |
| مُحِبّ | (ع۔ا۔مذ) محبت کرنے والا |
| مُحِبّان | (ع) محبّ کی جمع |
| مَحْبُوبه | (ع۔صف) پیاری، معشوقہ |
| مَحبُوس | (ع۔ا۔مذ) قیدی، گرفتار، مقیّد |
| مَحْجُوب | (ع۔صف) پردہ پوش، مخفی، پوشیدہ |
| مَحزُون | (ع۔صف) غمگین، رنجیدہ، دلگیر |
| مُحْسِن | (ع۔صف) احسان کرنے والا، مددگار |
| مَحشَر | (ع۔ا۔مذ) قیامت کا دن، روزِ حشر |
| مُحَقِّق | (ع۔ا۔مذ) تحقیق کرنیوالا، فلسفی |
| مُحْکَم | (ع۔صف) مظبوط، پائدار، پکا |
| محَل | (ع۔ا۔مذ) بڑا مکان، قیام کی جگہ، بادشاہ یا امیروں کا وسیع مکان |
| مَحّلات | (ع۔ا۔مذ) محل کی جمع |
| مَحلّه | (ع۔ا۔مذ) گلی کوچہ، آبادی کا ایک حصہ |
| محمُود | (ع۔صف) تعریف کیا گیا، سراہا گیا |
| مَحو | (ع۔صف) فنا، فریفتہ، عاشق، گُم |
| مَحْوِ حیرت | حیرت سے کھویا ہوا |
| مَحوِ دیدار | دیدار میں مدہوش |
| مَحوَر | (ع۔ا۔مذ) مدار، وہ خیالی خط جس کے گرد زمین گردش کرتی ہے |
| مُحِیط | (ع۔صف) گھیرنے والا، احاطہ، گھیرا |
| محیطِ کُل | سب پر محیط، سب پر حاوی |
| مُختَار | (ع۔صف) بااختیار، آزاد، سربراہ |
| مُختَارِ کُلّ | (ع۔ا۔مذ) جسے مکمل اختیار حاصل ہو |
| مَختُوم | (ع۔صف) مُہر شدہ، مقفل، بند کیا گیا |
| مَخزَن | (ع۔ا۔مذ) خزانہ، ذخیرہ، گودام |
| مَخزُون | (ع۔صف) خزانہ میں رکھا گیا |
| مَخفِی | (ع۔صف) پوشیدہ، چھپا ہوا، خفیہ |
| مُخَمَّس | (ع۔صف) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ مصرعوں کا ہو، پنج گوشہ |
| مَخمُور | (ع۔صف) مست، مدہوش |
| مَدّاح | (ع۔صف) تعریف کرنے والا، ثناخوان |
| مُدَام | (ع۔صف) ہمیشہ، سدا، دائم |
| مُدَامُ الوقت | ہر وقت، ہر لحظہ |
| مُداوا | (ع۔ا۔مذ) علاج، درمان، تدبیر، چارہ |
| مَدَائِن | (ع۔ا۔مذ) مدینہ کی جمع |
| مَدح | (ع۔ا۔مث) تعریف، توصیف، ثنا |
| مِدْحَت | (ع۔ا۔مث) تعریف، مدح، ثنا |
| مَدح خوان | (ع۔صف) تعریف وتوصیف کرنے والا |
| مَدرَسَه | (ع۔ا۔مذ) جائے درس، مکتب، سکول |
| مُدَّعِی | (ع۔ا۔مذ) دعویدار، رقیب، حریف |

| | |
|---|---|
| مُدْغَم | (ع۔ا۔مذ) ملایا ہوا |
| مُدَوَّر | (ع۔صف) دائرہ نما، گول |
| مِرآت | (ع۔مذ) آئینہ، درپن |
| مَرا بُد | میرا تھا |
| مَرَاتِب | (ع۔ا۔مذ) مرتبہ کی جمع، درجے |
| مُراد | (ع۔ا۔مث) ارادہ، مقصد، منشا |
| مُرَبّی | (ع۔ا۔مذ) پرورش کرنے والا، پشت پناہ |
| مَرْتَبَہ | (ع۔ا۔مذ) درجہ، عہدہ، منصب |
| مُرتَضیٰ | (ع۔ا۔مذ) پسندیدہ، مقبول، منتخب |
| | کیا گیا، حضرت علیؓ کا ایک لقب |
| مَرَجَ البَحرَین | دو دریاؤں کا سنگم |
| مَرْجَان | (ع۔ا۔مذ) مونگا، چھوٹا موتی |
| مَرجَع | (ع۔ا۔مذ) رجوع کرنے کی جگہ |
| مَرحَبا | (ع۔مذ) شاباش، آفرین، واہ واہ |
| مَردان | (ف۔ا۔مذ) مرد کی جمع، بہادر، دلیر |
| مُرسَلین | (ع۔ا۔مذ) رسولان، پیغمبران |
| مُرشِد | (ع۔ا۔مذ) رہنما، پیشوا، ہادی |
| مَرَض | (ع۔ا۔مذ) بیماری، دکھ، عادت |
| مُرغ | (ف۔ا۔مذ) پرند، اڑنے والا جانور |
| مُرغان / مُرغاں | (ف۔ا۔مذ) مرغ کی جمع، پرندے |
| مَرغُوب | (ع۔صف) پسندیدہ، رغبت کیا گیا |
| مَرفُوع | (ع۔صف) رفع کیا گیا، بلند کیا گیا |
| مَرقوم | (ع۔صف) لکھا ہوا، تحریر شدہ |
| مَرکَز | (ع۔ا۔مذ) وسط، درمیان، قلب |

| | |
|---|---|
| مَرکُوز | (ع۔صف) محکم کیا ہوا، پسند کیا گیا |
| مَرْوارید | (ف۔ا۔مذ) موتی، گوہر، دُر |
| مَرْہَم | (ع۔ا۔مذ) دوائی |
| مُرِید | (ع۔ا۔مذ) دینی شاگرد، فرمانبردار |
| مریدان | مُرید کی جمع، دینی شاگرد، فرمانبردار |
| مریم شناسی | مریم کی شناخت |
| مُژْدَہ | (ف۔ا۔مذ) خوشخبری، بشارت |
| مُساوات | (ع۔ا۔مث) برابری، ہمسری |
| مُساوِی | (ع۔صف) برابر، یکساں |
| مُسَبِّب | (ع۔صف) سبب پیدا کرنے والا |
| مُسَبِّبِ اسباب | (ع۔صف) اسباب پیدا کرنے والا |
| مَست | (ف۔صف) نشہ میں چُور، بےخود، |
| | مدہوش، مجنون، بے پرواہ، متوالا |
| مستِ ازل | (فع۔صف) ازلی مست، مجذوبِ کامل |
| مستِ اَلَست | (فع۔صف) واقعۂ اَلَست (۷:۱۷۲) |
| | کے رازوں سے سرشار |
| مَستانہ | (ف۔صف) مست ہو کر |
| مُستَجاب | (ع۔صف) جواب دیا گیا، قبول کیا گیا |
| مُستَطاب | (ع۔صف) مبارک، نیک، خوب |
| مُستَغرَق | (ع۔صف) ڈوبا ہوا، غرق شُدہ |
| مستنیر | (ع۔صف) روشن، نور حاصل کرنے والا |
| مَستُور | (ع۔صف) پوشیدہ، چھپا ہوا، مخفی، |
| | پاک دامن عورت، پردہ دار |
| مَسحُور | (ع۔صف) جس پر جادو کیا جائے |

| | |
|---|---|
| مَسحُور کُن | سحر انگیز، جادو کردینے والی |
| مُسَخّر | (ع۔صف) تسخیر کیا گیا، فتح کیا گیا |
| مُسَدَّس | (ع۔ا۔مذ) نظم کی وہ قسم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں |
| مَسَرَّت | (ع۔ا۔مث) خوشی، شادمانی |
| مَسرُور | (ع۔صف) خوش، شادمان |
| مَسطُور | (ع۔صف) لکھا گیا، سطر کیا گیا |
| مَسعُود | (ع۔صف) سعید، نیک، خوش نصیب |
| مَسکن | (ع۔ا۔مذ) گھر، مکان، رہنے کی جگہ |
| مِسکِین | (ع۔صف) غریب، مفلس، ناتواں |
| مَسلَک | (ع۔ا۔مذ) راہ، راستہ، طریقہ، دستور |
| مُسَمّیٰ | (ع۔صف) موسوم کیا گیا، نام رکھا گیا |
| مَسنَد | (ع۔ا۔مث) تخت، بیٹھنے کی جگہ، تکیہ گاہ |
| مَسیحا / مَسیح | (ع۔ا۔مذ) حضرتِ عیسیٰؑ کا لقب جو بطور معجزہ مردے کو زندہ کر دیتے تھے |
| مُشاہدہ | (ع۔ا۔مذ) دیکھنا، دید، نورِ الٰہی کا نظارہ |
| مُشاہدات | (ع۔ا۔مذ) مشاہدہ کی جمع |
| مُشتاق | (ع۔صف) خواہش مند، آرزو مند |
| مُشتاقم | (میں) خواہش مند ہوں |
| مُشترکہ | (ع۔صف) شرکت کیا ہوا |
| مُشَرَّح | (ع۔صف) تشریح کیا گیا |
| مَشعَل | (ع۔ا۔مث) شمع، لیمپ، چراغ |
| مَشعلِ ایقان | ایقان کا لیمپ، یقین کی شمع |
| مشغلہ | (ع۔ا۔مذ) شغل، کام، تفریح |

| | |
|---|---|
| مُشفِقہ | (ع۔ا۔مث) شفیق اور مہربان (خاتون) |
| مُشک | (ف۔ا۔مذ) سیاہ رنگ کا خوشبُودار مادہ جو ہرن کے ناف سے نکلتا ہے، کستوری |
| مُشکبار | (ف۔صف) نہایت معطر، خوشبودار |
| مُشکِ چین | وہ مُشک جس کا تعلق چین سے ہو |
| مَشکُور | (ع۔صف) شکرگزار، ممنون |
| مُشکین | (ف۔صف) مُشک کی خوشبو سے بھرپور |
| مُشِیر | (ع۔ا۔مذ) مشورہ دینے والا |
| مِصبَاح | (ع۔ا۔مث) چراغ |
| مُصحَف | (ع۔مذ) کتاب، وہ کتاب جس میں صحیفے جمع ہوں، قرآن شریف |
| مصحِ ناطق | قرآنِ ناطق، بولتی کتاب |
| مصدرِ لطفِ عمیم | سرچشمۂ لطفِ عام |
| مِصرِی | (ع۔صف) مصر کا رہنے والا |
| مُصطفیٰ | (ع۔صف) چنا ہوا، انتخاب کیا ہوا، برگزیدہ، پسندیدہ، آنحضرتؐ کا لقب |
| مُصَفّا | (ع۔صف) پاک، صاف |
| مُصَلّیٰ | (ع۔ا۔مذ) جائے نماز، نماز پڑھنے کی جگہ |
| مُصَوِّر | (ع۔صف) تصویر بنانے والا |
| مِضراب | (ع۔ا۔مث) ستار بجانے کا چھلّا |
| مُضمَحِل | (ع۔صف) محو ہونے والا، کمزور، دلگیر |
| مُطالعہ | (ع۔ا۔مذ) غور، توجہ، کتب بینی |
| مُطَلّا | (ع۔صف) سنہرا، زرّین، طلائی |
| مَطلَع | (ع۔ا۔مذ) نظم یا قصیدہ کا پہلا شعر |

| | |
|---|---|
| مَطلعِ انوار | مشرقِ انوار، آسمانِ انوار |
| مَطلعِ رحمت | رحمت طلوع ہونے کی جگہ |
| مُطلَق | (ع۔صف) آزاد، بے قید |
| مَطلُوب | (ع۔مذ) طلب کیا گیا، مانگا گیا |
| مُطَهَّر | (ع۔صف) پاک، صاف |
| مَظَاهِر | (ع۔ا۔مذ) مظہر کی جمع، ظاہر ہونے کی جگہ |
| مُظَاهِر | (ع۔صف) مظاہرہ کرنے والا |
| مَظْهَر | (ع۔ا۔مذ) ظہور، ظاہر ہونے کا مقام |
| مَظْهَر العَجائب | عجائب کو ظاہر کرنے والا |
| مَعاً | (عف۔تابع فعل) ایک ساتھ، فوراً |
| مَعَارِف | (ع۔ا۔مذ) معرفت کی جمع |
| مَعَانی | (ع۔ا۔مث) معنی کی جمع، مطالب |
| مُعَانقَه | (ع۔ا۔مذ) بغل گیری، گلے ملنا |
| مَعبُود | (ع۔ا۔مذ) جسکی عبادت کی جائے، خدا |
| مُعتَبَر | (ع۔صف) قابلِ اعتبار |
| مُعتَرِف | (ع۔ا۔مذ) اعتراف کرنے والا |
| مُعتَكِف | (ع۔ا۔مذ) اعتکاف کرنے والا |
| مَعتُوب | (ع۔صف) وہ جس پر عتاب کیا جائے |
| مُعجِز | (ع۔صف) عاجز کرنے والا |
| مُعجِز نُما | (عف۔صف) معجزہ دکھانے والا |
| مُعجِزَه | (ع۔ا۔مذ) کرامت، وہ کام جس کے کرنے سے عوام عاجز ہو |
| مَعدن | (ع۔ا۔مذ) کان، سرچشمہ |
| مِعرَاج | (ع۔ا۔مث) سیڑھی، بلند مرتبہ، اعلیٰ درجہ |

| | |
|---|---|
| مِعراجِ فلک | آسمان کی سیڑھی |
| مَعرِفت | (ع۔ا۔مث) شناخت، پہچان، خداشناسی |
| مَعرِکه | (ع۔ا۔مذ) جنگ، میدانِ جنگ |
| معرکۂ علم وعمل | علم وعمل کی جنگ |
| مَعرُوف | (ع۔صف) مشہور، معلوم، ظاہر |
| مُعزّز | (ع۔صف) عزت دار، بزرگ، بڑا |
| مَعشُوق | (ع۔ا۔مذ) محبوب، وہ جس پر کوئی عاشق ہو |
| مُعطّر | (ع۔صف) خوشبودار |
| مُعظّم | (ع۔صف) عظمت والا، بزرگ |
| مُعظّمه | (ع۔صف) بزرگ عورت، محترم خاتون |
| مُعلّم | (ع۔ا۔مذ) علم سکھانے والا، استاد |
| معمارِ جہان | دنیا بنانے والا |
| مَعمَل | (ع۔ا۔مذ) عمل کرنے کی جگہ، تجربہ گاہ |
| مَعمُور | (ع۔صف) آباد، بسا ہوا، بھرا ہوا |
| مَعمُول | (ع۔صف) وہ بات جو روزمرہ کی جائے |
| مَفَاتِیح | (ع۔ا۔مث) مفتاح کی جمع، چابیاں |
| مَفتُون / مَفتُوں | (ع۔صف) فتنے میں ڈالا ہوا، شیدا |
| مَفخَر | (ع۔ا۔مذ) جس پر فخر کیا جائے |
| مُفَسِّر | (ع۔صف) تفسیر کرنے والا |
| مَفعُول | (ع۔صف) وہ جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہو |
| مُفَكِّر | (ع۔صف) صاحبِ فکر، سوچنے والا |
| مُفلِس | (ع۔صف) غریب، محتاج، فقیر |
| مَقَاصِد | (ع۔ا۔مذ) مقصد کی جمع، منشا، ارادہ |
| مَقَال | (ع۔ا۔مث) گفتگو، بات چیت، کلام |

| | |
|---|---|
| مَقَام | (ع۔ا۔مذ) ٹھہرنے کی جگہ، گھر، منزل |
| مُقبِل | (ع۔صف) خوش نصیب، اقبال مند |
| مَقبُول | (ع۔صف) پسندیدہ، قبول کیا گیا |
| مُقتدا | (ع۔ا۔مذ) امام، پیشوا، رہنما |
| مقتدائے مومنان | مومنین کا امام یا پیشوا |
| مُقتَدِر | (ع۔صف) طاقتور، قوی، زورآور |
| مِقدَار | (ع۔ا۔مث) اندازہ، شمار، تعداد |
| مُقَدَّس | (ع۔صف) پاک، پاکیزہ |
| مُقَدَّم | (ع۔صف) پہلا، اعلیٰ، قدیم |
| مُقَرَّب | (ع۔صف) قریبی، خاص دوست |
| مقصدِ کُلّی | آخری مقصد |
| مَقصُود | (ع۔صف) قصد کیا گیا، مراد، غرض |
| مقناطِیس | (ع۔ا۔مذ) خاص پتھر جو لوہے کو اپنی کشش سے کھینچ لیتا ہے |
| مَقہور | (ع۔صف) قہر کیا گیا، جس پر غصہ ہو |
| مُقِیم | (ع۔صف) قیام کرنے والا، ٹھہرنے والا |
| مَکانی | مکان سے منسوب، لامکانی کی ضد |
| مَکتَب | (ع۔ا۔مذ) مدرسہ، درسگاہ، سکول |
| مَکتُوبات | مکتوب کی جمع، لکھی ہوئی، مرقوم |
| مُکرّم | (ع۔صف) عزّت والا، بزرگ، محترم |
| مَکشُوف | (ع۔صف) کشف کیا ہوا، واضح، ظاہر |
| مَکنُون | (ع۔صف) پوشیدہ، چھپا ہوا |
| مَکین | (ع۔مذ) مکان دار، صاحبِ خانہ، رہنے والا |
| مَلالِ مسلسل | مسلسل غم |

| | |
|---|---|
| مَلامَت | (ع۔ا۔مث) بُرا بھلا، ڈانٹ ڈپٹ |
| مَلائِک / مَلائکه | (ع۔مذ/مث) مَلَک کی جمع، فرشتے |
| مَلائکتان | دو فرشتے |
| مَلِک | (ع۔ا۔مذ) بادشاہ، سلطان |
| مَلَک | (ع۔ا۔مذ) فرشتہ |
| مُلک | (ع۔ا۔مذ) بادشاہی، سلطنت، دیس |
| مُلکِ انّما | آیۂ انّما (۵۵:۵) کی بادشاہی |
| مُلکِ خدا | خدا کی بادشاہی |
| مُلکِ دین | دینی بادشاہی |
| مَلکُوت | (ع۔ا۔مذ) سلطنت، فرشتے، ملائک، فرشتوں کے رہنے کا مقام، عالمِ ارواح |
| مَلِکه | (ع۔ا۔مث) بادشاہ کی بیگم |
| مَلِکۂ مُعظّمه | (ع۔صف۔مث) عظیم رانی، بڑی مَلِکہ |
| مَلَکی | (ع۔صف) فرشتے کی مانند |
| مُلُوک | (ع۔ا۔مذ) مَلِک کی جمع، سلاطین |
| مَلیک | شہنشاہ، شاہنشاہ |
| ملیک زادے | شاہنشاہ زادے |
| مَمات | (ع۔ا۔مث) موت، مرگ |
| مُمتَاز | (ع۔صف) چُنا گیا، افضل، عالی رتبہ |
| مَمدُوح | (ع۔ا۔مذ) جس کی تعریف کی جائے |
| مُمکِنَات | (ع۔ا۔مذ) ممکن کی جمع، قابلِ امکان |
| مُمکنه | (ع۔ا۔مث) ممکن کی مونث، قابلِ امکان |
| مَملُو | (ع۔ا۔مذ) بھرا ہوا، لبریز، پُر |
| مَن | (ہ۔ا۔مذ) دل، قلب، ضمیر |

| | |
|---|---|
| مَن | (ف) میں |
| مُنَاجَات | (ع۔ا۔مث) دعا، التجا، عرض |
| مَن اَحسنُ قولاً | سب سے اچھی بات کون سی ہے؟ ۳۳:۴۱ |
| مَنَارَہ | (ع۔ا۔مذ)نور کی جگہ، بلند ستون، لالٹین |
| مَنَّان | (ع۔مذ)احسان کرنیوالا، خدا کا ایک نام |
| مَنبَع | (ع۔ا۔مذ) چشمہ، سوتا، جائے ظہور |
| منبعِ نعمات | گونا گون نعمتوں کا سرچشمہ |
| مُنتَشِر | (ع۔ا۔مذ)بکھرنیوالا، پھیلنے والا، متفرق |
| مُنتَظِر | (ع۔ا۔مذ)انتظار کرنے والا، امیدوار |
| مَنثُور | (ع۔ا۔مذ) پھیلا ہوا، منتشر، نثر |
| مِنجُملَہ | تمام، سب کے سب |
| مَنزِل | (ع۔ا۔مث) ٹھہرنے کا مقام، مرحلہ |
| مُنَزَّہ | (ع۔ا۔مذ) پاک، مقدّس، مُبَرّا |
| مَنشَاء | (ع۔ا۔مذ) مرضی، ارادہ، سبب، مراد |
| مَنشُور | (ع۔ا۔مذ) نشر شدہ، بکھرا ہوا، اعلان |
| مَنظَر | (ع۔ا۔مذ)نظارہ، چہرہ، صورت، شکل |
| مُنظَّم | (ع۔ا۔مذ) وہ چیز جو انتظام کے ساتھ ہو |
| مَنظُور | (ع۔ا۔مذ) نظر کیا گیا، پسندیدہ |
| مَنظُوم | (ع۔ا۔مذ) نظم کیا گیا، پرویا گیا |
| مُنعِم | (ع۔ا۔مذ) نعمت عطا کرنیوالا، ولیٔ نعمت |
| مَنقَبَت | (ع۔ا۔مث) تعریف، توصیف، ثنا |
| مَنقَبَت خوانی | منقبت پڑھنا |
| مُنقَسم | (ع۔ا۔مذ) تقسیم شدہ، بانٹا ہوا |
| مُنکِر | (ع۔ا۔مذ) انکار کرنے والا، کافر |

| | |
|---|---|
| مُنَوَّر | (ع۔ا۔مذ) روشن، تابان، نورانی |
| مُنِیر | (ع۔صف) روشن، روشنی دینے والا |
| مَوّاج | (ع۔صف)موجیں مارنیوالا، طوفان خیز |
| مَوج | (ع۔ا۔مث) لہر، امنگ، جوش، ولولہ |
| مَوجزن | (عف۔صف) موجیں مارنے والا |
| مُؤَخَّر | (ع۔صف) آخری |
| مُورَت | (ہ۔ا۔مث) بُت، صورت، پُتلی |
| مَوزُون | (ع۔صف) مناسب، زیبا، لائق |
| مَولا / مَولیٰ | (ع۔ا۔مذ) آقا، مالک، سردار، صاحب |
| مومِنہ | (ع۔ا۔مث) ایمان لانے والی خاتون |
| مومِنات | (ع۔ا۔مث) مومِنہ کی جمع |
| مُونِس | (ع۔صف) اُنس رکھنے والا، دوست |
| مُونِسِ غریبان | غریبوں کا دوست، غریبوں کے مددگار |
| مُؤَوِّل | (ع) تاویل کرنے والا |
| مَہ | (ف۔ا۔مذ) ماہ کا مخفف، چاند، قمر |
| مَہا رَانی | (ھ۔ا۔مث) بڑے راجہ کی رانی، بڑی رانی |
| مَہ جبین | چاند جیسی پیشانی والا |
| مَہجُور | (ع۔صف) جُدا، چھوڑا گیا |
| مَہجُورم | (میں) جُدا ہو گیا ہوں |
| مَہدِی | (ع۔ا۔مذ) راہ نما، پیشوا، ہادی، رہبر |
| مَہدِیٔ دَوران | زمانے کا ہادی |
| مَہدِیٔ مَوعود | وہ مہدیؑ جس کے آنے کا وعدہ کیا گیا ہے |
| مَہ رُو / مَہرُو | چاند جیسے چہرے والا، چاند جیسا چہرہ |
| مَہر | (ف۔ا۔مث) محبت، دوستی، سورج |

| | |
|---|---|
| مَہر و ماہ | سورج اور چاند |
| مَہک | (ہ۔ا۔مث) خوشبو، نکہت |
| مَہ لِقا | چاند جیسا چہرہ |
| مَہوش | چاند جیسا |
| مُہیّا | (ع۔ا۔مذ) تیار، آمادہ، میسر، حاضر |
| می | (بروشسکی) ہمارے، ہمارا |
| میراث | (ع۔ا۔مث) ورثہ |
| میراثِ پاک | پاک ورثہ |
| مُیَسَّر | (ع۔ا۔مذ) حاصل، دستیاب، موجود |
| میکند / می کند | (وہ) کرتا ہے، (وہ) کرتی ہے |
| می گُویَم | (میں) کہتا ہوں |
| مَیون | اوریول، ایک خوش آواز پرندہ، سنہری کوّا |
| میوہ | (ف۔ا۔مذ) پھل، ثمر |
| میوۂ جان | روح کا پھل |
| میوۂ دل | دل کی خوشی، دل کی راحت |
| میوۂ شیرین | میٹھا پھل |

## ن

| | |
|---|---|
| نَابِغہ | (ع۔صف) بے حد ذہین |
| نَابُود | (ف۔صف) نیست، غائب، معدوم |
| ناپَدِید | (ف۔صف) جو ظاہر نہ ہو، پوشیدہ |
| نَاتَمام | (ف۔صف) نامکمل، ادھورا، ناقص |
| ناتوان / ناتواں | (ف۔صف) کمزور، ضعیف |
| نَاجِیہ | (ع۔صف۔مث) نجات پانے والی |
| ناچار | (ف۔صف) عاجز، بے بس، مجبور |
| نادار | (ف۔صف) مفلس، غریب، محتاج |
| نادان | (ف۔صف) جاہل، انجان، ناسمجھ |
| نَادِرہ | (ع۔صف) نایاب، کمیاب، انوکھا |
| نَادِم | (ع۔صف) شرم سار، پشیمان، خجل |
| نَادِیْدَہ | (ف۔صف) بے دیکھا، اَن دیکھا، جسے دیکھا نہ ہو، جس نے کبھی دیکھا نہ ہو |
| نار | (ع۔ا۔مث) آگ، آتش |
| نارِ عشق | عشق کی آگ |
| ناز | (ف۔ا۔مذ) ادا، نخرہ، لاڈ، پیار، فخر |
| نازان / نازاں | (ف۔صف) ناز کرتا ہوا، ناز کرنے والا |
| نازنین | (ف۔صف) خوش ادا، دلفریب، دلربا |
| نَاسُوت | (ع۔ا۔مذ) دنیا، عالمِ اجسام |
| ناشاد | (ف۔صف) ناخوش، رنجیدہ، دِلگیر |
| ناصِرہ | (ع۔ا۔مث) مدد کرنے والی |
| ناطِق | (ع۔ا۔مذ) بولنے والا، صاحبِ عقل |
| نَاظِر | (ع۔ا۔مذ) دیکھنے والا، نگہبان |
| ناظرین | (ع۔ا۔مذ) ناظر کی جمع، دیکھنے والے |
| نَاظِم | (ع۔صف) انتظام کرنے والا، منتظم |
| نَافَہ | (ف۔ا۔مذ) مُشک کی تھیلی (مُشک = سیاہ رنگ کا خوشبو دار مادہ جو ہرن کے ناف سے نکلتا ہے) |
| نَافۂ آہُو | ہرن کے پیٹ سے لگی مُشک کی تھیلی |
| ناقُور | (ع) نرسنگا |
| نَاقُوس | (ع۔ا۔مذ) سنکھ، ہندو کے مندر کی گھنٹی |

| | |
|---|---|
| ناکَس | (ف۔صف) کمزور، طاقت سے خالی |
| نالان / نالاں | (ف۔صف) روتا ہوا، فریادی، عاجز |
| نامدار | (ف۔صف) نامور، مشہور |
| نامُراد | (فع۔صف) ناکام، محروم، بےنصیب |
| نامۂ اعمال | (ع۔ا۔مذ) اعمال کی کتاب، اعمال نامہ |
| نامۂ جبروتی | عالمِ جبروت کی تحریر (لوحِ محفوظ) |
| نامۂ مسطور | کتابِ مسطور، لکھی ہوئی کتاب |
| نائِب | (ع۔ا۔مذ) قائم مقام، ماتحت، سفیر |
| نایاب | (ف۔صف) نادر، بیش قیمت، وہ چیز جو بہت کم میّسر آئے |
| نباتی | (ع۔صف) پودوں سے متعلق |
| نباتی گل فشانی | پھولوں کا کِھلنا، خاموش گل فشانی |
| نِثار | (ع۔ا۔مذ) قربان، نچھاور |
| نَجات | (ع۔ا۔مث) گناہ معاف ہونا، چھٹکارا |
| نَجم | (ع۔ا۔مذ) ستارہ، سیّارہ، تارا |
| نُجُوم | (ع۔ا۔مذ) نجم کی جمع، ستارے |
| نَجیب | (ع۔ا۔مذ) برگزیدہ، شریف، بزرگ |
| نَخچِیر | (ف۔ا۔مذ) شکار، شکار کیا ہوا جانور |
| نِدَا | (ع۔ا۔مث) صدا، آواز، پکار |
| نَدِیم | (ع۔ا۔مذ) دوست، ساتھی، ہمنشین |
| نِرَالا | (ھ۔صف) انوکھا، سب سے جدا |
| نَردبان | (ف۔ا۔مذ) سیڑھی، زینہ |
| نرگسِ شہلا | (ف۔ا۔مث) وہ نرگس کا پھول کہ جس کا پیالہ (درمیانی حصہ) زرد کے بجائے سیاہ ہو |
| نَسَب | (ع۔ا۔مذ) اصل، نسل، سلسلۂ خاندان |
| نُسخَہ | (ع۔ا۔مذ) نوشتہ، لکھا ہوا، کتاب |
| نسیان | (ع۔ا۔مذ) بھلا دینا، فراموشی |
| نَسِیم | (ع۔ا۔مث) خوشبودار ہوا، ٹھنڈی ہوا |
| نَشَاط | (ع۔ا۔مث) خوشی، شادمانی، لطف، مزہ |
| نَشر | (ع۔ا۔مذ) زندہ کرنا، پھیلانا، بکھیرنا |
| نشیب | (ف۔ا۔مذ) پستی، گہرائی، پست زمین |
| نشیمن | (ف۔ا۔مذ) مسکن، آشیانہ، گھونسلہ |
| نشیمن گاہ | (ف۔ا۔مث) آرام کی جگہ، خلوت گاہ |
| نُصرت | (ع۔ا۔مث) فتح، مدد، حمایت |
| نَصیر | (ع۔ا۔مذ) مددگار، معاون، دوست |
| نُطُفَہ | (ع۔ا۔مث) تخُم، اولاد، صاف پانی |
| نُطفۂ امشاج | مرد و عورت کا مِلا جُلا نطفہ |
| نَظّارَہ | (ف۔ا۔مذ) دیدار، منظر، نظر ڈالنا، دیکھنا |
| نِظَام | (ع۔ا۔مذ) انتظام، آراستگی، ترتیب |
| نِظَامَت | (ع۔ا۔مث) ناظم کا کام، انتظام، محکمہ |
| نَظَر | (ع۔ا۔مث) نگاہ، آنکھ، بصارت |
| نَظْمُ خوانی | نظم پڑھنا |
| نَعْرہ | (ع۔ا۔مذ) للکار، بلند آواز |
| نِعَم | (ع۔ا۔مث) نعمت کی جمع، نعمتیں |
| نِعمات | نِعَم کی جمع، نعمت کی جمع الجمع، بخششیں |
| نَعِیم | (ع۔ا۔مذ) صاحبِ نعمت، نیکی، نعمت |
| نغمہ خوانی | سُریلی آواز میں گیت گانا |
| نغمہ ریز | (عف۔ا۔مث) اچھا گانے والا |

| | |
|---|---|
| نغمه ساز | گیت بنانے والا |
| نغمه سَرا | (عف۔صف) گیت گانے والا |
| نغمہ ہائے مدحِ مولا | امامؑ کی شان میں تعریفی نظمیں |
| نَفْخ / نَفُخه | (ع۔ا۔مث) پھونکنا، صُور |
| نفخۂ جان بخش | جان کو تازگی دینے والا دم |
| نَفس | (ع۔ا۔مذ) جان، روح، قلب، ذات، وجود، ہستی |
| نفسِ رسولؐ | رسولؐ کی جان (حضرت علیؑ) |
| نفسِ کُلّی | کائناتی روح |
| نُفُوس | (ع۔ا۔مذ) نفس کی جمع، روحیں، جانیں |
| نقَاب | (ع۔ا۔مذ) گھونگھٹ، برقع، پردہ |
| نَقّاش | (ع۔ا۔مذ) نقش بنانے والا، مصوّر |
| نَقَّاشی | (ع۔ا۔مث) نقش ونگار بنانے کا پیشہ |
| نقَاط | (ع۔ا۔مذ) نقطہ کی جمع، نقطے |
| نَقش | (ع۔ا۔مذ) صورت، تصویر، مُہر، نشان |
| نقط | (ع۔ا۔مذ) نقطہ کی جمع، نُقطے |
| نقطۂ نُون | ''ن'' کا نقطہ |
| نُقُوش | (ع۔ا۔مذ) نقش کی جمع، تصویریں |
| نُکته دان | (عف۔صف) باریک باتیں جاننے والا |
| نِکھار | (ار۔مذ) صفائی، آرائش، خوبصورتی |
| نِگار | (ع۔ا۔مذ) محبوب، معشوق، تصویر |
| نگارِ دل نشین | دل میں بیٹھنے والا محبوب |
| نگہبان / نگاہ بان | (ف۔صف) محافظ، چوکیدار |
| نگین / نگیں | (ف۔ا۔مذ) نگینہ، نگ، جواہر |

| | |
|---|---|
| نگینه | (ف۔ا۔مذ) جواہر، قیمتی پتھر |
| نُما | (ف۔صف) دکھانے والا، ظاہر کرنے والا |
| نُمائِندَه | (ف۔ا۔مذ) قائم مقام، ترجمان |
| نُمایان / نُمایاں | (ف۔صف) ظاہر، عیاں، آشکار |
| نمُود | (ف۔ا۔مث) علامت، نشان، رونق، ظاہری خوبی، ظاہر ہونا، ظہور، نمائش |
| نَمونه | (ف۔ا۔مذ) نظیر، مثل، سانچہ، نقشہ |
| نمیدانم / نمی دانم | (میں) نہیں جانتا ہوں |
| نَو | (ف۔صف) نیا، جدید، تازہ |
| نو آبادی | (ف۔ا۔مث) نیا آباد کیا ہوا علاقہ |
| نَوا | (ف۔ا۔مث) سازوسامان، روزی، تونگری، خوشحالی، آواز، صدا، سُر، نغمہ |
| نَوادِر | (ع۔ا۔مذ) نادر کی جمع، عجائبات |
| نوَاز | (ف۔صف) سرفراز کرنے والا |
| نوبنَو / نَوبه نو | (ف۔تابع فعل) تازہ بہ تازہ، نیا نیا |
| نو بہار | (ف۔صف) موسمِ بہار کا آغاز |
| نَوخواسته | نئی خواہش |
| نَوخیز | (ف۔صف) نوجوان، تازہ اُگا ہوا |
| نُور | (ع۔ا۔مذ) روشنی، تجلّی، رونق، چمک، اُجالا، رُوپ، خداتعالیٰ کا ایک صفاتی نام |
| نوراب | نور کا پانی، نورانی پانی |
| نُورِ اقدَم | قدیم نور |
| نُورانی | (ع۔صف) منوّر، نور سے منسوب |
| نوراً و سِرّاً | نورانی اور مخفی طور سے |

| | |
|---|---|
| نُور بار | نور برسانے والا |
| نُوربین | نور دیکھنے والی |
| نُور بچشمِ کلیمؑ | حضرت موسیٰؑ کا دیکھا ہوا نور |
| نُورِ چشم | (عف۔ا۔مذ) آنکھوں کا نور، اولاد |
| نُورِ خورشید | سورج کا نور |
| نُورِ دھان | منہ سے نکلنے والا نور |
| نُورِ سحر | صبح کی روشنی |
| نُورِ عرفان | معرفت کا نور |
| نُور" علیٰ نُور | (ع۔صف) نور پر نور |
| نُورِ عَین | (عف۔مذ) آنکھوں کی روشنی، بینائی، اولاد، مرادی معنی شاگرد |
| نُورِ عینی | میرا شاگرد، میرا فرزند |
| نُورِ فعّال | بہت زیادہ کام کرنے والا نور |
| نُورِ مُتَّصِل | ساتھ یا ملا ہوا نور |
| نُورِ مُجرّد | خالص نور |
| نُورِ مُجسّم | وہ نور جو جسمانی لباس میں ہے |
| نُورِ مُنزَّل | نازل شدہ نور |
| نُورِ نظر | (عف۔ا۔مذ) آنکھوں کا نور، اولاد |
| نُورِ یزدان | خدا کا نور |
| نَوروز | نیا دن، ۲۱ مارچ، ایرانیوں کی عید کا دن |
| نُور و ضِیاء | نور اور روشنی |
| نُور و نار | نور اور آگ |
| نورِ ہُدا | ہدایت کا نور |
| نُورِی | (ع۔صف) نور سے منسوب، نورانی |

| | |
|---|---|
| نُورَین | دو نور |
| نورے | (بروشسکی) نور کا |
| نَوِشت | (ف۔ا۔مث) لکھائی، تحریر، کتابت |
| نَوِشْتَہ | (ف۔صف) لکھی ہوئی چیز، کتاب |
| نوشتے | نوشتہ کی جمع، کتابیں، لکھی ہوئی چیزیں |
| نَوشگفتہ | نیا کِھلا ہوا |
| نوع | (ع۔ا۔مث) قسم، جنس، ذات |
| نوعِ انسان | (ع۔ا۔مذ) انسانی قسم، بنی آدم |
| نَوِید | (ف۔ا۔مث) خوشخبری، بشارت، مژدہ |
| نِہَال | (ف۔ا۔مذ) تازہ لگایا ہوا پودا، خوشحال |
| نہان / نہاں | (ف۔صف) پوشیدہ، چھپا ہوا |
| نہانی | (ف۔صف) پوشیدہ، مخفی |
| نہایت | (ہ۔ا۔مث) بہت، بے انتہا، بکثرت |
| نِہتّا | (ہ۔صف) ہتھیار کے بغیر، خالی ہاتھ |
| نہریں | (ع۔ا۔مث) نہر کی جمع، دریا کی شاخ |
| نیابت | جانشینی، قائم مقام ہونا |
| نِیَاز | (ف۔ا۔مث) حاجت، آرزو، عاجزی |
| نِیازی | (ف۔ا۔مذ) عرض کرنیوالا، حاجت مندی |
| نیز | (ف۔حرف عطف) دیگر، اور بھی |
| نیست | (ف۔ا۔مذ) خالی، عدم، نابود، فنا |
| نیک اَختر | (ف۔صف) نیک بخت، خوش نصیب |
| نیک بخت | (ف۔صف) خوش نصیب، اقبال مند |
| نیک خُو | اچھی عادت والا |
| نیکو سرشت | (ف۔صف) خوش خصال، نیک فطرت |

| | |
|---|---|
| نیکوکار | (ف۔صف) نیک کام کرنے والے |
| نِیم | (ف۔صف) نصف، آدھا |
| نِیم جان | (ف۔صف) نیم مُردہ، کمزور، لاغر |
| **و** | |
| وَابَستَہ | (ف۔صف) منسلک، متعلق، بندھا ہوا |
| واجِب | (ع۔صف) لازم، ضروری، مناسب |
| واجبُ الاحترام | جس کا احترام کرنا فرض ہے |
| واحِدُ القہّار | تمام کو اپنی وحدانیت میں ایک کرنے والا |
| واحد و یکتا ولی | دنیا میں صرف ایک ہی ولی جو امامِ زمانؑ ہے |
| وَارِث | (ع۔ا۔مذ) میراث کا حقدار |
| وارِدات | (ع۔ا۔مث) واردہ کی جمع، حادثہ، واقعہ |
| وَاصِل | (ع۔صف) ملنے والا، ملا ہوا، جڑا ہوا |
| وَاصِل بِاللّٰہ | خدا سے واصل، خدا میں فنا |
| وَاصِلِ یزدان | خدا کے ساتھ ملنے والا یا ملا ہوا |
| وَاصِلہ | (ع۔صف۔مث) ملنے والی، ملی ہوئی |
| واقعاً | حقیقت میں، سچ مُچ |
| وَاللّٰہ | (ع۔کلمۂ قسم) خدا کی قسم، بے شک، یقیناً |
| وَالِہ | (ع۔صف) شیدا، عاشق، فریفتہ |
| والی | (ع۔ا۔مذ) سرپرست، مالک، محافظ |
| والئِ ملکِ وصی | مولاعلیؑ کی بادشاہی کا مالک یعنی امامِ زمانؑ |
| والئِ ملکِ ولا | ولایت کی بادشاہی کا مالک |
| وَجدوحال | حالتِ بے خودی |
| وُجُود | (ع۔ا۔مذ) زندگی، ہستی، جسم، ذات |
| وَجہ | (ع۔ا۔مث) چہرہ، صورت، شکل، |

| | |
|---|---|
| | سبب، مقصد، باعث |
| وَجہُ اللّٰہ | اللہ کا چہرہ |
| وَحدَانیّت | (ع۔ا۔مث) خدا کی یکتائی، توحید |
| وَحدَت | (ع۔ا۔مذ) توحید، یکتائی، ایک ہونا |
| وَحدتِ ملی | قومی یگانگت، قومی اتفاق |
| وحش | (ع۔ا۔مذ) جنگلی جانور |
| وَحی | (ع۔ا۔مث) خدائی پیغام |
| وَدُود | (ع۔صف) دوست، بہت چاہنے والا، شفیق، مہربان، خداتعالیٰ کا صفاتی نام |
| ورثہ | (ف۔ا۔مذ) وراثت میں جو ملے، میراث |
| وُسعَت | (ع۔ا۔مث) گنجائش، کشادگی، پھیلاؤ |
| وَسِیع | (ع۔صف) کشادہ، فراخ، چوڑا |
| وَسِیلَہ | (ع۔ا۔مذ) ذریعہ، واسطہ، سبب، سہارا |
| وِصَال | (ع۔ا۔مذ) ملاپ، وحدت میں فنا ہونا |
| وَصف | (ع۔ا۔مذ) خوبی، تعریف، صفت |
| وَصفِ کمال | کمال کا بیان، خوبیوں کا بیان |
| وَصفِ مولا | مولا کی تعریف |
| وَصل | (ع۔ا۔مذ) واصل ہونا، معشوق سے ملنا |
| وصی | (ع۔ا۔مذ) جس کے لئے وصیت کی گئی ہو، مراد وصیِ رسولؐ یعنی مولاعلیؑ ہیں |
| وَعدَہ | (ع۔ا۔مذ) اقرار، قول وقرار، عہدوپیمان |
| وَفادار | (عف۔صف) وفا کرنے والا، باوفا |
| وَکِیل | (ع۔ا۔مذ) مختار، قائم مقام، نائب |
| وگرنا | (ف۔تابع فعل) نہیں تو، ورنہ |

| | |
|---|---|
| وِلادَت | (ع۔ا۔مث) پیدائش، جنم |
| ولایت | (ع۔ا۔مث)ولی ہونا، امامت، سرپرستی |
| وِلدان | بچے، اولاد |
| وَلْوَلَہ | (ع۔ا۔مذ) جوش وجذبہ، اُمنگ |
| وَلی | (ع۔ا۔مذ) خدارسیدہ، سرپرست |
| وَلِیّہ | (ع۔ا۔مث)ولی عورت،خدارسیدہ عورت |
| ویرانہ | (ف۔ا۔مذ) اُجاڑاورغیرآبادجگہ |
| **ہ** | |
| ہادِی | (ع۔صف) ہدایت کرنے والا، رہنما |
| ہالک | ختم ہونیوالی، فناہونیوالی، ہلاک ہونیوالی |
| ہجر | (ع۔ا۔مذ) جُدائی، علیحدگی |
| ہُدا / ہُدیٰ | (ع۔ا۔مذ)ہدایت،رہنمائی، سیدھاراستہ |
| ہٰذا | (ع۔اسمِ اشارہ) یہ |
| ہرجا | ہرجگہ |
| ہرسُو | (ف۔تابع فعل) ہرطرف، ہرجانب |
| ہرگونہ | ہرطرف |
| ہرلحظہ | ہرلمحہ، ہرپل |
| ہزاران / ہزاراں | (ف۔صف) ہزارکی جمع، ہزاروں |
| ہست | (ف۔ا۔مث) ہے، زندگی، حیات، وجود، نیست کی ضد |
| ہستی | (ف۔ا۔مث) وجود، زندگی، حیات |
| ہشت | (ف۔صف) آٹھ (۸) |
| ہُشیار | (ف۔صف) ہوشیارکامخفف |
| ہَفت | (ف۔صف) سات (۷) |
| ہَفتہ | (ف۔ا۔مذ) سات دن کاعرصہ، سات دن، سنیچر، ساتواں دن |
| ہِلال | (ع۔ا۔مذ) پہلی رات کاچاند، ماہِ نو |
| ہِلالِ عید | عیدکانیاچاند، جشن |
| ہم | (ف۔حرفِ ربط) نیز، بھی |
| ہم جلی | ظاہربھی |
| ہم خفی | پوشیدہ بھی |
| ھُمام | مردِمیدان، دلیر، شجاع، بلندہمت |
| ہمّت | (ع۔ا۔مث) قوت، دلیری، شجاعت |
| ہمّتِ مردان | مردوں کی ہمّت، بہادروں کی ہمّت |
| ہمدم | (ف۔صف) ساتھی، دوست، یار |
| ہمراز | (ف۔صف) رازدان، بھیدی |
| ہمسایہ | (ف۔صف) پڑوسی |
| ہمسر | (ف۔صف) ہم رتبہ، برابرکا |
| ہم مرتبہ | ایک جیسے مرتبہ والا |
| ہمنام | (ف۔صف) ایک جیسے نام والا |
| ہم نشین | (ف۔صف) ہم صحبت، مصاحب |
| ہمنوا | (ف۔صف) ہم آواز، ہم آہنگ |
| ہمہ | (ف۔صف) سب، جُملہ، تمام |
| ہمہ رس | سب تک پہنچنے والی، تمام تک رساہونیوالی |
| ہمین / ہمیں | (ف۔تابع فعل) یہی، اسی |
| ہُنر | (ف۔ا۔مذ) فن، کام، سلیقہ، خوبی |
| ہُوبہُو | (ف۔صف) بالکل ٹھیک ٹھیک، بعینہ |
| ہوشیار | (ف۔صف) دانا، چالاک، بیدار |

| | |
|---|---|
| هُوَیدا | (ف۔صف) ظاہر، عیاں، واضح |
| ہیچ | (ف۔صف) کمتر، ناچیز، معدوم |
| ہیزمِ تر | گیلا ایندھن، گیلی لکڑی |
| ہَیُولیٰ / ہَیولا | (ع۔ا۔مذ) لطیف مادہ، ہر چیز کی اصل |

## ھ

| | |
|---|---|
| ھل اَتیٰ | آیۂ ھل اَتیٰ (۷۶:۱) |
| ھُو | (ع۔ا۔مذ) وہ (خدا) |
| ھُوَالآخر | (ع) وہ (خدا) سب سے آخر |
| ھُوَالاوّل | (ع) وہ (خدا) سب سے اوّل |
| ھُوَالباطن | (ع) وہ (خدا) سب سے پوشیدہ |
| ھُوَالظّاھر | (ع) وہ (خدا) سب کے سامنے |
| ھَیھَات | (ع) افسوس کا کلمہ، افسوس، ہائے ہائے |

## ی

| | |
|---|---|
| یاجُوج و ماجُوج | (ع۔ا۔مذ) دو مفسد قومیں جن کا ذکر قرآن اور انجیل میں آیا ہے |
| یاران / یاراں | (ف۔ا۔مذ) یار کی جمع، کئی دوست |
| یارِ جانی | (ف۔صف) دِلی دوست، جانی دوست |
| یارِ ہردم | ہر وقت کا ساتھی |
| یاسمَن / یاسمین | (ف۔ا۔مث) چنبیلی |
| یاقُوت | (ع۔ا۔مذ) لعل، ایک قیمتی سُرخ پتھر |
| یاھُو | (ار۔ا۔مذ) اے اللہ |
| یَتیم | (ع۔ا۔مذ) بن ماں باپ کا، بے نظیر موتی |
| یَدُاللہ | (ع۔ا۔مذ) خدا کا ہاتھ |
| یدِ بَیضا | (ع۔ا۔مذ) سفید ہاتھ، نورانی ہاتھ، حضرت موسیٰؑ کا معجزہ نما ہاتھ |
| یَزْدَان | (ف۔ا۔مذ) خدا تعالیٰ، نیکی اور خیر کا خالق |
| یَعْسُوب | (ع۔ا۔مذ) شہد کی مکھیوں کی ملکہ، پیشوا |
| یک | (ف۔صف) ایک، اکیلا، واحد |
| یکتا | (ف۔صف) منفرد، بے مثال، نرالا |
| یکتن | ایک بدن |
| یکجا | (ف۔صف) ایک جگہ، اکٹھا، ملے جلے |
| یکجان | (ف۔صف) ایک دل، خوب ملے ہوئے |
| یک حقیقت | ایک حقیقت |
| یکدانہ | (ف) اکیلا، یگانہ، بے مثال، بے نظیر |
| یکدلی | (ف۔ا۔مث) اتحاد، ہم آہنگی، موافقت |
| یکسان / یکساں | (ف۔صف) ایک جیسا، برابر، مانند |
| یَکسَر | (ف۔صف) تمام، کُل، فوراً، دفعتہً |
| یگانَہ | (ف۔صف) یکتا، بے نظیر، لاثانی |
| یَم | (ف۔ا۔مذ) سمندر، بڑا دریا |
| یَنبُوع | (ع۔ا۔مذ) چشمہ، ندی |
| یوسفِ کنعان | حضرت یوسفؑ جن کا تعلق شام کے ایک کنعان نامی علاقے سے تھا |
| یَوم | (ع۔ا۔مذ) دن، روز، تاریخ |
| یَومِ آخر | قیامت کا دن |
| یَومُ الحِساب | (ع۔ا۔مذ) قیامت کا دن |
| یومِ ولادت | جنم دن، پیدائش کا دن |
| یَومِیّہ | (ع۔ا۔مذ) روزانہ، روز کی مزدوری |

# فرہنگِ

# دیوانِ نصیری

# Glossary

*for*

# DIWAN-I NASIRI